
Monthly

# AZEEM ENGLISH MAGAZINE

Under the Supervision Of Azeem Educational Conference (Regd.)

AWARENESS-EDUCATION-CONFIDENCE




April, 2009

- ***Vocabulary/Words & Their Meanings***
- ***Hazrat Ali's Admonition to Son, Hassan***
- ***Clash Between Husband & Wife***
  *Causes & Remedies*

MONTHLY
# AZEEM ENGLISH MAGAZINE
Under The Supervision Of Azeem Educational Conference

**APRIL 2009**

## Editorial Board

**Chief Patrons**

**Dr. Khalid Mahmood Sheikh** (Director (R) A.K.U)

**Kanwar Tariq Mahmood** (NBF, Islamabad)

**Chief Organizers**

**Prof. Muhammad Azeem Farooqi** (PhD Scholar, Principal GIIT, Rawalpindi)

**Akhtar Hussain Chaudhry** (M.A. English, Dy. Manager TEVTA, Rawalpindi)

***Bureau Chief:*** Khalid Mahmood Ch. (PhD Scholar NUML, Islamabad)

***Chief Editor:***
Muhammad Nouman Zafar
(QAU, Islamabad)

***Sub Editor:***
Ghayoor Ahmad Ghazali
(M.A. ELT NUML, Islamabad)

***Editor Women Wing:***
Prof. Musarrat Azmat Farooqi
(M.A. Eng., Isl., Urdu, TEFL, Arabic)

***Sub Editor:***
Nabila Farooqi & Tasneem Arifa
(Fazal Dars-e-Nizami, Principal, Religious School)

***Art Editor:*** Muhammad Naeem Anwar Farooqi (Gujranwala)

***Marketing Manager/Treasurer:***
Muhammad Waheed Rashid
(Islamic Law Scholar IIUI, Islamabad)

***Sub Manager:***
Prof. Zaqa-ullah Farooqi
(M.A. English Literature)

***Chief Distributor:***
Peer Muhammad Sarfraz Farooqi

***Assistant:***
Hafiz Muhammad Umar Farooqi (GCU, Lahore)

***Legal Advisors:*** Anjum Iqbal Butt (Advocate), Hafiz Asif Raza Farooqi (Advocate, M.A. Pol. Sc., Isl., Mass Com.)

***Web Editor:*** Muhammad Saeed Babar (PhD Scholar Finance, MAJU)

## Advisory Council

***Chief Advisory Council***

Rashid Kalyami (Chairman Qasim School System, Rawalpindi)

Dr. Sultan Basheer Mahmood

Hafeez Ullah Khan (Controller Exams, AIOU, Islamabad)

Dr. Sultan Azam Khan Tamoori (Asst. I.G. Police (General), Motorway Police)

Major Hafiz Muhammad Naeem Farooqi (Pakistan Army)

Dr. Abdul Hameed Khan Abbasi (AIOU, Islamabad)

Prof. Muhammad Riaz Gohar (G. C., Gujranwala)

Muhammad Imran Khan (PhD Scholar, GCU, Lahore)

Hafiz Muhammad Imran Farooqi (PhD Scholar IT, NUST)

Muhammad Imran Younis Advocate (Gujranwala)

Irshad Qader Sheikh (Asst. Registrar, AIOU)

Abdul Basit Khan Abbasi (M.A. English Literature)

Tuba Azeem Farooqi (Student F.G.C.W, F-7/2, Islamabad)

Muhammad Azmat Ullah Bajwa (U.B.L.)

Hafiz Muhammad Moeen Faridi (M.A. English, Eco., Pol. Sc.)

Published by: **Azeem Publications** (regd.)

First Floor, Hussain Plaza, Peoples Colony, Gujranwala

0321-6441756

azeempublications@yahoo.com
azeemfarooqi786@yahoo.com

**Price:**
Monthly: Rs. 25/-
Annual: Rs. 300/-

# Contents


3 **Al-Quran**

4 **Al-Hadith**

5 *A True Recognizer*
**Ahwaal-ul-Muaarifeen**

7 **Let's Learn Computer**

8 *Short Notes to*
**Vocabulary / Words & Their Meanings**

مہمان بلائے جان 11

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امام حسن رضی اللہ عنہ کو وصیت 18

شوہر اور بیوی میں تصادم! 29

آدابِ زندگی 41

سورۃ البقرہ – رُکوع 2 46



**Main Office**

**Azeem Academy**
Gondlanwala Road, Gujranwala
Ph.: 055-4002398

**Sub Office**

**Azeem Academy**
H. No. 452, St. 89, G-11/3, Islamabad
Ph.: 051-4319952, 0345-5040713
0300-5197763

# Al-Quran

By: Prof. Muhammad Azeem Farooqi
English Translation: Khalid Mehmood Ch.

## Surah Al-Aaraf

The Word "Aaraf" means a high place. In the 5th and 6th ruku (part) of this Surah (chapter) some high rank people, a group of Prophets ﷺ, have been mentioned. Allah Almighty in the Holy Quran says:

وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا م بِسِيْمٰهُمْ.

*"Some people will be on a high place, who would be recognized through their signs."*

This Surah discusses the prophethood, hence the higher rank of certain Prophets have been mentioned here.

### Some Important Topics

***Address to Infidels***

This Surah addresses those infidels who are also mentioned in Surah Al-Anaam. The main focus of the Surah is to demolish infidelity.

***Non-Believer's Dealings with the Prophets***

All the Prophets invited their nations to accept Allah's Oneness and presented infallible reasons, of which, these non-discerning people ridiculed, even falsified it. The non-believers extended their utmost cruelty unto these Prophets ﷺ. This Surah mentions their oppressions referring the names of certain Prophets such as: Noah, Hood, Loat, Shoaib ﷺ. It also mentions the inhuman behaviour of their people to the Prophets. The Surah very clearly expresses that when man shows its animal nature, it down troddens the human values and respects. At this stage he cannot understand the reality, his senses and faculty leaves it behind the dust.

This Surah has 24 Ruku and 206 Verses.

It is a Makkan Surah.

*The Prophet ﷺ was all mercy and love for humankind. Once a person who had just embraced Islam related the story that he had a daughter whom he loved most. When still she was a child he took her to wilderness and when they came upon a dried up well pushed her into it. She cried: "O' my father!" The cry of the child still echoed back from the well. He asked the Prophet ﷺ whether he would be forgiven for the crime he had committed when he was not a believer. The Prophet ﷺ wept bitterly so much so that he drenched his beard. The companions of the Prophet ﷺ scolded and rebuked him and told him that he caused the Prophet ﷺ a lot of trouble by relating the story. But the Prophet ﷺ asked him to repeat by relating the same story, he again wept and again asked him to repeat.*

# Al-Hadith

By
Dr. Khalid Mahmood Sheikh

## Lust for Wealth and Power

عَنْ اَبِیْ مَالِکِ الاَنْصَارِیْ ﷺ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسَلا فِیْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرْفِ لِدِیْنِهٖ."

(اَبْوَابُ الزُّهْدِ بِجَامِعِ التِّرْمِذِیْ)

Ibn Malik al-Ansari ﷺ reported that Rasulullah ﷺ said: "Two hungry wolves when they attack a flock of sheep, are not so dangerous as the lust of a man for wealth and power (rank and status) are for his religion." *(Jam'e of Tirmidhi)*

***Keywords in Hadith***

- ذِئْبَانِ Two wolves
- جَائِعَانِ Two hungry
- غَنَمٍ Sheep and goats
- حِرْصِ Lust, greed
- اَلْمَالِ Wealth, Property
- اَلشَّرْفِ Power, rank, status, dignity, honour

***Explanation***

The Prophet ﷺ in this tradition mentions man's unbridled greed and lust for wealth and power. The man is so much obsessed with the idea and desire for collecting wealth and property and aspiring for dignity and honour in the community that he forgets and neglects all that pertains to a moral and spiritual life. He has developed so low a taste for material gains and worldy pursuits that he cannot spare time to attend to his religious obligations. All his efforts and energies are utilized and directed towards amassing wealth and property or gaining social status or rank in the society. He has entered the rat race which is most fatal to his moral and religious life. The Prophet ﷺ has depicted this by giving a beautiful similitude. He says if two hungry wolves are let loose on a flock of sheep or goats, they will not cause as much destruction to the sheep as lust of man for wealth and power does to his religion. It is peculiar with Prophet's ﷺ style that he explains abstract by giving concrete examples from daily life to make his audience understand the point.

## Believers & Disbelievers

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ." (اَبْوَابُ الزُّهْدِ بِجَامِعِ التِّرْمِذِیْ)

Abu Hurairah ﷺ reported that Rasulullah ﷺ said: "The world is a dungeon for a believer and paradise for a non-believer." *(Jam'e of Tirmidhi)*

***Keywords in Hadith***

- سِجْنُ Prison, dungeon, cell
- اَلْمُؤْمِنِ The believer
- جَنَّةُ Paradise, heaven
- اَلْكَافِرِ Non-believer, who rejects the Message

***Explanation***

According to Islam this world is a place of trial for us. We have been given a fixed period of life on this planet during which we are being judged by Allah ﷻ. We are accountable to Him for our good or bad deeds. In this tradition we are told that a believer lives a life of prisoner in the world in the sense that he has been ordained to do certain acts and prohibited to avoid and abstain from doing certain things. He has to abide by rules and injunctions prescribed for him by His Creator. He has to be careful about his performance on this earth. Because he is answerable to his Creator and the Lord for all his actions. Whereas an unbeliever enjoys absolute freedom and thinks he is answerable to none. He does not bother about what is haram and what is halal. A believer cannot enjoy absolute freedom. He is promised to have all that in life after death which he is not allowed to touch here in this world.

# Ahwaal-ul-Muaarifeen

English Translation

By Prof. Muhammad Azeem Farooqi

(Life Style of the Seers)

## A True Recognizer

اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا کَانَ اَوْ مَظْلُوْمًا قَالَ اَنْصُرُہٗ مَظْلُوْمًا فَکَیْفَ اَنْصُرُہٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُہٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذٰلِکَ نَصْرُکَ اِیَّاہُ.

(بخاری)

***Translation***

Help your brothers either he is oppressed or oppressor. It was said, how one can help an oppressor. The Holy Prophet ﷺ said, if you force him to stop oppression, it is your help unto him.

***Reference of Hadith***

This hadith was reported to Sheikh Qazi Abu Afzal Ali Alwasti by Qazi Abu Bakar Muhammad Abdul Baqi, who was reported by Abu Ishaq Ibrahim Bin Umer Bin Ahmed Barki. Then it was passed on by Abu Muhammad Bin Abdullah Bin Muhammad Bazaz. He says that Abu Muslim Ibrahim Bin Abdullah Bin Muslim Basri narrated this hadith to him, who was narrated this hadith by Abu Abdullah Al-Ansari and Hamid relates that Hazrat Anas ؓ finally reported this hadith.

***Features of a Recognizer***

A recognizer of Allah has four aspects: fear, hope, love and aspirations. All these four features characteristics have their distinct importance.

- If man doesn't have fear he would have moved around.
- If he had no hope, he would have trapped in greed.
- If he had no love, he would have in mundane pleasures.
- If he had no aspirations, he would have involves in rolling activities.

Allah Almighty has highlighted these qualities of a seer as:

تَرٰٓی اَعْیُنَھُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ. (المائدہ:83)

You see, recognizing Allah, their eyes are filled with tears.

Again He said:

لَّا تُلْھِیْھِمْ تِجَارَةٌ (النور:37)

Trade doesn't make them ignorant and careless.

***Status of a Recognizer***

The reason that a recognizer is given high reverence and, status it is only due to his sincerity towards Allah. All his deed are for Allah's will. He bears the hardship with tolerance. He keeps secrets safe and keeps the thought higher. He thinks into Allah's blessings and also into his Highness. He acts as Allah's servant and a freed person as well. During his days of sickness he lives in poverty and vice versa.

Similarly, his actions are reverse to the words. He observes a versatile personality. He assumes all the layers - as a present and famous and powerful but God-fearing at the sometime and weep before Allah for His guidance and help. Even during his miserable days, he does not complain to Allah but remains satisfied and tolerant. His respect and humiliation are reversed. He gets his status and respect as he is humble and bowed down before Allah Almighty.

***Presence / Disappearance***

Physically the recognizer is present with the common human beings but at heart he is link to Allah. He is never ignorant to Allah, Who is dominate in his life. He lives the life quite above from the worldly respect and humiliation.

As Abu Yazid says in his prayers:

كلما قلت قدد ناحل قيدى قيدونى فاوثقوا السمارا.

Whenever I assumed that my shackles are about to open, He made my shackles more strong.

And tears were flooded from his eyes on this. And a person who shows piety is not a pious, same are the case of aspirations, insanity, bravery and ignorance.

### *Lifting the Ignorance and Seeing the Reality*

When Allah Almighty blesses a person, He lifts all the layers of ignorance from his heart and reveals the miracles of Nature on him. When such a condition occurs either he becomes sane and become one with the creature through it, or he will be stunned. In the third situation would go behind this reality and exposed to Allah only.

### *The Recognizer as a Bride*

Allah Almighty hides the recognizer from the creature. He hides him from the people of earth through the veils of eternity and hides him from the hereafter through the veils of earth. The recognizers on this earth are like a bride, only they are in direct communion to Allah.

It is related that Allah sent His revelation to Hazrat Daud عليه السلام and said, O' Daud! Allah's Seers' live in such a veil that only the great recognizers can see them. It is a pleasure to Allah's recognized people.

It is said that only a little particle of the Holy Prophet's light is revealed, it can burn everything present from heaven to earth.

### *Higher Status of a Recognizer*

Someone asked Hazrat Rabia Basri رضی اللّٰہ عنہا what is the climax of a recognizer? She said, "To be consumed in Allah's love." He is a person who does not celebrates the material things blessed on him but he hails the ultimate reality, Who is the center of all this. His heart and mind is always connected to him. He does not follow his mind, remains strong footed through thick and thin. He is well know to the fact that Allah is the owner of everything. Allah is ultimate, as all the other things can have an alternate but He is One and Unique.

**لکل شئی عدمتعه خلف**
**وما لفقد الحبيب من خلف**

Anything which lost, I got an alternate, but never found alternate of a friend.

### *Signs of a Seer*

A seer is recognized when he separates his self-desires from those of spiritual desires. He separates the intentions of low and high.

### *Examples of Hazrat Jesus عليه السلام and Hazrat Yahya عليه السلام*

The man, who is blessed with humanity and truth, and he cares for it, he goes into its depth, the result is that he keeps himself busy in remembrance of Allah and is always thankful to him. The example of such a person is that inspite of having a tempting self, he never follows it. He does not indulge into the worldly desire.

Hazrat Abdullah Bin Abbas رضی اللہ عنہ says that Hazrat Jesus عليه السلام and Hazrat Yahya عليه السلام were going on a way, that Hazrat Yahya عليه السلام pushed away a woman. Hazrat Jesus عليه السلام said that you have committed a great fault for pushing down a woman. Hazrat Yahya عليه السلام said, "by God! I don't know what had happened."

Hazrat Jesus عليه السلام said that you, physically, were with me were was heart or soul.

He عليه السلام said, "O Jesus! If my heart stop only for a moment even to Jibrail عليه السلام or to anybody else, it means, I was not able to dutiful as a recognizer."

### *Significance of Five Lettered Word* (معرفه)

It is said if a person assimilates this five lettered word (معرفه), it means, he is able to find its core.

- Control over "self" - میم=مالکِ نفس
- Allah's true worship - عین=عبادت
- Only tend to Allah - ر=راغب الی اللہ
- Confidence in Allah - فا=فیصلہ بسپرد الی اللہ
- Leaving everything exceptAllah - ھا= ہرایک چھوڑ دینا فقط سوائے اللہ

### *Who is Recognizer?*

Those who control the "self" and recognize Allah's Highness are true seers. They are dutiful to Allah's will at higher level, always tend to Him, fully confident in Him, accept his supremacy, are the true seers (Aarif Billah).

# Let's Learn Computer

Prof. Muhammad Azeem Farooqi

**1. What is Computer?**

Computer is an electric device which receives, processes, provides and stores data.

**2. Describe salient features of computer.**

i. The speediest calculating device.
ii. Its results are 100% accurate and it's never exhausted / tired.
iii. Its diligence / intelligence is 100% reliable.
iv. It performs versatile jobs i.e. typing, budget, map design, accounting, graphics, agriculture, planes etc. actually it is Jack of Trades.
v. Its storage memory all is unlimited.
vi. Its patience is praise-worthy.
vii. Productivity is remarkable.
viii. It helps in decision - making due to data - processing.
ix. It has reduced cost / wages.
x. Cheap and portable device.
xi. Not intelligent like man.

**3. What are kinds of computer?**

There are four kinds of computer:

i. Super Frames Computer
ii. Main Frames Computer
iii. Mini Computer
iv. Micro Computer

**4. Describe main parts of computer.**

It has three main parts:

i. C.P.U. (Central Processing Unit) Brain of Computer
ii. Monitor
iii. Keyboard

**5. Describe Input / Output Devices.**

ž ***Input Devices:*** Keyboard, Mouse, Scanner, Joy Stick, Mice, Camera
ž ***Output Devices:*** Hard copy, Monitor, Printer, Plotter, Speakers

**6. Describe Function Unit**

Central Processing Unit:

a. Mother Board (Main Circuit)
b. Processor (Working Brain)
c. Memory (Permanent & Temporary) ROM, RAM, Floppy Disk, Hard Disk, Flash Drive, Compact Disk, Memory Card

**7. Describe Software.**

Set of instructions / programmes is called software which runs the computer. e.g.:

DOS, Windows, PowerPoint, Excel, In-Word, Coral Draw, In-Page, Data-base, Languages of Computer (C, C++, Java, Visual Basic etc.)

**8. What is Hardware?**

Physical components of computer are called Hardware. e.g. all input & output devices.

**9. What are major languages of computer?**

Java, C++, Visual Basic

**10. Describe types of data.**

There are three types of data, i.e.:

a. Numeric (0, 1, 2 … 9)
b. Alphabetic (a, b … z)
c. Alpha-Numeric (25, A, 91-Z Block)

**11. Describe uses & abuses of Internet.**

Internet is the easiest, cheapest and speediest source to receive, provide, execute / process and store data by computer. on the other hand, it has brought obnoxious menace & bad effects on minds and characters as well. It is a mix-blessing and necessary evil. It is two-sided weapon.

**12. What is definition of CALL?**

Computer Assisted Language Learning is an approach to language learning and teaching in which computer technology is used as an aid to the presentation, reinforcement and assessment.

**13. What are punctuations in computer?**

| | |
|---|---|
| Dot / Full Stop ( . ) | Space |
| Colon ( : ) | Semi Colon ( ; ) |
| Slash ( / ) | Back Slash ( \ ) |
| Cursor ( I ) | Arrow ( → ) |
| Dot Point ( . ) | Under Root |
| Comma ( , ) | Apostrophe ( ' ) |
| Question Mark ( ? ) | |
| Bracket (  ) | Parenthesis [ ] |
| Hyphen ( - ) | Dash ( _ ) |
| Enter | Exclamation Mark ( ! ) |

**14. Define MS Excel briefly.**

It is an office package. Accounting, scientific and many other functions are done by it. It is a program like DOS, Windows and so on. Here are three main fields / areas / units for function:

i. Work Book: An Excel document is called as.
ii. Spread Sheet: It is a work area.
iii. Cell: Each work sheet in Excel is made up of rows and columns. Cell is within column.

**15. Introduce to Keyboard briefly.**

Keyboard keeps 101 to 108 keys.

| | |
|---|---|
| 1. Function Keys | 2. Special Keys |
| 3. Type Keys | 4. Escape Key (Cancel) |
| 5. Print Key | 6. Toggle Key |
| 7. Scroll Lock | 8. Direction Keys |
| 9. Home | 10. End |

**16. Point out five generations of computer.**

First: 1945 - 55 Second: 1955 - 64
Third: 1964 - 75 Fourth: 1975 - Onward
Fifth: Future

## Terms & Terminologies

**1. *Conceptual Meanings***

To understand a word fully, a student must know not only what it refers to, but also where the boundaries are that separate it from words of related meaning.

***Example:*** Cup → glass, mug, bowl

**2. *Polysemy***

This term is used to describe a single word form with several different but closely related meanings.

***Example:*** Head→of a pin, an organization, a man

**3. *Homonymy***

When a single word form has several different meanings which are not closely related, we use the term homonymy.

***Example:***

i. file → to contain papers, to cut something

ii. a stand ticket (noun or verb)

**4. *Synonymy***

Groups of words share a general sense and so may be interchangeable in a limited number of contexts, but which on closer inspection reveal conceptual differences.

***Example:*** extend, increase, expand

**5. *Affective Meaning***

This term is used to cover the attitudinal and emotional factors which can be expressed in an item of vocabulary.

An apparent synonym may prove to have a similar or identical denotation but a different connotation.

***Example:***

a. Joanna is a single woman.

b. Joanna is a spinster.

Three main areas of connotation:

i. Positive or negative connotation e.g. 'complacent', 'dogmatic', 'naïve' (negative)
This is attitudinal force of a word.

ii. Items which vary in affective meaning depending upon the speaker's attitude or situation. (social groupings or political language)
***Example:*** liberal (context may be different)

iii. Socio-Cultural associations.
***Example:*** 'Friday the 13th'

**6. *Style***

Style may include level of formality (slang, colloquial, informal, neutral, formal, frozen) as well as styles such as humorous, ironic, poetic literary etc.

Conceptual meaning may be similar but style different (child, kid, brat, offspring, nipper).

**7. *Register***

Registers are varieties of language defined by their topic and context of use; the language of medicine, education, law etc. come into this category.

***Example:***
- Minor - Legal term
- Insolvent - Banking term
- Cardiac arrest - Medical term

**8. *Dialect***

Dialect is used to describe differences in geographical variations (e.g. American English, Scottish English etc.) as well as variation according to social class.

***Example:***
- Sidewalk (US) - Pavement (GB)
- Wee (Scottish Col) - Small (GB)
- G'day (Aus) - Hello (GB)

**9. *Sense Relations***

The meaning of a word can only be understood and learnt in terms of its relationships with other words in the language.

***Example:***
- Revolting →synonym → disgusting
- Sharp → antonym → blunt
- Hatchet, pickaxe, chopper are types of axe.

**10. *Hyponymy***

Hyponymy is expressed through sense relation for example 'fruit' is a super ordinate and 'orange', 'apple' and 'mango' are all hyponyms of 'fruit'.

**11. *Antonymy***

There are a variety of different forms of oppositeness which come under the term antonymy.

a. Complementarity (binary antonyms / taxonomy)

Truly represent oppositeness of meaning. They cannot be graded. They are said to be mutually exclusive. Male - Female

b. Converseness

With certain pairs of lexical items, there is another of 'oppositeness', called converseness.

***Example:***

1. a) Julia is Martin's wife.
   b) Martin is Julia's husband.
2. a) The Picture is above the fireplace.
   b) The fireplace is below the picture.
   (Relationship is reciprocal)
   c) Gradable antonyms (Polar opposites)
   - ⦿ Sue's house is big.
   - ⦿ Mary's house is small.

'Big' and 'small' are not opposites in the same way as 'male' and 'female' are.

'Sue' house is relatively big as compared to her old house.

Mary's house may be 'small' in the light of the same factors. (Relativity, Subjectivity)

d) Multiple Incompatibles (Multiple Taxonomy)

These are sets of miniature semantic systems. Some of these are closed system (i.e. having a strictly limited number) while others are open systems (i.e. covering a wider field).

***Example:*** Closed System → Spring, Summer, Autumn, Winter

***12. Translation Equivalents***

It is useful to find the relationship between a lexical item in English and the nearest mother tongue equivalent but it may not be exact every-time. The example of 'Cup' has already been given.

***13. Multi-Word Verbs***

a. A 'base' verb + preposition (look into)
b. A 'base' verb + adverbial particle (call off)
c. A 'base' verb + adverbial parcel + preposition (put up with)

***14. Idioms***

An idiom is a sequence of words which operates as a single semantic unit and the meaning of the whole cannot be deduced from an understanding of the parts.

- ◈ They are often syntactically restricted and sometimes grammatically restricted.
- ◈ Semantically Opaque

***15. Collocation***

When two items co-occur or are used together frequently, they are said to collocate. Items may co-occur because the combination reflects a common real world state of affairs.

- ⦿ 'lions roar' rather than 'below'.

***Types:***

a. Sub noun + verb e.g. The earth revolves around the sun.
b. Verb + obj. noun e.g. She bites her nails.
c. Adj. + noun e.g. a loud music, heavy traffic
d. Adv. + P.P. e.g. badly dressed, fully insured

***16. Componential Analysis***

Componential analysis is a system means of examining sense relations. If we take items from the same semantic field. We can, by breaking them down into their constituent parts, examine the similarities and differences between them. e.g.:

- ⦿ Boy = human + male + child
- ⦿ Girl = human - male + child

The grid aims to bring into focus the features which distinguish one item from another, and shows in detail how items are not truly synonymous.

***17. Word Building***

i. Affixation
   Man → manly → unmanly → unmanliness
ii. Compounding is the formation of words from two or more separate words which can independently otherwise.

a. Adj. compounds - short lived, hard-working
b. Verb compounds - to baby-sit, to sightsee
c. Base noun + noun - coffee jar, table tennis
d. Possessive noun + noun - my girlfriend's brother
e. Prepositional structures - a look of fear

iii. Conversion is also known as zero affixation,

is the process by which an item may be used in different parts of speech, yet does not change its form. e.g.

- We've just had a lovely swim. (noun)
- I can't swim very well. (verb)

**18. *Main Sources of Vocabulary***

a. Through the course-book
b. Through supplementary materials
c. Through the students
d. Through specific vocabulary activities

**19. *Student responsibility and Teacher Responsibility***

i. Items that are essential to understanding of one field of interest may be quite irrelevant for another field.
ii. This situation should be accepted.
iii. Needs should be defined and relevant vocabulary should be provided.
iv. Students should be given more autonomy in lexical decision making.
v. Use of dictionary.
vi. A list of lexical items may be given to students and their importance will be discussed.

**20. *Criteria for Selection***

i. Selected lexical items should be useful.
ii. Determine what 'useful' is.

***Criteria***

a. Frequency
b. Cultural Factors
c. Need and Level
d. Expediency

**21. *Receptive vs. Productive Vocabulary***

- Receptive Vocabulary → in reading and listening
- Productive Vocabulary → in speaking and writing

**22. *External Factors to be Concerned***

a. Similarity of target item with mother language equivalent.
b. How easy is it to illustrate the meaning?
c. What is the student's learning environment?
d. What language aptitude do the learners have?
e. What else dictates the syllabus, apart from the teacher?

**23. *Factors within the Teacher's Control***

a. What else do you intend to cover within the timetable?
b. How much exposure will you give to the item?

**24. *Grouping of Items of Vocabulary***

i. items related by topic
ii. as an activity or process
iii. items which are similar in meaning
iv. items which form pairs
v. items having degrees
vi. items within 'word families'
vii. items grouped by grammatical or notional similarity
viii. items which connect discourse
ix. items forming a set of idioms / multi-word verbs
x. items grouped by spelling / phonological difficulty
xi. items grouped by style
xii. items having more than one meaning

**25. *Techniques for Beginner Classes***

i. By conversation / dialogues
ii. Imperative style
iii. Audio-Visual way
iv. Questionnaire style
v. Mentioning to dress, parts of body etc.
vi. Using real objects for vocabulary teaching
vii. Situational style "Life on Planets"
viii. Through Pictures / charts / drawings / cartoons / discussion / homework drawing
ix. value of picture / no cost, easily available, no space required, interest for students

**26. *Uses of Visual Aids***

Use the table. Put off shoes. Put on shoes?

**27. *Teaching Verbs***

i. Practical style: Walk, Write, Dance
ii. "Ing" for progress verbs
iii. Imperative way: Raise your hands. Sit down.

**28. *Visual Aids for Teaching Adverbs***

i. A boy walks slow/fast.
ii. He writes bad / good.
iii. Slowly, quickly, seldom, often
iv. Students as Helper

(افسانہ)

# مہمان بلائے جان

سیّدہ فوزیہ طاہرہ
(ریڈیو پاکستان، اسلام آباد)

بچپن سے سنتے آئے ہیں کہ مہمان خدا کی رحمت ہوتا ہے، جس گھر میں مہمان چلا جائے وہاں رحمت کے فرشتے نازل ہوتے رہتے ہیں۔ پھر رفتہ رفتہ پتہ چلا کہ صرف وہی مہمان باعثِ رحمت ہوتے ہیں جو صرف ایک دن کے لئے آتے ہیں، یا زیادہ سے زیادہ دو دن قیام کرنے والے مہمان...... تیسرا دن آتے ہی وہ بیچارہ رحمت کی بجائے زحمت بن جاتا ہے۔ تو یوں ہم مہمان بلائے جان کی اصطلاح سے مانوس ہوئے۔ وہ زمانے لد گئے جب مہمان کی خوب آؤ بھگت کی جاتی تھی، نگاہیں فرشِ راہ کی جاتی تھیں، ہفتوں ہفتوں بلکہ مہینوں گھر میں ٹھہرایا جاتا تھا، لیکن اب...... اب تو آپ کسی کے ہاں مہمان بننا چاہتے ہیں تو پہلے میزبان کو فون کیجئے، اپنے آنے کا معقول اور مدلّل سا مقصد بیان کیجئے اور پھر زیادہ سے زیادہ ایک دو گھنٹے کی ملاقات کی اجازت طلب کیجئے۔ اگر آپ بغیر اطلاع کے کسی کے ہاں وارد ہو ہی گئے تو بار بار آپ کو اِس بات کا احساس دلایا جاتا رہے گا کہ ''اطلاع دے کر آتے تو اچھا ہوتا!'' حالانکہ خاطر داری تبھی اس قدر ہونی تھی۔ اس سارے معاملے میں مَیں میزبان کو موردِ الزام نہیں ٹھہراتی۔ ظاہر ہے مہنگائی کا دَور ہے اور ہر شخص اپنی سفید پوشی کا بھرم رکھنا چاہتا ہے۔ دراصل ساری خرابی یہاں سے شروع ہوتی ہے کہ ہم نے سادہ طرزِ زندگی کو ترک کر دیا ہے۔ نمائشی زندگی ہماری مجبوری بنتی جا رہی ہے۔ مہمان کی خاطر تواضع انواع و اقسام کے کھانوں سے نہ کی جائے تو رُعب نہیں جمتا۔

بس شاید یہی فرق ہے اب اور تب کی مہمانداری اور میزبانی میں۔ میری بات پر یقین نہ آئے تو اپنے بزرگوں سے تصدیق کر لیجئے۔ کہ اگلے وقتوں میں جب کوئی بھی کسی کے ہاں مہمان بن کے جاتا تھا تو اپنے ساتھ تھوڑی بہت مٹھائی، پھل یا اسی قسم کی کوئی علاقائی سوغات میزبان کے لئے ضرور لے کر جاتا تھا، جو اُس کی محبت کا کھلا اظہار تھا۔ اسی طرح میزبان بھی انواع و اقسام کے کھانوں کی تیاری میں نہیں لگ جاتا تھا، بلکہ گھر میں جو دال ساگ تیار ہوتا تھا، مہمان کی آؤ بھگت کر دیا کرتا۔ گویا کہ سیدھے سادھے انداز میں دونوں کا رانجھا راضی ہو جاتا...... اس بات کا احساس مجھے اپنے گاؤں کے ایک بزرگ عبدالغنی کے رویئے سے ہوا، جو فقط ایک مزارع تھا۔ کم آمدنی کے باوجود بھی بڑا قانع تھا۔ لیکن دل کا واقعی غنی تھا۔ وہ آج بھی جب ہمارے ہاں شہر آتا ہے تو ہم سب بہن بھائیوں کے لئے تھوڑی سی برفی یا موٹے بیر، تھوڑے سے گنے یا پھر گڑ کی دو چار ڈلیاں ضرور لے کر آتا ہے۔ ہمارے منع کرنے کے باوجود بھی وہ کبھی خالی ہاتھ نہیں آتا۔ ہم بھی اس کا ہمیشہ شدت سے انتظار کرتے ہیں۔ اس کی یہ بات ہم سب کو بہت اچھی لگتی ہے۔ عبدالغنی ایک جہاندیدہ انسان ہے۔ اکثر کہا کرتا ہے کہ آجکل لوگ ایک دوسرے کے ہاں محبتیں بانٹنے کب آتے/ جاتے ہیں، بلکہ ''ڈنگ ٹپانے'' کے لئے جاتے ہیں۔ اپنا ایک دن کا خرچہ بچانا چاہتے ہیں۔ جس قدر پٹرول خرچ کر کے جاتے ہیں، اُسی قدر میزبان کا خرچہ کروا کر ہی دَم لیتے ہیں۔ میں خاموشی سے عبدالغنی کی باتیں سنتی رہتی ہوں۔ ان میں ذرّہ برابر بھی جھوٹ نہیں۔ ڈنگ ٹپاؤ قسم کے مہمان اس احساس سے عاری ہوتے ہیں کہ میزبان بھی مہنگائی کا ستایا ہوا ہے، لہٰذا وہ اس مشترکہ اور اجتماعی دکھ کو کم کرنے کی بجائے اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ عبدالغنی سچ کہتا ہے کہ ہم نے ایک دوسرے کے دکھ کو محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ نفسا نفسی کا شکار ہیں۔ دوسروں کی جیب پر نگاہ جمائے رہتے ہیں۔ وہ اس بات پر مُصِر ہے کہ میزبان اور مہمان کے درمیان آج بھی تناؤ ختم ہو سکتا ہے۔ اگر آپ جب کسی کے ہاں مہمان کی حیثیت سے جائیں تو کچھ پھل یا مٹھائی ساتھ ضرور لے کر جائیں۔ چلئے، یہ سب چیزیں مہنگی ہیں تو گھر میں ایک سادہ سی ڈش تیار کیجئے اور اپنے ساتھ میزبان کے ہاں لے جایئے اور مل بیٹھ کر کھایئے۔ یا پھر تھوڑے سے بسکٹ ہی لے جایئے۔ شام کی چائے کے ساتھ آپ کے بسکٹ خوب مزا دیں گے۔ یہ بھی نہیں!...... تو میزبان کے بچوں کے لئے چند روپوں کی ٹافیاں خرید لیجئے۔

(بقیہ صفحہ 42 پر)

ہی نہ کرتا ہو، اس کے خواہ مخواہ پیچھے نہ پڑو۔ تمہارا دوست قطع تعلق کرے تو تم رشتۂ محبت جوڑنے میں اس پر بازی لے جاؤ، اور وہ برائی سے پیش آئے تو تم حسنِ سلوک میں اس سے بڑھ جاؤ۔ ظالم کا ظلم تم پر گراں نہ گزرے، کیونکہ وہ اپنے نقصان اور تمہارے فائدہ کے لئے سرگرمِ عمل ہے اور جو تمہاری خوشی کا باعث ہو، اُس کا صلہ یہ نہیں کہ اس سے برائی کرو۔

اے فرزند! یقین رکھو کہ رزق دو طرح کا ہوتا ہے؛ ایک وہ جس کی تم جستجو کرتے ہو، اور ایک وہ جو تمہاری جستجو میں لگا ہوا ہے۔ اگر تم اس کی طرف نہ جاؤ گے تو بھی وہ تم تک آ کر رہے گا۔ ضرورت پڑنے پر گڑگڑانا اور مطلب نکل جانے پر کج خلقی سے پیش آنا کتنی بری عادت ہے۔ دنیا سے بس اتنا ہی اپنا سمجھو جس سے اپنی عقبیٰ کی منزل سنوار سکو۔ اگر تم ہر اس چیز پر جو تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے، واویلا مچاتے ہو تو پھر ہر اس چیز پر رنج و افسوس کرو کہ جو تمہیں نہیں ملی۔ موجودہ حالات سے بعد کے آنے والے حالات کا قیاس کرو۔ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ کہ جن پر نصیحت اس وقت تک کارگر نہیں ہوتی جب تک انہیں پوری طرح تکلیف نہ پہنچائی جائے، کیونکہ عقلمند باتوں سے مان جاتے ہیں اور حیوان لاتوں کے بغیر نہیں مانا کرتے۔ ٹوٹ پڑنے والے غم واندوہ کو صبر کی پختگی اور حسن یقین سے دور کرو۔ جو درمیانی راستہ چھوڑ دیتا ہے وہ بے راہ ہو جاتا ہے۔ دوست بمنزلۂ عزیز کے ہوتا ہے۔ سچا دوست وہ ہے جو پیٹھ پیچھے بھی دوستی کو نباہے۔ ہوا و ہوس سے زحمت میں پڑنا لازمی ہے۔ بہت سے قریبی بیگانوں سے بھی زیادہ بے تعلق ہوتے ہیں اور بہت سے بیگانے قریبیوں سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں۔ پردیسی وہ ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو۔ جو حق سے تجاوز کر جاتا ہے اس کا راستہ تنگ ہو جاتا ہے۔ جو اپنی حیثیت سے آگے نہیں بڑھتا، اس کی منزلت برقرار رہتی ہے۔ تمہارے ہاتھوں میں سب سے زیادہ مضبوط وسیلہ وہ ہے جو تمہارے اور اللہ کے درمیان ہے۔ جو تمہاری پروا نہیں کرتا وہ تمہارا دشمن ہے۔ جب حرص و طمع تباہی کا سبب ہو تو مایوسی ہی میں کامرانی ہے۔ ہر عیب ظاہر نہیں ہوا کرتا۔ فرصت کا موقع بار بار نہیں ملا کرتا۔ کبھی آنکھوں والا صحیح راہ کھو دیتا ہے اور اندھا صحیح راستہ پا لیتا ہے۔ برائی کو پسِ پشت ڈالتے رہو، کیونکہ جب چاہو گے اس کی طرف بڑھ سکتے ہو۔ جاہل سے علاقہ توڑنا، عقلمند سے رشتہ جوڑنے کے برابر ہے۔ جو دنیا پر اعتماد کر کے مطمئن ہو جاتا ہے، دنیا اُسے دغا دے جاتی ہے۔ اور جو اِسے عظمت کی نگاہوں سے دیکھتا ہے، وہ اسے پست و ذلیل کرتی ہے۔ ہر تیر انداز کا نشانہ ٹھیک نہیں بیٹھا کرتا۔ جب حکومت بدلتی ہے تو زمانہ بدل جاتا ہے۔ راستے سے پہلے شریک سفر اور گھر سے پہلے ہمسایہ کے متعلق پوچھ گچھ کر لو۔ خبردار! اپنی گفتگو میں ہنسانے والی باتیں نہ لاؤ، اگرچہ وہ نقل قول کی حیثیت سے ہوں۔ عورتوں سے ہرگز مشورہ نہ لو، کیونکہ ان کی رائے کمزور اور ارادہ سست ہوتا ہے۔ انہیں پردہ میں بٹھا کر اُن کی آنکھوں کو تاک جھانک سے روکو، کیونکہ پردہ کی سختی ان کی عزت و آبرو کو برقرار رکھنے والی ہے۔ ان کا گھروں سے نکلنا اس سے زیادہ خطرناک نہیں ہوتا جتنا کسی ناقابلِ اعتماد کو گھر میں آنے دینا۔ اور اگر بن پڑے تو ایسا کرو کہ تمہارے علاوہ کسی اور کو وہ پہچانتی ہی نہ ہوں۔ عورت کو اس کے ذاتی امور کے علاوہ دوسرے اختیارات نہ سونپو، کیونکہ عورت ایک پھول ہے۔ وہ کارفرما اور حکمران نہیں ہے۔ اس کا پاس و لحاظ اس کی ذات سے آگے نہ بڑھاؤ اور یہ حوصلہ پیدا نہ ہونے دو کہ وہ دوسروں کی سفارش کرنے لگے۔ بے محل شبہ و بدگمانی کا اظہار نہ کرو کہ اس سے نیک چلن اور پاکباز عورت بھی بے راہی و بدکرداری کی راہ دیکھ لیتی ہے۔ اپنے خدمت گزاروں میں ہر شخص کے لئے ایک کام معیّن کر دو، جس کی جواب دہی اس سے کر سکو۔ اس طریقِ کار سے وہ تمہارے کاموں کو ایک دوسرے پر نہیں ٹالیں گے۔ اپنے قوم قبیلے کا احترام کرو، کیونکہ وہ تمہارے ایسے پَر و بال ہیں کہ جن سے تم پرواز کرتے ہو اور ایسی بنیادیں ہیں جن کا تم سہارا لیتے ہو اور تمہارے وہ دست و بازو ہیں جن سے حملہ کرتے ہو۔

تک تمہیں پہنچا دے، کیونکہ اپنے نفس کی عزت جو کھو دو گے، اس کا بدل کوئی حاصل نہ کر سکو گے۔ دوسروں کے غلام نہ بن جاؤ، جبکہ اللہ نے تمہیں آزاد بنایا ہے۔ اس بھلائی میں کوئی بہتری نہیں جو بُرائی کے ذریعہ حاصل ہو اور اس آرام و آسائش میں کوئی بہتری نہیں جس کے لئے (ذلت کی) دشواریاں جھیلنا پڑیں۔

خبردار! تمہیں طمع و حرص کی تیز رو سواریاں ہلاکت کے گھاٹ پر نہ لا اتاریں۔ اگر ہو سکے تو یہ کرو کہ اپنے اور اللہ کے درمیان کسی ولی نعمت کو واسطہ نہ بننے دو کیونکہ تم اپنا حصہ اور اپنی قسمت کو پا کر رہو گے۔ وہ تھوڑا جو اللہ سے بے منت خلق ملے اُس بہت سے کہیں بہتر ہے جو مخلوق کے ہاتھوں سے ملے، اگرچہ حقیقتاً جو ملتا ہے اللہ ہی کی طرف سے ملتا ہے۔ بے محل خاموش کا تدارک بے موقع گفتگو سے آسان ہے۔ برتن میں جو ہے اس کی حفاظت یونہی ہوگی کہ منہ بند رکھو اور جو کچھ تمہارے ہاتھ میں ہے اس کو محفوظ رکھنا دوسروں کے آگے دستِ طلب بڑھانے سے مجھے زیادہ پسند ہے۔ یاس کی تلخی سہہ لینا لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بہتر ہے۔ پاک دامانی کے ساتھ محنت مزدوری کر لینا فسق و فجور میں گھِری ہوئی دولت مندی سے بہتر ہے۔ انسان خود ہی اپنے راز کو خوب چھپا سکتا ہے۔ بہت سے لوگ ایسی چیز کے لئے کوشاں ہوتے ہیں جو ان کے لئے ضرر رساں ثابت ہوتی ہے۔ جو زیادہ بولتا ہے وہ بے معنی باتیں کرنے لگتا ہے۔ سوچ بچار سے قدم اٹھانے والا (صحیح راستہ) دیکھ لیتا ہے، نیکوں سے میل جول رکھو گے تو تم بھی نیک ہو جاؤ گے، بُروں سے بچے رہو گے تو ان (کے اثرات) سے محفوظ رہو گے۔ بدترین کھانا وہ ہے جو حرام ہو۔ اور بدترین ظلم وہ ہے جو کسی کمزور و ناتواں پر کیا جائے۔ جہاں نرمی سے کام لینا نامناسب ہو، وہاں سخت گیری ہی نرمی ہے۔ کبھی کبھی دوا بیماری اور بیماری دوا بن جایا کرتی ہے۔ کبھی بدخواہ بھلائی کی راہ سوجھا دیا کرتا ہے اور دوست فریب دے جاتا ہے۔ خبردار! امیدوں کے سہارے پر نہ بیٹھنا، کیونکہ امیدیں احمقوں کا سرمایہ ہوتی ہیں۔ تجربہ وہ ہے جو پند و نصیحت دے۔ فرصت کا موقع غنیمت جانو، قبل اس کے وہ رنج و اندوہ کا سبب بن جائے۔ ہر طلب و سعی کرنے والا مقصد کو پا نہیں لیا کرتا اور ہر جانے والا پلٹ کر نہیں آیا کرتا۔ توشہ کا کھو دینا اور عاقبت کا بگاڑ لینا بربادی و تباہ کاری ہے۔ ہر چیز کا ایک نتیجہ (ثمرہ) ہوا کرتا ہے۔ جو تمہارے مقدر میں ہے وہ تم تک پہنچ کر رہے گا۔ تاجر اپنے کو خطروں میں ڈالا ہی کرتا ہے۔ کبھی تھوڑا مال مالِ فراواں سے زیادہ بابرکت ثابت ہوتا ہے۔ پست طینت مددگار میں کوئی بھلائی نہیں اور نہ بدگمان دوست میں۔ جب تک زمانہ کی سواری تمہارے قابو میں ہے اس سے نباہ کرتے رہو۔ زیادہ کی امید میں اپنے کو خطروں میں نہ ڈالو۔ خبردار! کہیں دشمنی و عناد کی سواریاں تم سے منہ زوری نہ کرنے لگیں۔ اپنے کو اپنے بھائی کے لئے اس پر آمادہ کرو کہ جب وہ دوستی توڑے تو تم اسے جوڑو، وہ منہ پھیرے تو تم آگے بڑھو اور لطف و مہربانی سے پیش آؤ۔ وہ تمہارے لئے کنجوسی کرے تم اس پر خرچ کرو، وہ دوری اختیار کرے تو تم اس کے نزدیک ہونے کی کوشش کرو، وہ سختی کرتا رہے اور تم نرمی کرو، وہ خطا کا مرتکب ہو اور تم اس کے لئے عذر تلاش کرو، یہاں تک کہ گویا تم اس کے غلام اور وہ تمہارا آقائے نعمت ہے۔

مگر خبردار! یہ برتاؤ بے محل نہ ہو اور نا اہل سے یہ رویہ نہ اختیار کرو۔ اپنے دوست کے دشمن کو دوست نہ بناؤ، ورنہ اس دوست کے دشمن قرار پاؤ گے۔ دوست کو کھری کھری نصیحت کی باتیں سناؤ، خواہ اُسے اچھی لگیں یا بُری۔ غصہ کے کڑوے گھونٹ پی جاؤ، کیونکہ میں نے نتیجہ کے لحاظ سے اس سے زیادہ خوش مزہ و شیریں گھونٹ نہیں پائے۔ جو شخص تم سے سختی کے ساتھ پیش آئے اُس سے نرمی کا برتاؤ کرو، کیونکہ اس رویہ سے وہ خود ہی نرم پڑ جائے گا۔ دشمن پر لطف و کرم کے ذریعے سے راہ چارہ و تدبیر مسدود کر دو۔ کیونکہ دو قسم کی کامیابیوں میں یہ زیادہ مزے کی کامیابی ہے۔ اپنے کسی دوست سے تعلقات قطع کرنا چاہو تو اپنے دل میں اتنی جگہ رہنے دو کہ اگر اس کا رویہ بدلے تو اُس کے لئے گنجائش ہو۔ جو تم سے حُسنِ ظن رکھے، اس کے حُسنِ ظن کو سچا ثابت کرو۔ باہمی روابط کی بناء پر اپنے کسی بھائی کی حق تلفی نہ کرو، کیونکہ پھر وہ بھائی کہاں رہا جس کا حق تم تلف کرو۔ یہ نہ ہونا چاہئے کہ تمہارے گھر والے تمہارے ہاتھوں دنیا جہاں میں سب سے زیادہ بدبخت ہو جائیں۔ جو تم سے تعلقات قائم رکھنا پسند

کاموں میں مدد مانگتے ہو اور اس کی رحمت کے خزانوں سے وہ چیزیں طلب کرتے ہو جن کے دینے پر اور کوئی قدرت نہیں رکھتا؛ جیسے عمروں میں درازی، جسمانی صحت و توانائی اور رزق میں وسعت۔ اور اس پر اس نے تمہارے ہاتھ میں اپنے خزانوں کے کھولنے والی کنجیاں دے دی ہیں اس طرح کہ تمہیں اپنی بارگاہ میں سوال کرنے کا طریقہ بتایا۔ اس طرح جب تم چاہو دعا کے ذریعہ اس کی نعمت کے دروازوں کو کھلوا لو، اس کی رحمت کے جھالوں کو برسالو۔ ہاں بعض اوقات قبولیت میں دیر ہو تو اس سے ناامید نہ ہو۔ اس لئے کہ عطیہ نیت کے مطابق ہوتا ہے اور اکثر قبولیت میں اس لئے دیر کی جاتی ہے کہ سائل کے اجر میں اور اضافہ ہو اور امیدوار کو عطیے اور زیادہ ملیں اور کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ تم ایک چیز مانگتے ہو اور وہ حاصل نہیں ہوتی، مگر دنیا یا آخرت میں اس سے بہتر چیز تمہیں مل جاتی ہے یا تمہارے کسی بہتر مفاد کے پیشِ نظر تمہیں اس سے محروم کر دیا جاتا ہے، اس لئے کہ تم کبھی ایسی چیزیں بھی طلب کر لیتے ہو کہ اگر تمہیں دے دی جائیں تو تمہارا دین تباہ ہو جائے، لہٰذا تمہیں بس وہ چیز طلب کرنا چاہیئے جس کا جمال پائیدار ہو اور جس کا وبال تمہارے سر نہ پڑنے والا ہو۔ رہا دنیا کا مال، تو نہ یہ تمہارے لئے رہے گا اور نہ تم اس کے لئے رہو گے۔

یاد رکھو! تم آخرت کے لئے پیدا ہوئے ہو نہ کہ دنیا کے لئے، فنا کے لئے خلق ہوئے ہو، نہ بقا کے لئے، موت کے لئے بنے ہو، نہ حیات کے لئے۔ تم ایک ایسی منزل میں ہو جس کا کوئی حصہ ٹھیک نہیں اور ایک ایسے گھر میں ہو جو آخرت کا ساز و سامان مہیا کرنے کے لئے ہے۔ اور صرف منزل آخرت کی گزرگاہ ہے۔ تم وہ ہو جس کا موت پیچھا کئے ہوئے ہے، جس سے بھاگنے والا چھٹکارا نہیں پاتا۔ کتنا ہی کوئی چاہے اس کے ہاتھ سے نہیں نکل سکتا اور وہ بہرحال اسے پا لیتی ہے۔ لہٰذا ڈرو اس سے کہ موت تمہیں ایسے گناہوں کے عالم میں آ جائے جن سے توبہ کے خیالات تم دل میں لاتے تھے۔ مگر وہ تمہارے اور توبہ کے درمیان حائل ہو جائے۔ ایسا ہوا تو سمجھ لو کہ تم نے اپنے نفس کو ہلاک کر ڈالا۔

اے فرزند! موت کو اور اس منزل کو جس پر تمہیں اچانک وارد ہونا ہے اور جہاں موت کے بعد پہنچنا ہے، ہر وقت یاد رکھنا چاہیئے تاکہ جب وہ آئے تو تم اپنا حفاظتی سر و سامان مکمل اور اس کے لئے اپنی قوت مضبوط کر چکے ہو، اور وہ اچانک تم پر نہ ٹوٹ پڑے کہ تمہیں بے دست و پا کر دے۔ خبردار! دنیاداروں کی دنیا پرستی اور ان کی حرص و طمع جو تمہیں دکھائی دیتی ہے، وہ تمہیں فریب نہ دے۔ اس لئے کہ اللہ نے اس کا وصف خوب بیان کر دیا ہے اور اپنی برائیوں کو بے نقاب کر دیا ہے۔ اس (دنیا) کے گرویدہ بھونکنے والے کتے اور پھاڑ کھانے والے درندے ہیں جو آپس میں ایک دوسرے پر غراتے ہیں، طاقتور کمزور کو نگلے لیتا ہے اور بڑا چھوٹے کو کچل رہا ہے۔ ان میں کچھ چوپائے بندھے ہوئے اور کچھ چھٹے ہیں، جنہوں نے اپنی عقلیں کھو دی ہیں اور انجانے راستے پر سوار ہو لئے ہیں۔ یہ دشوار گزار وادیوں میں آفتوں کی چراگاہ میں چھٹے ہوئے ہیں۔ نہ ان کا کوئی گلّہ بان ہے جو ان کی رکھوالی کرے، نہ کوئی چرواہا ہے جو انہیں چرائے۔ دنیا نے ان کو گمراہی کے راستے پر لگایا ہے اور ہدایت کے مینار سے ان کی آنکھیں بند کر دی ہیں۔ یہ اس کی گمراہیوں میں سرگرداں اور اس کی نعمتوں میں غلطاں ہیں اور اُسے ہی اپنا معبود بنا رکھا ہے۔ دنیا ان سے کھیل رہی ہے اور یہ دنیا سے کھیل رہے ہیں اور اس کے آگے کی منزل کو بھولے ہوئے ہیں۔

ٹھہرو! اندھیرا چھٹنے دو۔ گویا (میدانِ حشر میں) سواریاں اُتر ہی پڑی ہیں۔ تیز قدم چلنے والوں کے لئے وہ وقت دور نہیں کہ اپنے قافلے سے مل جائیں اور معلوم ہونا چاہیئے کہ جو شخص لیل و نہار کے مرکب پر سوار ہے وہ اگرچہ ایک جگہ پر قیام کئے ہوئے ہے مگر مسافت طے کئے جا رہا ہے اور یہ یقین کے ساتھ جانے رہو کہ تم اپنی آرزوؤں کو پورا کبھی نہیں کر سکتے، اور جتنی زندگی لے کر آئے ہو اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے اور تم بھی اپنے پہلے والوں کی راہ پر ہو، لہٰذا طلب میں نرم رفتاری اور کسبِ معاش میں میانہ روی سے کام لو کیونکہ اکثر طلب کا نتیجہ مال کا گنوانا ہوتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ رزق کی تلاش میں لگا رہنے والا کامیاب ہی ہو، اور کدوکاوش میں اعتدال سے کام لینے والا محروم ہی رہے۔ ہر ذلت سے اپنے نفس کو بلند تر سمجھو، اگرچہ وہ تمہاری من مانی چیزوں

معلوم نہیں ہوتا۔ انہیں اب سب سے زیادہ وہ چیز مرغوب ہے جو انہیں منزل کے قریب اور مقصد سے نزدیک کر دے۔ اور اس کے برخلاف ان لوگوں کی مثال جنہوں نے دنیا سے فریب کھایا، ان لوگوں کی سی ہے کہ جو ایک شاداب سبزہ زار میں ہوں اور وہاں سے وہ دل برداشتہ ہو جائیں اور اُس جگہ کا رُخ کر لیں جو خشک سالیوں سے تباہ ہو۔ ان کے نزدیک سخت ترین حادثہ یہ ہوگا کہ وہ موجودہ حالت کو چھوڑ کر اُدھر جائیں کہ جہاں انہیں اچانک پہنچنا ہے اور بہرصورت وہاں جانا ہے۔

اے فرزند! اپنے اور دوسرے کے درمیان ہر معاملہ میں اپنی ذات کو میزان قرار دو، جو اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی دوسروں کے لئے پسند کرو، اور جو اپنے لئے نہیں چاہتے اُسے دوسروں کے لئے بھی نہ چاہو۔ جس طرح یہ چاہتے ہو کہ تم پر زیادتی نہ ہو، یونہی دوسروں پر بھی زیادتی نہ کرو۔ اور جس طرح یہ چاہتے ہو کہ تمہارے ساتھ حسنِ سلوک ہو، یونہی دوسروں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک سے پیش آؤ۔ دوسروں کی جس چیز کو بُرا سمجھتے ہو، اُسے اپنے میں بھی ہو تو بُرا سمجھو۔ اور لوگوں کے ساتھ جو تمہارا رویہ ہو، اُسی رویہ کو اپنے لئے بھی درست سمجھو۔ جو بات نہیں جانتے اس کے بارے میں زبان نہ ہلاؤ، اگرچہ تمہاری معلومات کم ہوں۔ دوسروں کے لئے وہ بات نہ کہو جو اپنے لئے سننا گوارا نہیں کرتے۔ یاد رکھو کہ خود پسندی صحیح طریقۂ کار کے خلاف اور عقل کی تباہی کا سبب ہے۔ روزی کمانے میں دوڑ دھوپ کرو اور دوسروں کے خزانچی نہ بنو۔ اور اگر سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق تمہارے شاملِ حال ہو جائے تو انتہائی درجہ تک بس اپنے پروردگار کے سامنے تذلل اختیار کرو۔ دیکھو تمہارے سامنے ایک دشوار گزار اور دور و دراز راستہ ہے جس کے لئے بہترین زاد کی تلاش اور بقدرِ کفایت توشہ کی فراہمی اس کے علاوہ سبکباری ضروری ہے، لہٰذا اپنی طاقت سے زیادہ اپنی پیٹھ پر بوجھ نہ لادو کہ اس کا بار تمہارے لئے وبالِ جان بن جائے گا۔ اور جب ایسے فاقہ کش لوگ مل جائیں کہ جو تمہارا توشہ اُٹھا کر میدانِ حشر میں پہنچا دیں، اور کل کو جبکہ تمہیں اس کی ضرورت پڑے گی، تمہارے حوالے کر دیں تو اسے غنیمت جانو اور جتنا ہو سکے اس کی پشت پر رکھ دو کیونکہ ہو سکتا ہے کہ پھر تم ایسے شخص کو ڈھونڈو اور نہ پاؤ اور جو تمہاری دولت مندی کی حالت میں تم سے قرض مانگ رہا ہے اِس وعدہ پر کہ تمہاری تنگدستی کے وقت ادا کرے گا تو اُسے غنیمت جانو۔

یاد رکھو! تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے جس میں ہلکا پھلکا آدمی گراں بار آدمی سے کہیں اچھی حالت میں ہوگا۔ اور سست رفتار تیز رفتار دوڑنے والے کی بہ نسبت بُری حالت میں ہوگا۔ اور اس راہ میں لامحالہ تمہاری منزلت جنت ہوگی یا دوزخ لہٰذا اترنے سے پہلے جگہ منتخب کر لو، اور پڑاؤ ڈالنے سے پہلے اس جگہ کو ٹھیک ٹھاک کر لو، کیونکہ موت کے بعد خوشنودی حاصل کرنے کا موقع نہ ہوگا۔ اور نہ دنیا کی طرف پلٹنے کی کوئی صورت ہوگی۔ یقین رکھو کہ جس کے قبضہ قدرت میں آسمان و زمین کے خزانے ہیں اس نے تمہیں سوال کرنے کی اجازت دے رکھی ہے اور قبول کرنے کا ذمہ لیا ہے اور حکم دیا ہے کہ تم مانگو تا کہ وہ دے، رحم کی درخواست کرو تا کہ وہ رحم کرے۔ اس نے اپنے اور تمہارے درمیان دربان کھڑے نہیں کئے جو تمہیں روکتے ہوں، نہ تمہیں اس پر مجبور کیا ہے کہ تم کسی کو اس کے یہاں سفارش کے لئے لاؤ تب ہی کام ہو، اور تم نے گناہ کئے ہوں تو اس نے تمہارے لئے توبہ کی گنجائش ختم نہیں کی ہے، نہ سزا دینے میں جلدی کی ہے اور نہ توبہ و انابت کے بعد وہ کبھی طعنہ دیتا ہے (کہ تم نے پہلے یہ کیا تھا، وہ کیا تھا) نہ ایسے موقعوں پر اس نے تمہیں رسوا کیا کہ جہاں تمہیں رسوا ہی ہونا چاہئے تھا اور نہ اس نے توبہ کے قبول کرنے میں (کڑی شرطیں لگا کر) تمہارے ساتھ سخت گیری کی ہے۔ نہ گناہ کے بارے میں تم سے سختی کے ساتھ جرح کرتا ہے اور نہ اپنی رحمت سے مایوس کرتا ہے، بلکہ اس نے گناہ سے کنارہ کشی کو بھی ایک نیکی قرار دیا ہے اور بُرائی ایک ہو تو اُسے ایک (برائی) اور نیکی ایک ہو تو اُسے دس (نیکیوں) کے برابر ٹھہرایا ہے۔ اس نے توبہ کا دروازہ کھول رکھا ہے۔ جب بھی اسے پکارو وہ تمہاری سنتا ہے اور جب بھی راز و نیاز کرتے ہوئے اس سے کچھ کہو وہ جان لیتا ہے۔ تم اسی سے مرادیں مانگتے ہو اور اسی کے سامنے دل کے بھید کھولتے ہو۔ اسی سے اپنے دکھ درد کا رونا روتے ہو اور مصیبتوں سے نکالنے کی التجا کرتے ہو اور اپنے

میں پھاند پڑنے اور بحث ونزاع میں الجھنے کا نہ ہو، اس فکر ونظر کو شروع کرنے سے پہلے اللہ سے مدد کے خواستگار ہو، اوراس سے توفیق وتائید کی دعا کرواور ہر وہم کے شائبہ سے اپنا دامن بچاؤ کہ جو تمہیں شبہ میں ڈال دے، یا گمراہی میں چھوڑ دے، اور جب یہ یقین ہو جائے کہ اب تمہارا دل صاف ہو گیا ہے اوراس میں اثر لینے کی صلاحیت پیدا ہوگئی ہے اور ذہن پورے طور پر یکسوئی کے ساتھ تیار ہے اور تمہارا ذوق وشوق ایک نقطہ پر جم گیا ہے تو پھر ان مسائل پر غور کرو جو میں نے تمہارے سامنے بیان کئے ہیں، لیکن تمہارے حسب منشا دل کی یکسوئی اور غور نظر وفکر کی آسودگی حاصل نہیں ہوئی ہے تو سمجھ لو کہ تم ابھی اس وادی میں شبکوراونٹنی کی طرح ہاتھ پیر مار رہے ہو، اور جو دین (کی حقیقت) کا طلبگار ہو وہ تاریکی میں ہاتھ پاؤں نہیں مارتا اور نہ خلط مبحث کرتا ہے۔ اس حالت میں قدم نہ رکھنا اس وادی میں بہتر ہے۔

اب اے فرزند! میری وصیت کو سمجھو، اور یہ یقین رکھو کہ جس کے ہاتھ میں موت ہے، اسی کے ہاتھ میں زندگی بھی ہے اور جو پیدا کرنے والا ہے وہی مارنے والا بھی ہے اور جو نیست ونابود کرنے والا ہے وہی دوبارہ پلٹانے والا بھی ہے اور جو بیمار ڈالنے والا ہے وہ ہی صحت عطا کرنے والا بھی ہے۔ اور بہرحال دنیا کا نظام وہی رہے گا جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کر دیا ہے۔ نعمتوں کا دینا، ابتلاو آزمائش میں ڈالنا، اور آخرت میں جزا دینا یا وہ کہ جو اس کی مشیت میں گزر چکا ہے اور ہم اسے نہیں جانتے تو جو چیز اس کی تمہاری سمجھ میں نہ آئے، تو اسے اپنی لاعلمی پر محمول کرو، کیونکہ جب تم پہلے پہل پیدا ہوئے تھے تو کچھ نہ جانتے تھے، بعد میں تمہیں سکھایا گیا اور ابھی کتنی ہی ایسی چیزیں ہیں کہ جن سے تم بے خبر ہو کہ ان میں پہلے تمہارا ذہن پریشان ہوتا ہے اور نظر بھٹکتی ہے اور پھر انہیں جان لیتے ہو، لہٰذا اُسی کا دامن تھامو، جس نے تمہیں پیدا کیا اور رزق دیا اور ٹھیک ٹھاک بنایا۔ اسی کی بس پرستش کرو، اسی کی طلب ہو، اسی کا ڈر ہو۔

اے فرزند! تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ کسی ایک نے بھی اللہ سبحانہٗ کی تعلیمات کو ایسا پیش نہیں کیا جیسا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے۔ لہٰذا ان کو بطیّب خاطر اپنا پیشوا اور نجات کا رہبر مانو۔ میں نے تمہیں نصیحت کرنے میں کوئی کمی نہیں کی اور تم کوشش کے باوجود اپنے سود و بہبود پر اس حد تک نظر نہیں کر سکتے، جس تک میں تمہارے لئے سوچ سکتا ہوں۔

اے فرزند! یقین کرو کہ اگر تمہارے پروردگار کا کوئی شریک ہوتا تو اس کے بھی رسول آتے، اور اس کی سلطنت وفرمانروائی کے بھی آثار دکھائی دیتے اور اس کے افعال وصفات بھی کچھ معلوم ہوتے، مگر وہ ایک اکیلا خدا ہے جیسا کہ اس نے خود بیان کیا ہے۔ اس کے ملک میں کوئی اس سے ٹکر نہیں لے سکتا۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہ بغیر کسی نقطۂ آغاز کے تمام چیزوں سے پہلے ہے اور بغیر کسی انتہائی حد کے سب چیزوں کے بعد ہے۔ وہ اس سے بلند و بالا ہے کہ اس کی ربوبیت کا اثبات قلب یا نگاہ کے گھیرے میں آ جانے سے وابستہ ہو۔ جب تم یہ جان چکے تو پھر عمل کرو۔ ویسا جو مخلوق کو اپنی پست منزلت، کم مقدرت اور اس کی اطاعت کی جستجو اور اس کی سزا کے خوف، اور اس کی ناراضگی کے اندیشہ کے ساتھ اپنے پروردگار کی طرف بہت بڑی احتیاج کے ہوتے ہوئے کرنا چاہئے۔ اس لئے ہمیں انہی چیزوں کا حکم دیا ہے جو اچھی ہیں اور انہی چیزوں سے منع کیا ہے جو بُری ہیں۔

اے فرزند! میں نے تمہیں دنیا اور اس کی حالت اور اس کی بے ثباتی و ناپائیداری سے خبردار کر دیا ہے۔ آخرت اور آخرت والوں کے لئے جو سروسامان عشرت ہے اس سے بھی آگاہ کر دیا ہے، اور ان دونوں کی حقیقت بھی تمہارے سامنے پیش کرتا ہوں تاکہ ان سے عبرت حاصل کرو اور ان کے تقاضے پر عمل کرو۔ جن لوگوں نے دنیا کو ہی سب کچھ سمجھ لیا ہے، ان کی مثال ان مسافروں کی سی ہے جن کا قحط زدہ منزل سے دل اچاٹ ہوا اور انہوں نے ایک سرسبز وشاداب مقام اور ایک تر وتازہ وپُر بہار جگہ کا پڑاؤ کیا تو انہوں نے راستے کی دشواریوں کو جھیلا، دوستوں کی جدائی برداشت کی، سفر کی صعوبتوں گوارا کیں اور کھانے کی بدمزگیوں پر صبر کیا تاکہ اپنی منزل کی پہنائی اور دائمی قرارگاہ تک پہنچ جائیں۔ اس مقصد کی دُھن میں انہیں ان سب چیزوں سے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔ اور جتنا بھی خرچ ہو جائے اس میں نقصان

پروردگار سے سوال کرو، کیونکہ دینا اور نہ دینا بس اُسی کے اختیار میں ہے۔ زیادہ سے زیادہ اپنے اللہ سے بھلائی کے طالب ہو۔ میری وصیت کو سمجھو اور اس سے روگردانی نہ کرو۔ اچھی بات وہی ہے جو فائدہ دے، اور اس علم میں کوئی بھلائی نہیں جو فائدہ رساں نہ ہو، اور جس علم کا سیکھنا سزاوار نہ ہو، اس سے کوئی فائدہ بھی نہیں اٹھایا جا سکتا۔

اے فرزند! جب میں نے دیکھا کہ کافی عمر تک پہنچ چکا ہوں اور دن بدن ضعف بڑھتا جا رہا ہے تو میں نے وصیت کرنے میں جلدی کی اور اس میں کچھ اہم مضامین درج کئے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ موت میری طرف سبقت کر جائے اور دل کی بات دل ہی میں رہ جائے یا بدن کی طرح عقل ورائے بھی کمزور پڑ جائے یا وصیت سے پہلے ہی تم پر کچھ خواہشات کا تسلّط ہو جائے، یا دنیا کے جھمیلے تمہیں گھیر لیں کہ تم بھڑک اٹھنے والے منہ زور اونٹ کی طرح ہو جاؤ، کیونکہ کم سن کا دل اس خالی زمین کے مانند ہوتا ہے جس میں جو بیج ڈالا جاتا ہے اُسے قبول کر لیتی ہے، لہٰذا قبل اس کے تمہارا دل سخت ہو جائے اور کہ تم نوعمر اور بساط دہر پر تازہ وارد ہو، اور تمہاری نیت کھری اور نفس پاکیزہ ہے اور میں نے چاہا تھا کہ پہلے کتاب خدا احکامِ شرع اور حلال وحرام کی تعلیم دوں، اور اس کے علاوہ دوسری چیزوں کا رُخ نہ کروں۔ لیکن یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ کہیں وہ چیزیں جن میں لوگوں کے عقائد اور مذہبی خیالات میں اختلاف ہے، تم پر اسی طرح مشتبہ نہ ہو جائیں جیسے ان پر مشتبہ ہوگئی ہیں۔ باوجودیکہ ان غلط عقائد کا تذکرہ تم سے مجھے ناپسند تھا۔ مگر اس پہلو کو مضبوط کر دینا تمہارے لئے مجھے بہتر معلوم ہوا، اس سے کہ تمہیں ایسی صورتِ حال کے سپرد کر دوں جس میں مجھے تمہارے لئے ہلاکت وتباہی کا خطرہ ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تمہیں ہدایت کی توفیق دے گا اور صحیح راستے کی رہنمائی کرے گا۔ ان وجوہ سے تمہیں یہ وصیت نامہ لکھتا ہوں۔

بیٹا! یاد رکھو کہ میری اس وصیت سے جن چیزوں کی تمہیں پابندی کرنا ہے اُن میں سب سے زیادہ میری نظر میں جس چیز کی اہمیت ہے وہ اللہ کا تقویٰ ہے، اور یہ کہ جو فرائض اللہ کی طرف سے تم پر عائد ہیں اُن پر اِکتفا کرو، اور جس راہ پر تمہارے آباؤ اجداد اور تمہارے گھرانے کے افراد چلتے رہے ہیں اُسی پر چلتے رہو، کیونکہ جس طرح تم اپنے لئے نظر وفکر کر سکتے ہو انہوں نے اس نظر وفکر میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی تھی۔ مگر انتہائی غور وفکر نے بھی ان کو اسی نتیجہ تک پہنچایا کہ جو انہیں اپنے فرائض معلوم ہوں، اُن پر اِکتفا کریں اور غیر متعلق چیزوں سے قدم روک لیں۔ لیکن اگر تمہارا نفس اس کے لئے تیار نہ ہو کہ بغیر ذاتی تحقیق سے علم حاصل کئے ہوئے جس طرح انہوں نے حاصل کیا تھا، ان باتوں کو قبول کرے تو بہرحال تمہارا ذہن دوسری باتوں میں لگ جائے۔ میں نے تعلیم دینے کے لئے قدم اٹھایا تا کہ تم عقلِ سلیم کے ذریعے ان چیزوں کے قبول کرنے کے لئے آمادہ ہو جاؤ کہ جن کی آزمائش اور تجربہ کی زحمت سے تجربہ کاروں نے تمہیں بچا لیا ہے، اس طرح تم تلاش کی زحمت سے مستغنی اور تجربہ کی کلفتوں سے آسودہ ہو جاؤ گے اور تجربہ وعلم کی وہ باتیں (بے تعب ومشقت) تم تک پہنچ رہی ہیں کہ جن پر ہم مطلع ہوئے اور پھر وہ چیزیں بھی اجاگر ہو کر تمہارے سامنے آ رہی ہیں کہ جن میں سے کچھ ممکن ہے ہماری نظروں سے اوجھل ہوگئی ہوں۔

اے فرزند! اگرچہ میں نے اتنی عمر نہیں پائی جتنی اگلے لوگوں کی ہوا کرتی تھیں، پھر بھی میں نے ان کی کارگزاریوں کو دیکھا، اُن کے حالات وواقعات میں غور کیا اور اُن کے چھوڑے ہوئے نشانات میں سیر وسیاحت کی، یہاں تک کہ گویا میں بھی انہی میں کا ایک ہو چکا ہوں، بلکہ ان سب کے حالات و معلومات جو مجھ تک پہنچ گئے ہیں ان کی وجہ سے ایسا ہے کہ گویا میں نے ان کے اوّل سے لے کر آخر تک کے ساتھ زندگی گزاری ہے۔ چنانچہ میں نے صاف کو گدلے اور نفع کو نقصان سے الگ کر کے پہچان لیا ہے اور اب سب کا نچوڑ تمہارے لئے مخصوص کر رہا ہوں اور میں نے خوبیوں کو چُن چُن کر تمہارے لئے سمیٹ دیا ہے اور بے معنی چیزوں کو تم سے جدا رکھا ہے۔ اور چونکہ مجھے تمہاری ہر بات کا اتنا ہی خیال ہے جتنا ایک شفیق باپ کو ہونا چاہئے اور تمہاری اخلاقی تربیت بھی پیشِ نظر ہے، لہٰذا مناسب سمجھا ہے کہ یہ تعلیم وتربیت اس حال میں ہو کہ لازم ہے کہ تمہارے طلب کا انداز سیکھنے اور سمجھنے کا ہو، شبہات

# حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امام حسن رضی اللہ عنہ کو وصیت

انتخاب از:
ڈاکٹر حسین چوہدری

## میّت نامہ

صفین سے پلٹتے ہوئے جب مقام حاضرین میں منزل کی تو امام حسن علیہ السّلام کے لئے یہ وصیت نامہ تحریر فرمایا:

یہ وصیت ہے اس باپ کی جو فنا ہونے والا، اور زمانہ ( کی چیرہ دستیوں ) کا اقرار کرنے والا ہے۔ جس کی عمر پیٹھ پھرائے ہوئے ہے۔ اور جو زمانہ کی سختیوں سے لاچار ہے اور دنیا کی برائیوں کو محسوس کر چکا ہے، اور مرنے والوں کے گھروں میں مقیم اور کل کو یہاں سے رختِ سفر باندھ لینے والا ہے۔

اس بیٹے کے نام جو نہ ملنے والی بات کا آرزومند، جادہ عدم کا راہ سپار، بیماریوں کا ہدف، زمانہ کے ہاتھ گروی، مصیبتوں کا نشانہ، دنیا کا پابند اور اِس کی فریب کاریوں کا تاجر، موت کا قرض دار، اجل کا قیدی، غموں کا حلیف، حزن و ملال کا ساتھی، آفتوں میں مبتلا، نفس سے عاجز اور مرنے والے کا جانشین ہے۔

بعدہٗ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ میں نے دنیا کی روگردانی زمانہ کی منہ زوری اور آخرت کی پیش قدمی سے جو حقیقت پہچانی ہے وہ اس امر کے لئے کافی ہے کہ مجھے دوسرے تذکروں اور اپنی فکر کے علاوہ دوسری کوئی فکر نہ ہو مگر اسی وقت جبکہ دوسروں کے فکر و اندیشہ کو چھوڑ کر میں اپنی ہی دُھن میں کھویا ہوا تھا اور میری عقل و بصیرت نے مجھے خواہشوں سے منحرف و روگردان کر دیا اور میرا معاملہ کھل کر میرے سامنے آ گیا، اور مجھے واقعی حقیقت اور بے لاگ صداقت تک پہنچا دیا۔

میں نے دیکھا کہ تم میرا ہی ایک ٹکڑا ہو، بلکہ جو مَیں ہوں وہی تم ہو، یہاں تک کہ اگر تم پر کوئی آفت آئے تو گویا مجھ پر آئی ہے اور تمہیں موت آئے تو گویا مجھے آئی ہے۔ اس سے مجھے تمہارا اتنا ہی خیال ہوا جتنا اپنا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا میں نے یہ وصیت نامہ تمہاری رہنمائی میں اسے معین سمجھتے ہوئے تحریر کیا ہے، خواہ اس کے بعد میں زندہ رہوں یا دنیا سے اٹھ جاؤں۔

میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرتے رہنا، اس کے احکام کی پابندی کرنا، اس کے ذکر سے قلب کو آباد رکھنا، اور اسی کی رسّی کو مضبوطی سے تھامے رہنا۔ تمہارے اور اللہ کے درمیان جو رشتہ ہے اس سے زیادہ مضبوط رشتہ ہو بھی کیا سکتا ہے، بشرطیکہ مضبوطی سے اسے تھامے رہو۔ وعظ و پند سے دل کو زندہ رکھنا اور زُہد سے اس کی خواہشوں کو مردہ یقین سے اسے سہارا دینا اور حکمت سے اسے پُرنور بنانا، موت کی یاد سے اسے قابو میں کرنا، فنا کے اقرار پر اسے ٹھہرانا، دنیا کے حادثے اس کے سامنے لانا، گردش روزگار سے اسے ڈرانا، گزرے ہوؤں کے واقعات اس کے سامنے رکھنا، تمہارے پہلے والے لوگوں پر جو بیتی ہے اُسے یاد دلانا، ان کے گھروں اور کھنڈروں میں چلنا پھرنا اور دیکھنا کہ انہوں نے کیا کچھ کیا، کہاں سے کوچ کیا، کہاں اترے اور کہاں ٹھہرے ہیں۔ دیکھو گے تو تمہیں صاف نظر آئے گا کہ وہ دوستوں سے منہ موڑ کر چل دیئے ہیں، اور پردیس کے گھر میں جا کر اُترے ہیں، اور وہ وقت دور نہیں کہ تمہارا شمار بھی ان میں ہونے لگے گا۔ لہٰذا اپنی اصل منزل کا انتظام کرو، اور اپنی آخرت کا دنیا سے سودا نہ کرو۔ جو چیز جانتے نہیں ہو اُس کے متعلق بات نہ کرو، اور جس چیز کا تم سے تعلق نہیں ہے اُس کے بارے میں زبان نہ ہلاؤ۔ جس راہ میں بھٹک جانے کا اندیشہ ہو اُس راہ میں قدم نہ اٹھاؤ، کیونکہ بھٹکنے کی سرگردانیاں دیکھ کر قدم روک لینا، خطرات مول لینے سے بہتر ہے۔ نیکی کی تلقین کرو تاکہ خود بھی اہلِ خیر میں محسوب ہو۔ ہاتھ اور زبان کے ذریعہ برائی کو روکتے رہو۔ جہاں تک ہو سکے بُروں سے الگ رہو۔ خدا کی راہ میں جہاد کا حق ادا کرو اور اس کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اثر نہ لو۔ حق جہاں ہو، سختیوں میں پھاند کر اُس تک پہنچ جاؤ۔ دین میں سوجھ بوجھ پیدا کرو۔ سختیوں کو جھیل لے جانے کے خوگر بنو، حق کی راہ میں صبر و شکیبائی بہترین سیرت ہے۔ ہر معاملہ میں اپنے کو اللہ کے حوالے کر دو، کیونکہ ایسا کرنے سے تم اپنے کو ایک مضبوط پناہ گاہ اور قوی محافظ کے سپرد کر دو گے۔ صرف اپنے

### اخلاصِ نیت کی ضرورت

تقویٰ کا مفہوم حدیثِ سیّدنا فاروق اعظمؓ سے یوں بتایا گیا ہے کہ جب انسان کسی خاردار جنگل اور جھاڑیوں میں سے کپڑے سمیٹ کر اور دامن لپیٹ کر گزرتا ہے کہ کوئی کانٹا اور جھاڑی اس کے کپڑوں سے الجھنے نہ پائے تو بالکل اسی طرح یہ دنیا ایک خاردار جنگل کی طرح ہے، جس میں گناہ اور نافرمانی کی خطرناک جھاڑیاں اور کانٹے انسان کے کردار، ایمان اور احوال کو پراگندہ اور تہس نہس کر دینے کے درپے ہوتے ہیں۔ لہٰذا کامیاب اور زیرک انسان وہ ہے جو اپنا دامن ہر گندگی اور غلاظت سے بچاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر باش ہو جائے۔

### مشکوک امور سے اجتناب

وَاعْبُدْ رَبَّکَ حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْیَقِیْنُ. (الحجر:99)

ترجمہ: اور اپنے رب کی عبادت کر، حتیٰ کہ تو یقین (وصل الٰہی) تک پہنچ جائے۔

تقویٰ کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ انسان، گناہ تو رہے گناہ، وہ مشکوک چیزوں سے بھی پرہیز کرنے کا عادی ہو جائے۔ جیسا کہ حدیثِ رسول ﷺ میں ہے:

دَعْ مَا یُرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یُرِیْبُکَ. (الحدیث)

ترجمہ: تو اس شے کو چھوڑ دے جو تمہیں شک میں ڈالے اور اس کام کو اختیار کر لے جو تمہیں شک میں نہ ڈالے۔

### تقویٰ راہِ عزیمت ہے

تقویٰ کا راستہ عزیمت اور سربلندی کا راستہ ہے۔ میاں بیوی کو مشورہ یہ دیا گیا ہے کہ وہ ازدواجی زندگی کے امتحان میں کامیابی کے صرف 33% نمبر لینے کی بجائے عزیمت اور تقویٰ پر عمل کرتے ہوئے سو فیصد 100% نمبر حاصل کریں۔

### ازدواجی جنگ وجدل اور تقویٰ

تقویٰ اختیار کرنے کا مشورہ اس لئے بھی دیا گیا ہے کہ اس کا درجہ اور مقام بہت بلند ہے، جس میں انسان اس عارضی زندگی کی بجائے آخرت کی دائمی زندگی کو سنوارنے کے لئے جتن کرتا ہے۔ تو مشورہ یہ دیا گیا ہے کہ میاں بیوی جنگ وجدل کی بجائے اور ایک دوسرے کو اونچا نیچا دکھانے کی بجائے اپنی اخروی زندگی کو بنیاد بنائیں۔ احسان، ایثار اور تقویٰ کا راستہ اپنائیں، جیسا کہ امام الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک کامیاب، باوقار اور پُرکشش ازدواجی زندگی گزار کر دکھائی۔ آپ ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے:

اِتَّقُوا اللّٰہَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنَکُمْ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُصْلِحُ بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ. (الترمذی)

ترجمہ: تم خدا سے ڈرو اور آپس میں صلح صفائی سے رہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے درمیان قیامت کے دن صلح صفائی کرائے گا۔

### حقوقِ زوجین اور میدانِ حشر

سورۃ النساء کی مندرجہ بالا آیت کے آخر میں یہ حقیقت بھی آشکار کر دی گئی ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ میاں بیوی کے حالات اور معاملات کو جاننے والا اور خبر رکھنے والا ہے۔ تو گویا یہ باور کروایا جا رہا ہے کہ شوہر اور بیوی میں سے اگر کوئی حقوق وفرائض کے معاملے میں ڈنڈی مارے گا یا آنکھوں میں دُھول جھونکنے کی کوشش کرے گا یا اندر سے کچھ اور باہر سے کچھ اور معاملہ اختیار کرے گا تو اس کو یاد رکھنا چاہئے کہ روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کو کیا منہ دکھائے گا، کیونکہ وہ تو دلوں کے بھید سے بھی آگاہ ہے۔

## حاصلِ کلام

لہٰذا آیاتِ بالا سے شوہر اور بیوی کے ہر جھگڑے اور اختلاف کو بہ حسن و خوبی فطری اور فکری طریقے سے حل کرنے کے لئے کافی وشافی رہنمائی کی گئی ہے۔ اگر پھر بھی کوئی بدنصیب اپنے گھریلو تنازعات حل کر کے خوشگوار زندگی نہ گزارے تو اُس کا اپنا سو فیصد قصور ہوگا، اللہ کریم نے تو بہر حال ہر طریقے سے دستگیری فرمائی ہے۔

سے ہوتی ہے۔جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے:

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ . (الحشر:9)

ترجمہ:اور وہ اپنی جانوں پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں، چاہے وہ خود کتنے ہی ضرورت مند کیوں نہ ہوں۔

## آقائے دوجہاں ﷺ کا مشورہ

یہ نکتہ بھی قابلِ غور ہے کہ آقائے دوجہاں ﷺ نے خاوند کو یہ مشورہ دیا کہ اپنی بیوی سے احسان اور بھلائی کا برتاؤ کرو اور اُن کے ساتھ نباہ کرنے کے لئے عفو و درگزر اور وسعتِ قلب ونظر کا مظاہرہ کرو اور بیوی کی کج روی کے باوجود ہمت اور برداشت کا مظاہرہ کرو۔ اس سلسلے میں آپ ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ الْمَـرْءَ كَـالضَّلَعَ اَنْ ذَهَبْتُ تَقِيْمَهَا كَسَرْتُهَا وِاِنْ تَرَكْتُهَا اَسْتَمْتَعْتُ بِهَا عَلٰى عِوَجًا. (الترمذی)

ترجمہ:عورت پسلی کی مانند ہے۔اگر تم اس کو سیدھا کرنا چاہو گے تو تم اس کو توڑ دو گے۔اور اگر تم اس کو اس کے حال پر رہنے دو گے تو ٹیڑھے پن کے باوجود اس سے فائدہ اٹھاؤ گے (جیسے ٹیڑھی پسلی ٹیڑھے پن کے باوجود نظامِ جسمانی میں فٹ ہے)۔

## عورت کا فطری عذر اور قابلِ غور نکتہ

یہاں ایک قابلِ غور نکتہ یہ بھی ہے کہ بیوی کی جسمانی ساخت اور مختلف حالات میں حیض ونفاس جیسے جسمانی عارضے بھی بعض اوقات عورت کی عقل کو بے عقل کر دیتے ہیں اور وہ جسمانی دباؤ اور کھچاؤ کی وجہ سے کئی فرائض بہ حسن و خوبی ادا کرنے سے قاصر رہتی ہے۔حالانکہ یہ عارضہ لاحق ہونے سے پہلے وہ بالکل فعال ہوتی ہے۔اسی طرح دورانِ حمل بھی بعض عورتوں کی طبیعت میں چڑچڑا پن اور تنگدلی پیدا ہو جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ شریعت نے عورت کو امامت اور خلافت کی ذمہ داری نہیں سونپی۔اس لئے کہ اس کا ذہن اس کی جسمانی ساخت اور ذہنی میلان داخلی اور خارجی اسباب کی وجہ سے تبدیل ہوتا رہتا ہے۔

اس لئے عقل مند شوہر کو یہ مشورہ دیا گیا کہ وہ اپنی بیوی کے معاملے میں احسان کا پہلو غالب رکھے۔اور بیوی کو سمجھایا گیا ہے کہ وہ بھی اپنے شوہر کی مجبوریوں اور معذوریوں کی بناء پر ہاتھ ہلکا رکھے۔

## ازدواجی تعلق میں تقویٰ کا پہلو

اسی آیت کے آخری حصہ میں ارشاد فرمایا:

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا. (النساء:128)

ترجمہ:اور تقویٰ اختیار کرو، پس بیشک اللہ تعالیٰ خبریں رکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔

ازدواجی زندگی کو خوشگوار، پُرامن اور پُر بہار رکھنے کے لئے اللہ رب العالمین نے میاں بیوی کو تقویٰ اور پرہیزگاری کا راستہ اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔اس لئے کہ یہی ایک ایسا وصف ہے جو انسان کو انسانیت کی بلندیوں پر فائز کرتا ہے اور انسان مقصدِ انسانیت کی معراج کو پہنچتا ہے۔جیسا کہ قرآن پاک میں ہر عملِ صالح کا ماحصل تقویٰ قرار دیا گیا ہے کہ ہم نے تمہیں فلاں فلاں حکم اس لئے دیا ہے کہ تم متقی ہو جاؤ۔آیئے اس ضمن میں چند ناگزیر اُمور پر غور کریں۔

### تقویٰ ہدایت کا روشن چراغ

تقویٰ اصل میں انسان کے دل میں پیدا ہونے والا وہ پاکیزہ احساس ہے جو اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور حکم عدولی سے روکتا ہے کیونکہ جب تک انسان کے اندر روشنی، ہدایت اور احساس کا چراغ فروزاں نہ ہو، جسم کے ظاہری اعضاء بھلائی کی طرف صحیح طور پر مائل نہیں ہوتے۔جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ. (الحج:37)

ترجمہ:اللہ تعالیٰ کو تمہارے جانوروں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا، بلکہ اس میں چھپا ہوا تقویٰ اس کی بارگاہ میں پہنچتا ہے۔

قانونی عدل ہوتا ہے کہ سب کے لئے یکساں قانون ہو، معاشی عدل یعنی معاشی خوشحالی کے یکساں مواقع حاصل ہوں، اسی طرح معاشرتی عدل اور سیاسی عدل وغیرہ۔

احسان کا درجہ عدل سے کچھ بڑھ کر ہے۔ احسان یہ ہے کہ کسی کو اس کے حق سے زیادہ عطا کر دیا جائے۔ اس کا یہ مفہوم بھی ہے کہ ہر کارِ خیر کو احسن انداز میں اس کے جملہ آداب و شرائط بجالاتے ہوئے پائے تکمیل تک پہنچایا جائے۔ جیسا کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے ہر امورِ خیر میں احسان کو لازم کیا ہے۔ مثلاً اگر کوئی جانور بھی ذبح کرنا ہو تو اُس میں بھی احسان کا پہلو قائم رکھا جائے۔ اور فرمایا کہ ذبح میں احسان یہ ہے کہ جانور کو ذبح کرنے سے پہلے:

۱۔ چارہ کھلایا جائے۔
۲۔ پانی پلایا جائے۔
۳۔ چھری کو چھپا کے رکھا جائے۔
۴۔ چھری کو خوب تیز رکھا جائے۔
۵۔ تکبیر قدرے بلند آواز میں پڑھی جائے۔
۶۔ جسم ٹھنڈا ہونے تک کھال نہ اتاری جائے۔
۷۔ ایک جانور کے سامنے دوسرے جانور کو ذبح نہ کیا جائے۔
۸۔ جانور کو لِٹا کر مضبوطی سے پکڑ کر اللہ کی تکبیر بلند کرتے ہوئے جلدی جلدی ذبح کیا جائے۔

آپ غور فرمائیں کہ بظاہر ایک خونریزی والا عمل ہے، لیکن اس میں بھی احسان کے کتنے پہلو پیشِ نظر رکھے گئے ہیں۔

اسی طرح عبادت کے حوالے سے حضورِ اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

اِنْ تَعْبُدَاللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ.

(بخاری)

ترجمہ: کہ تو یوں اللہ کی عبادت کر گویا کہ تو اُس کو دیکھ رہا ہے، اور اگر تو اسے نہیں دیکھتا تو وہ یقیناً تجھے دیکھ رہا ہے۔

اب ذرا اصل موضوع کے حوالے سے غور کریں کہ میاں بیوی کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ احسان و ایثار کا وصف اختیار کر سکتے ہیں، جبکہ حالات بھی کشیدہ اور ناخوشگوار ہوں۔

## بیوی کا احسان

بیوی کا شوہر کے حق میں عدل و احسان یوں ہو سکتا ہے کہ:

۱۔ شوہر کے گھر بار کو سنبھالے۔
۲۔ اسے عزت و احترام دے۔
۳۔ اپنے شوہر کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھے۔
۴۔ اس کی عزت، جان و مال اور اولاد کا تحفظ کرے۔
۵۔ شوہر کی جائز ضروریات و خواہشات پوری کرے۔
۶۔ اس کی معاشی و خاندانی مجبوریوں کو پیشِ نظر رکھے۔
۷۔ شوہر سے غیر ضروری مطالبات نہ کرے، بلکہ سادگی اور کفایت شعاری کو اپنا شیوہ بنائے۔ وغیرہ

## شوہر کا احسان

اسی طرح شوہر کی طرف سے احسان کا سلسلہ کچھ یوں ہوگا:

۱۔ اپنی بیوی کو بہتر معیارِ زندگی دے۔
۲۔ حق مہر اور نان و نفقہ کی یقینی ادائیگی کرے۔
۳۔ بیوی کی عیب جوئی نہ کرے، بلکہ دلجوئی کرے۔
۴۔ سسرالی عزیز و اقارب کو عزت و احترام دے۔
۵۔ اپنی بیوی کے تمام شرعی حقوق خوش دلی سے ادا کرے۔
۶۔ اپنی شریکِ حیات کے لئے اعلیٰ ظرفی اور بلند ہمتی کا مظاہرہ کرے۔
۷۔ بیوی کے لئے ایک آئیڈیل شوہر ثابت ہونے کی کوشش کرے۔

## دائمی سنگت کا راز

شوہر اور بیوی کے تعلقات میں احسان کے حوالے سے یہ بات باور کرا دی گئی ہے کہ دائمی سنگت قناعت، ایثار اور احسان جیسے جذبوں کا مظاہرہ کرنے

کی طرف توجہ کرے گا۔ خود چاہے کسی کرسی کے نیچے ہی کیوں نہ بیٹھا ہو۔ لہٰذا انسانی کمزوری کے اس پہلو کو کبھی بھی نظرانداز نہیں کرنا چاہئے۔ ہر کوئی شعوری اور لاشعوری طور پر اپنا اُلو سیدھا کرنے کے چکر میں ہوتا ہے۔ جب اپنا حصہ کھا لے تو پھر باقی ماندہ کسی اور کی طرف بھیجنے کا سوچتا ہے۔

### حکمت پرمبنی لطیفہ

ایک لطیفہ مشہور ہے کہ کسی دیہاتی کی بوڑھی ماں شدید بیمار ہوگئی۔ بیٹا آدھی رات کے وقت ماں کے پاؤں اور ٹانگیں دَبا رہا تھا اور ساتھ ہی ساتھ اونگھ بھی رہا تھا اور زبان سے کہہ رہا تھا، اللہ کرے میری زندگی بھی تجھے لگ جائے اور تُو اور کئی سال زندہ رہے۔ اسی دوران اتفاق سے ان کی حویلی میں بندھی ہوئی بھینسوں اور وَچھوں میں سے کسی ایک کو سخت پیاس لگی۔ گرمی کی راتیں تھیں، پانی نہ ملا تو اس نے تھوڑے سے تردّد سے کِلّا (میخ) اُکھاڑ لیا۔ پانی کی تلاش میں وہ وَچھا صحن میں پھرنے لگا۔ سونگھتے سونگھتے وہ لسّی کے ایک مٹکے کے پاس پہنچ گیا۔ بےقراری میں مٹکے میں منہ ڈالا اور لسّی پی کر اپنے پیٹ کی آگ کو ٹھنڈا کرنے لگ گیا۔ لسّی پی چکنے کے بعد جب اس نے تنگ گھڑے سے منہ نکالنا چاہا تو اُس کا منہ اس کے اندر پھنس گیا۔

اب اتفاق سے آنکھیں کچھ دیکھنے سے قاصر تھیں۔ وہ بےخیالی میں صحن میں گھوم رہا تھا کہ بیمار بڑھیا کی چارپائی کے قریب آ گیا۔ انجانے میں اس کا مٹکے میں دھنسا ہوا منہ اونگھتے ہوئے بیٹے کی کمر کو لگا، جو یہ مکالمہ بول رہا تھا کہ اے ماں! خدا کرے میری زندگی بھی تجھے لگ جائے۔

ابھی یہ جملہ منہ میں تھا کہ اندھے وَچھے نے اس کی کمر کو مٹکا مارا۔ پریشان ہو کر اس نے مڑ کر دیکھا تو اندھیرے اور نیم خوابی کی وجہ سے عجیب شکل وصورت نظر آئی کہ خدا جانے کوئی کالی بلا ہے یا بھوت ہے یا جن ہے۔ ساتھ ہی بیمار ماں کا خیال آیا تو شیطان نے وسوسہ ڈالا کہ یہ تو عزرائیل علیہ السّلام ہیں جو تیری ماں کی روح قبض کرنے آیا ہے۔ تو وہ تابع فرمان بیٹا فوراً چھڑپی مار کر چارپائی سے نیچے اُتر گیا اور بڑی ہوشیاری سے کہنے لگا، ''بھا جی فرشتہ صاحب! بیمار میں نہیں، وہ میری بوڑھی ماں ہے، کہیں غلطی سے میری جان نہ نکال لینا۔''

تو یہ ہے وہ حقیقت جس کو ''وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ'' کے لفظ سے آشکار کیا گیا ہے۔

ایک تفسیر میں یوں ترجمہ کیا گیا ہے، ''طمع ہر ہر نفس میں شامل کر دیا گیا ہے۔''

لہٰذا انسان کی اس فطری کمزوری کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اور دوسروں کی کوتاہیوں کو نظرانداز کرنے کی روش اختیار کرتے ہوئے صلح کا مشورہ دیا گیا ہے۔

### عفو ودرگزر

حدیث شریف میں آتا ہے کہ اگر کوئی اپنے مسلمان بھائی کی خطا اور غلطی کو معاف کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی خطاؤں سے درگزر کر دے گا اور یہی نجات کا راستہ ہے۔

کرو مہربانی تم اہلِ زمین پر
خدا مہربان ہو گا عرشِ بریں پر (حالی)

حدیثِ پاک میں ہے:

**لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ.** (الحدیث)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں کرے گا جو اس کے بندوں پر رحم نہیں کرتا۔

آقائے دوجہاں ﷺ کی ساری حیاتِ طیّبہ عفو ودرگزر اور صلح وامن کی جیتی جاگتی تصویر ہے جو ہر کلمہ پڑھنے والے مسلمان کے لئے قابلِ تقلید ہے۔

## ''وَاِنْ تُحْسِنُوْا'' کا مفہوم

ازدواجی زندگی کو خوشگوار رکھنے کے لئے اللہ رب العالمین نے میاں بیوی کو احسان کی روش اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے، کیونکہ یہی فلاح اور کامیابی کا راستہ ہے۔ یہاں احسان کے مفہوم کو قدرے تفصیل سے سمجھنا ضروری ہے کیونکہ اس کے قریب المعانی لفظ عدل وانصاف بھی ہے۔

عدل وانصاف کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو اس کے صحیح مقام پر رکھنا، یعنی ہر ایک کو اس کا پورا پورا حق ادا کر دینا، جس میں نہ کمی ہو نہ زیادتی۔ جیسے

تر بارش کے پانی کے بلبوں کی طرح ہوتے ہیں جو منٹوں سیکنڈوں میں حل بھی ہوجاتے ہیں۔ تو خبردار کیا گیا کہ خواہ مخواہ لوگوں میں اپنے معمولی تنازعات کو شٹل کاک بنانے سے پرہیز کرو۔ ہوسکتا ہے کہ کوئی بدنیت اور بدطینت منصف دو بلّیوں میں روٹی تقسیم کرنے والا بندر ثابت ہو، جو حصہ برابر کرتے کرتے ساری روٹی کھا جائے اور تم میاں بیوی منہ تکتے رہ جاؤ۔

۵۔ احادیث میں آتا ہے کہ بچے کا رشتہ کرنا ہو تو اُس کے روزگار اور سوسائٹی کو دیکھا جائے، اور بیٹی کا رشتہ کرنا ہو تو اُس کی ماں اور اُس کی سیرت کو دیکھا جائے۔ تو اگر کسی بدنصیب بچی کی ماں مطلقہ ہو یا شوہر سے ہر روز کتیا بلیا کرنے کرانے والی ہو یا چھ چھ مہینے ناراض ہوکر اپنے میکے گھر بیٹھے رہنے والی ہو تو اس کی نیک سیرت بیٹیوں کو بھی ماں کا کیا بھگتنا پڑتا ہے۔ لہٰذا شوہر اور بیوی کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے بچوں کی کامیابی کے راستے میں کانٹے نہ بکھیریں اور چار بندوں میں تھوک کر چاٹنے کی بجائے خود علیحدہ بیٹھ کر اپنا معاملہ سیدھا کریں۔

حَاسِبُوْا قَبْلَ اَنْ تُحَاسِبُوْا. (الحدیث)

ترجمہ: اپنا حساب خود ٹھیک کرلو، اس سے پہلے کہ لوگ آپ کا حساب ٹھیک کریں (ٹھکائی کرکے)۔

## ''وَالصُّلْحُ خَیْرٌ'' کی حکمت

جیسا کہ اوپر قدرے تفصیل سے عرض کیا گیا ہے کہ صلح صفائی میں ہی بھلائی ہوتی ہے کیونکہ جو لوگ مار کٹائی، دھینگا مشتی اور کتیا کتیا کرتے ہیں، پھر انہیں سو پیاز (گنڈے) بھی کھانے پڑتے ہیں اور سو چھتّر بھی کھانے پڑتے ہیں۔

### عدالتی صلح

ہم نے دیکھا ہے کہ بڑے بڑے قتل و غارت کے جھگڑے بھی جب اصحاب بسط وکشاد کی عدالتوں میں جاتے ہیں تو وکلاء، جج صاحبان اور عدالتوں کے ٹھیکیدار شکرانے کے نفل پڑھتے ہیں، نظر اتارنے کے لئے بکرے ذبح کرتے ہے اور دونوں ہاتھ کھڑے کرکے اور ایک پاؤں پر اُچھل اُچھل کر لڈیاں ڈالتے ہیں کہ ان دونوں بدنصیب (ظالم و مظلوم) فریقین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹیں گے، ان کے کھیت اور جائیدادیں بکوائیں گے، ان کو قرضے کی دلدل میں دھنسادیں گے اور ان کا مکمل کچومر نکال کر اور اپنے سارے محل ماڑیاں بنا کر آخر میں صلح کروادیں گے۔

ہمارے جاہل بےعلم اور اُجڈ مقدمے باز اپنی انا کی دُم کو اونچا رکھنے کے لئے خوشی خوشی چھتّر بھی کھاتے ہیں اور لوگوں کو دکھانے کے لئے دانت بھی نکالتے ہیں کہ دیکھنے والا سمجھے کہ بڑا مزہ آرہا ہے۔ حالانکہ سمجھدار تماشائی ان کی بدنصیبی پر دل ہی دل میں ماتم کررہے ہوتے ہیں۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

بہکانے والے سب تمہارے یار ہو گئے
سمجھانے والے مفت گنہگار ہو گئے

سچی بات یہ ہے کہ دنیا کا نظام کچھ لو اور کچھ دو (Give & Take) کے ساتھ چل رہا ہے۔ اگر ہر اینٹ یہ چاہے کہ میں سب سے اونچی سیڑھی کے اوپر لگائی جاؤں اور کوئی مجھے پہلے قدم پر نہ لگائے تو کیا عمارت کی سیڑھی مکمل ہو سکتی ہے؟ کسی نہ کسی کو تو نیچے بیٹھنا پڑتا ہے، جھکنا پڑتا ہے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں، جو صلح کی خاطر جھک جاتا ہے، اللہ اُسے سربلند کردیتا ہے۔

مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے
کہ دانہ خاک میں مل کر گُل و گلزار ہوتا ہے
کمزور کے آگے جسے جھکنا نہیں آتا
وہ مجرمِ اخلاق ہے خوددار نہیں ہے

## ''وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ'' کی وضاحت

(اور پایا گیا ہے انسانوں کے اندر بخل اور خودغرضی)

### ماہرینِ نفسیات کی رائے

ماہرینِ نفسیات کہتے ہیں کہ اگر پچاس ہزار لوگوں کا گروپ فوٹو ہو اور کسی شخص کے ماں باپ، بہن بھائی، بیوی بچے، حتیٰ کہ سارا خاندان اور دوست احباب بھی براجمان ہوں تو وہ ان سب لوگوں کو نظر انداز کرکے اپنی فوٹو تلاش کرے گا اور اُسے دیکھے گا اور تسکین پائے گا اور خوش ہوگا، اور بعد میں کسی اور

رُخی اور اعتدال کی راہ چھوڑنے کے زمرے میں آئیں گے۔ اگر کوئی شوہر ان میں سے کسی جرم یا خطا میں ملوث ہو تو وہ جان لے کہ وہ اپنی تباہی کے لئے گڑھا کھود چکا ہے، جس میں گرنے کی آواز پہلے گھر میں سنائی دے گی، پھر رشتہ داروں میں اور پھر اُس کی آواز (گھڑم) دیگر معاشرہ بھی سن لے گا، جو یقیناً کوئی بھی ہوشمند انسان پسند نہیں کرے گا۔

## نجات کا راستہ اور قرآن

آیت کے اگلے حصہ میں اللہ رب العالمین نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے ایسے بے اعتدال شوہر کو مکمل تباہی سے بچانے کے لئے اور اُس کی بیوی کو مکمل طور پر بے آسرا ہونے کے ظلم سے بچانے اور اصلاحِ احوال کے لئے پُرحکمت دستگیری فرمائی۔ ارشاد فرمایا:

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا. (النساء:128)

ترجمہ: پس ان دونوں پر کوئی حرج نہیں کہ وہ آپس میں صلح کر لیں۔

### آپس میں دونوں کیوں صلح کریں؟

یہاں یہ بات قابلِ غور بھی ہے اور قابلِ تعریف بھی کہ اللہ تعالیٰ نے شوہر اور بیوی کو مل کر باہم صلح صفائی کا مشورہ دیا ہے۔ حالانکہ یہ کہا جا سکتا تھا کہ شوہر کی ٹھکائی کروانے کے لئے بیوی فلاں فلاں حربے استعمال کرے اور اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں کو ڈنڈے سوٹے دے کر شوہر کو راہِ راست پر لائے اور اُسے تیر کی طرح سیدھا کرنے کا چارہ کرے۔ یا شوہر کو بھی یہ مشورہ دیا جا سکتا تھا کہ ایسی بیوی جو اُس کی آزادی، خودمختاری اور من موجیوں میں رکاوٹ بنتی ہو، اُسے کھُڈے لائن لگانے کے لئے فلاں فلاں حربے اور ہتھکنڈے استعمال کرے۔ لیکن اللہ رب العالمین نے میاں بیوی کی عزت، نیک نامی اور باہمی خیرخواہی کا بھرم رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ سر جوڑ کر بیٹھنے اور مسئلے کا حل نکالنے کا صائب مشورہ دیا۔

## حکمِ الٰہی کی چند حکمتیں

اس میں دیگر حکمتیں مندرجہ ذیل ہو سکتی ہیں:

۱۔ پنجابی میں محاورہ مشہور ہے کہ ''چھڈ ان والے دے سر وِچ پاوا''۔
اور اُردو میں ایک ضرب المثل ہے کہ ''کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا''۔

Evil communication breeds contempt.

اس لئے جو بھی تیسرا شخص پردان منتری بن کر کرسیِ انصاف پر بیٹھے گا تو یقیناً کسی ایک کو سچا اور دوسرے کو جھوٹا ثابت کرنا پڑے گا، جسے یقیناً انسان کی خودغرضانہ فطرت ناپسند کرے گی۔ اور ہو سکتا ہے کہ کوئی فریق وقتی طور پر ہوں ہاں کر لے لیکن بعد میں پھر ''وہی چال بے ڈھنگی سی جو پہلے تھی وہ اب بھی ہے'' والی بات ہو جائے۔

۲۔ دوسری عرض یہ ہے کہ شوہر اور بیوی کے جھگڑے زندگی کا حصہ (Part of Life) ہیں اور معاملات میں اونچ نیچ اس تعلق کا بنیادی تقاضا ہے۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ دنیا میں کوئی بھی پھول کانٹوں کے بغیر نہیں ہوتا۔

There is no rose without thorns.

لہٰذا ہر دوسرے دن نئے نئے منصفین کو بلانے سے اپنا ہی پیٹ بار بار ننگا ہوگا اور میاں بیوی کا کنبہ و خاندان بے وقعت اور بیوقوف افراد کا ٹبّر (کنبہ) خیال کیا جائے گا۔

۳۔ ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ میاں بیوی کے آپس کے جھگڑے جب رشتے داروں اور عوام کی عدالت میں جاتے ہیں تو کئی قسم کی چہ مگوئیاں ہوتی ہیں۔ معمولی معمولی باتیں Scandals ہو جاتی ہیں اور پورا کنبہ موضوعِ بحث بن جاتا ہے۔ دوست عزیز ان جھگڑوں اور باتوں کو بنیاد بنا کر بُری مثال قائم کر لیتے ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ آنے والی اولاد اور نسل کے لئے مشکلات بڑھ جاتی ہیں۔ رشتے دار ماں باپ کی نالائقیوں کو آڑ بنا کر اولاد کو طعنے اور معنے دیتے ہیں، ان کی عزتِ نفس مجروح کرتے ہیں اور اُن کے سینوں پر ساری زندگی مونگ دَلتے رہتے ہیں۔ تو گویا کہ ماں باپ کے ہاتھوں سے باندھی ہوئی گرہیں انہیں منہ سے کھولنی پڑتی ہیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے بے اعتدال اور ناراض میاں بیوی کو صلح کرنے کے لئے کوئی تیسرا بندہ ہرگز شامل نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے، چاہے وہ سگی ماں ہو، باپ ہو یا کوئی عزیز ہو۔

۴۔ اس میں ایک حکمت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ شوہر اور بیوی کے جھگڑے زیادہ

سکتی۔

۷۔ شوہر کے گھر میں بیوی بطور Cook، Nurse، Steward، Sweeper، Shoes Polisher، Washer Woman اور دیگر کئی فرائض بلا معاوضہ ادا کرنے کی پابند ہے۔

## جوڑ برابر دا؟

اب ذرا ایمانداری سے غور کریں کہ بیوی کا اگر شوہر سے مقابلہ کیا جائے یا اگر کوئی بدنصیب شوہر بیوی سے مقابلہ کرنے کی ٹھان لے تو کیا یہ کوئی جوڑ بنتا ہے؟ دنیا میں بھی پہلوان آپس میں مقابلے کرتے ہیں، کرکٹ، ہاکی اور فٹ بال کے میچ ہوتے ہیں، کُشتی اور جوڈو کراٹے کی نمائش ہوتی ہے تو ہر جگہ ہم پلّہ اور برابر کے مدمقابل لائے جاتے ہیں۔ لیکن موجودہ معاشرتی سیٹ اَپ میں بیوی اور شوہر کے مقابلے کا کوئی جوڑ بنتا ہی نہیں۔ پھر بھی لوگوں کی اکثریت اس جنگ و جدل میں بایں ہمہ مصروف اور برسرِ پیکار ہے۔ اسی لئے قرآنِ پاک کی مذکورہ بالا آیات میں روئے سخن بھی مرد کی زیادتی اور اعراض پسندی کو پیشِ نظر رکھ کر کیا گیا ہے کہ اگر بیوی اپنے شوہر سے خوفزدہ ہو، حالانکہ یوں بھی کہا جا سکتا تھا کہ اگر شوہر بیوی سے خوفزدہ ہو، لیکن قرآن کی تعلیم تو حکمت اور فطرت کے عین مطابق ہے۔ تو جب مرد کو نگران بنایا گیا ہے تو زیادتی کا اندیشہ بھی اسی سمت سے زیادہ لاحق ہو سکتا ہے۔ آیئے اب ذرا انصاف کے ساتھ اس آیتِ مبارکہ کی شرح کرتے ہوئے چند اہم پہلو زیرِ بحث لائیں، تا کہ اس موضوع کو منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے۔

## لفظ ''نُشُوزًا'' کی وضاحت

عربی میں نُشُوزًا ''زیادتی، حد اور حقوق سے تجاوز اور نقصان پہنچانے'' کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔ آیئے اب دیکھیں کہ ایک بیوی اپنے شوہر سے کس کس قسم کی زیادتیوں کا نشانہ بنتی ہے یا بن سکتی ہے یا بدقسمتی سے بن رہی ہے۔

## مرد کی زیادتیوں کی مختصر فہرست

۱۔ حق مہر و نان و نفقہ نہ دینا (روٹی، کپڑا، مکان)۔
۲۔ سسرالیوں سے ناجائز مطالبے کرنا، بے جا چیزیں مانگنا۔
۳۔ بیوی کے خاندانی معاملات میں مداخلت کرنا، طعنے دینا، معنے مارنا۔
۴۔ عبادتِ خداوندی سے روکنا، میکے گھر جانے سے روکنا اور سب سے بڑھ کر دوسری شادی کر لینے کی تڑیاں لگانا۔
۵۔ مار پیٹ، گالی گلوچ، عزتِ نفس کو مجروح کرنا، بُرے نام رکھنا، عیب جوئی کرنا، تہمت لگانا اور ماضی کی باتیں دُہرا کر دِل آزاری کرنا۔

مختلف حالات اور مختلف مواقع پر ان زیادتیوں کی فہرست اور بھی طویل ہو جاتی ہے، جس میں بعض بدبخت اپنی بیویوں کو ڈنڈے مارتے ہیں، گھسن مکّی کرتے ہیں، جسم کے اعضاء کاٹ دیتے ہیں اور بعض بدبخت قتل کر دیتے ہیں اور بعد میں چولہا پھٹنے کا بہانہ بنا لیتے ہیں۔

## لفظ ''اِعْرَاضًا'' کی وضاحت

قرآنِ پاک کی اس آیت میں مرد کا اعراض کرنا سے مراد بیوی کے حقوق سے پہلوتہی کرنا اور آئیں بائیں شائیں کرنا ہے۔ آیئے ایک چھوٹی سی فہرست کے ذریعے شوہر کے اعراض کی تھوڑی سی وضاحت کریں:

۱۔ بیوی کے حقوق ادا نہ کرنا۔
۲۔ سسرالیوں کو وقت نہ دینا۔
۳۔ غیر محرم عورتوں میں دلچسپی لینا۔
۴۔ عورت کی جائز تعریف نہ کرنا۔
۵۔ اکیلے حج اور عمرے کے مزے لوٹنا۔
۶۔ وقت نہ دینا اور بے رغبتی اختیار کرنا۔
۷۔ بیوی کی بجائے دوسری عورتوں کی بات کو ترجیح دینا۔
۸۔ ٹی وی، وی سی آر اور کمپیوٹر بازی (Chatting) اور گناہ بے لذت میں مشغول رہنا۔

یہ وہ چند ایک اہم پہلو ہیں جو اعراض، بے رغبتی، پہلوتہی اور قصداً بے

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً. (النحل:97)

ترجمہ: جوشخص اعمالِ صالحہ اختیار کرے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ صاحبِ ایمان ہو تو ہم اس کو پاکیزہ زندگی دیں گے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ م يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ. (التوبہ:71)

ترجمہ: اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دینی رفیق ہیں۔ ایک دوسرے کو اچھی باتوں کی تعلیم دیتے ہیں اور بُری باتوں سے روکتے ہیں۔ اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں۔ اللہ ان لوگوں پر ضرور اپنی رحمت نازل کرے گا۔ بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

# عورت کی مختلف حیثیتیں

اسلام نے عورت کو ماں، بیٹی، بہن اور بیوی تمام حیثیتوں سے قابلِ احترام قرار دیا ہے۔ ماں کے قدموں تلے جنت بتلائی، اور بیٹی کے حقوق بیان کئے اور بیوی کے ساتھ حسنِ سلوک کی تلقین خصوصی طور پر رسولِ کریم ﷺ نے بیان فرمائی۔

## حقوق میں مساوات

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ط وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ.

(النساء:32)

ترجمہ: تم کسی ایسے عمل میں تمنا نہ کرو جس میں اللہ نے بعضوں کو بعض پر فضیلت دی ہے، مردوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور عورتوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ۔

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِىْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ. (البقرۃ:228)

ترجمہ: اور عورتوں کا بھی حق ایسا ہی ہے جیسا اُن پر ہے شرع کے موافق۔

## تعلیمِ نسواں

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ حضور ﷺ کو تعلیمِ نسواں کا خاص خیال تھا۔ عورتیں جمعہ وعیدین کی نمازوں میں شریک ہوتیں اور حضور ﷺ کے ارشادات سنتیں۔ حضور ﷺ نے عورتوں کو وعظ ونصیحت کے لئے ہفتہ میں ایک دن مقرر فرما رکھا تھا۔

## ستم بالائے ستم

اوپر والی ساری حقیقتوں سے آگاہ ہو جانے کے باوجود آج بڑے بڑے بڑے پڑھے لکھے (Educated) اور عقل و دانش کے مالک اور اُن کی اکثریت مسلمان ہونے کے باوجود عورت کو عملی طور پر کیا مقام دیتے ہیں؟ جب وہ ایک بیوی کی حیثیت سے ان کے سامنے آتی ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ جس طرح ہم نے مرد کے اختیارات اور فضائل کی چھوٹی سی منقبت تحریر کی ہے، ایسے ہی آج کے دَور کی، ہمارے اپنے معاشرے کی بیوی کو شوہر کے مدّ مقابل رکھتے ہوئے کیسے پیش کیا جاسکتا ہے؟

۱۔ بیوی طلاق نہیں دے سکتی۔
۲۔ جسمانی طاقت میں عورت مرد کے پاسکو بھی نہیں ہے۔
۳۔ بیوی شوہر کے گھر میں تنِ تنہا ہے اور اپنے مجازی خدا کے رحم وکرم پر ہے۔
۴۔ بیوی کے ماں باپ، بہن بھائی، عزیز واقارب اور سہیلیاں وہم جولیاں پیچھے رہ گئی ہیں۔
۵۔ شوہر کے نجی، معاشی، معاشرتی، سیاسی اور دیگر معمولات میں عورت مخل ہونے کا اختیار نہیں رکھتی۔
۶۔ اسے شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر پاؤں رکھنے کی اجازت نہیں، حتیٰ کہ کاروبار کرنا تو ایک طرف، وہ اپنے میکے گھر فون تک بھی نہیں کر

### قدیم ایرانی عورت

ایران میں عورت کی حیثیت بھی کچھ ایسی ہی تھی۔ اس کی ذات میں مرد کو کوئی بھی اخلاقی خوبی نظر نہیں آئی۔ عورت بالکل بے بس اور مجبور تھی۔

### یہودیت میں مقامِ عورت

یہودیت میں عورت کی حیثیت مکار اور نسلِ انسان کی دشمن کی ہے۔ مرد وارث کی موجودگی میں وراثت سے محروم رہے گی۔ خاوند کی وفات کے بعد دوسری شادی کی اجازت نہیں۔ عورت ایک ناپاک وجود ہے اور کائنات میں معصیّت صرف اسی کے دَم سے ہے۔

### عیسائیت میں مقامِ عورت

ایک مشہور مسیح راہنما ٹارٹولیم (Tortulliam) کا فرمان قابلِ غور ہے:

''عورت شیطان کے آنے کا دروازہ ہے، وہ شجرۂ ممنوعہ کی طرف لے جانے والی، خدا کے قانون کو توڑنے والی اور خدا کی تصویر یعنی مرد کو غارت کرنے والی ہے۔''

عیسائیوں میں ایک عرصے تک یہ بحث چلتی رہی کہ عورت کے اندر روح بھی ہے کہ نہیں، بالآخر یہ فیصلہ ہوا کہ اس کے اندر روح تو ہے مگر خبیث روح۔

### ہندومت میں عورت کی حیثیت

مولانا اکبر شاہ نجیب نے اپنی کتاب ''نظامِ سلطنت'' میں ہندومت عورت کی تصویر کشی یوں کی ہے:

- ہندومت میں جھوٹ بولنا عورت کا ذاتی خاصہ ہے۔
- دریا، سپاہی، سینگ رکھنے والا جانور، بادشاہ اور عورت پر کبھی بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔
- جھوٹ بولنا، بلا سوچے سمجھے کام کرنا، فریب وحماقت، طمع اور بے رُخی یہ سب عورت کے جبلّی عیوب ہیں۔
- شہزادوں سے اخلاق وتہذیب، عالموں سے شیریں بیانی، قمار بازوں سے دروغ گوئی اور عورت سے مکاری سیکھنی چاہئے۔
- عورت کے لئے ضروری ہے کہ وہ بچپن میں اپنے باپ کے ماتحت رہے، جوانی میں شوہر اور بیوہ ہونے کے بعد بیٹوں کے ماتحت رہے۔

### زمانۂ جاہلیت میں عورت کی حیثیت

زمانۂ جاہلیت میں لڑکی باعثِ ذلت سمجھی جاتی تھی۔ بعض قبائل میں تو لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ نکاح پر کوئی پابندی نہ تھی۔ ایسا بھی ہوتا کہ بیٹا باپ کی بیوی سے شادی کر لیتا۔ طلاق دینے کا کوئی اُصول متعیّن نہ تھا۔ عورت کو وراثت میں سے حصہ نہیں ملتا تھا۔ اُس وقت کی عورت کی تذلیل کو قرآن نے یوں بیان کیا ہے:

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ. يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ط اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ط اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ. (النحل:59-58)

ترجمہ: جب ان میں سے کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خبر ملتی ہے تو اُس کا منہ غم کے سبب سے سیاہ پڑ جاتا اور اُس کا دل اندوہناک ہو جاتا۔ تو اِس خبر بد سے لوگوں سے چھپتا پھرتا اور سوچتا، آیا ذلت برداشت کر کے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں گاڑ دے۔ دیکھو یہ جو تجویز کرتے ہیں بہت بُری ہے۔

### اسلام میں عورت کا مقام

اسلام نے دنیا کو بتایا کہ زندگی مرد وعورت دونوں کی محتاج ہے اور عورت کو معاشرے میں حقیر سمجھ کر انسانی معاشرے کی کوئی خدمت نہیں کی جا سکتی۔ دراصل قدرت (اللہ تعالیٰ) مرد وعورت دونوں سے کام لینا چاہتی ہے۔ اور اُن میں سے کسی فریق پر ظلم پوری انسانی زندگی کے لئے باعثِ فساد بن سکتا ہے۔ قرآن میں عورت کی حیثیت کے بارے میں تین پہلو قابلِ غور ہیں:

۱۔ انسانی فضیلت کے تذکرہ میں مرد وعورت دونوں شریک ہیں۔
۲۔ انسانی فلاح ایمان وعمل پر موقوف ہے، اس میں مرد وعورت دونوں شامل ہیں۔
۳۔ جس طرح صالح بننے کی صلاحیتیں مرد میں موجود ہیں، عورت میں بھی موجود ہیں۔ اور اسی طرح بُری خواہشات جو عورت کو بگاڑ سکتی ہیں، مرد بھی ان کا شکار ہو سکتا ہے۔

قرآن میں ہے:

زیادہ غیر محفوظ اور نازک مقام پر ہوتی ہے، کیونکہ اگر مرد عورت کو خوار اور رُسوا کرنے پر تُل جائے تو وہ زیادہ با اختیار حالت (Position) میں ہے۔

آیئے ذرا مرد کے ان اختیارات کی مختصر سی فہرست بنائیں جو اُسے ازخود حاصل ہیں:

۱۔ طلاق دینے کا حق۔
۲۔ نان ونفقہ یعنی حقہ پانی بند کرنے کا اختیار۔
۳۔ شوہر روٹی، کپڑا اور مکان (گُلی، گُلی اور جُلی) کا مالک۔
۴۔ قانونی طور پر تمام بیٹے اور بیٹیاں بھی باپ کی ملکیت ہیں۔
۵۔ جسمانی قوت، دلیری اور مار کٹائی کی صورت میں مرد زیادہ لڑاکا ثابت ہوا ہے۔
۶۔ معاشرتی نقطۂ نظر سے شوہر بحیثیت داماد اور بہنوئی بیوی کے خاندان پر نفسیاتی فوقیت رکھتا ہے۔
۷۔ شوہر کے ماں باپ، بہن بھائی، دوست احباب دائیں بائیں دست و بازو ہر وقت حاضر باش ہیں۔
۸۔ معاشی کفالت کی صورت میں دو دو اور تین تین اور چار چار بیویاں ایک وقت میں اپنے نکاح میں رکھنے کے اختیار بھی مرد کے پاس۔
۹۔ بیوی کا مجازی خدا ہونے کے ناطے زندگی کے آخری سانس تک کسی بھی وقت تین حرف لکھ کر بیوی کو ہر قسم کے وراثتی، نسلی، معاشرتی، معاشی اور اخلاقی استحکام سے بے آسرا کر سکتا ہے۔
۱۰۔ پھر موجودہ دَور کے مردوں کے اس معاشرہ میں، جہاں عورت کو ہاتھ کی چھڑی، جیب کی گھڑی اور پاؤں کی جوتی سمجھا جاتا ہو، تو کون پاگل دانشور بیوی کی حمایت میں زبان کھولے گا۔

## عورت کی بے سروسامانی

آیئے! اب تصویر کے دوسرے رُخ کو دیکھیں کہ بیوی کس مقام پر کھڑی ہے۔ کیا وہ ظالم ہے کہ مظلوم؟ کیا وہ پاگل ہے کہ ہوش مند؟

اگر آزادیٔ نسواں کے ٹھیکیدار بُرا نہ منائیں تو تصویر کے ایک خوفناک مگر سچے اور سُچے منظر سے میں تھوڑی دیر کے لئے پردہ اُٹھانا چاہتا ہوں کہ اسلام سے پہلے عورت کو دنیا کی مہذب اقوام نے کیا درجہ اور مقام دے رکھا تھا۔

### معاشرے کا ناگزیر عنصر

انسانی زندگی میں استحکام اور فساد کی بنیاد مرد و عورت کا تعلق متوازن اور غیر متوازن ہونے پر ہے۔ مرد و عورت انسانی زندگی کا لازم و ملزوم حصہ ہیں اور تخلیقِ انسانی میں دونوں قابلِ احترام ہیں۔ چنانچہ سورۃ النساء کا آغاز اِسی تصور سے ہوتا ہے:

يَآيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ.

(النساء:1)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔

چنانچہ یہ اَمر طے شدہ ہے کہ عورت نصف انسانیت ہے۔ معاشرہ ترقی کے ابتدائی مراحل میں ہو یا عروج کی منازل طے کر رہا ہو، یہ بات مسلّم ہے کہ عورت معاشرے کا ایک ناگزیر عنصر ہے اور اِسے کبھی بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے پہلے کہ ہم عورت کی حیثیت کے بارے میں اسلامی نقطۂ نظر پیش کریں، قبل از اسلام تہذیبوں کا زاویۂ نگاہ معلوم کرنا ضروری ہے۔

### قدیم یونانی عورت

افلاطون نے مرد اور عورت کی مساوات کا دعویٰ کیا تھا، مگر یہ محض لسانی تعلیم تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ اخلاقی بنیادوں پر عورت کی حیثیت ایک بے بس غلام کی تھی اور مرد کو اُس معاشرے میں ہر اعتبار سے عورت پر فوقیت حاصل تھی۔ بلکہ بداخلاقی کی اس فضاء میں صرف عورت ہی ہوس کا نشانہ تھی۔ اور نظریاتی طور پر عورت کو مسائلِ کل کی جڑ قرار دیا جاتا تھا۔

### قدیم رومی عورت

رومی معاشرے میں باپ اور شوہر کو یہ اختیارات مل گئے کہ وہ جب چاہیں عورت کو گھر سے نکال دیں۔ بلکہ شوہر کو تو یہ بھی اختیار تھا کہ جب چاہے اپنی بیوی کو قتل کر دے۔ غلاموں کی طرح عورت کا مقصد صرف خدمت اور نوکری تھا۔ معاشرے میں اس کی گواہی کو معتبر خیال نہیں کیا جاتا تھا۔

# شوہر اور بیوی میں تصادم!

(وجوہات وعلاجات)

از پروفیسر محمد عظیم فاروقی

ہمارے کلام کا یہ حصہ سب سے اہم اور نازک ہے اور دلچسپ بھی ہے، کیونکہ کسی خرابی کو ڈھونڈنا، اس کی اصلاح کرنا اور پھر اُس کو فطری و منطقی انجام تک پہنچانا، کہیں زیادہ مشکل ہے۔ آیئے اس نازک مرحلے پر غور وفکر کریں۔

## رحمِ مادر اور بچہ

یہ بات طے ہو چکی ہے کہ معاشرے کی ہر خوبی اور خامی کی اصل اساس اور بنیاد شوہر اور بیوی کی باہمی معاملہ بندی ہے۔ اگر ان دونوں نے اپنے بچوں کو امن اور پاکیزگی کا ماحول دیا ہے تو یقیناً معاشرہ امن اور پاکیزگی کا گہوارہ بن جائے گا، ورنہ نہیں۔ ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ بچی اور بچے کی 75% سے لے کر 85% تک تعلیم وتربیت کا مرحلہ ماں کی آغوش اور باپ کے آنگن میں اُس وقت طے پا جاتا ہے، جب اُس کی عمر ابھی تین سال بھی نہیں ہو پاتی۔

یاد رکھیں، بچہ صرف منہ سے بول نہیں سکتا، اپنے احساسات کا پورا اظہار نہیں کرسکتا، ورنہ وہ اپنے ماں اور باپ کی ایک ایک حرکت، عادت، گفتگو کرنے کا انداز، میل ملاپ، ملاقات کے آداب، نفرت ومحبت کے اظہار، شرافت وکمینگی کے احوال سب سے بخوبی آگاہ ہوتا ہے، سمجھتا ہے اور اپنے دل کے کورے کاغذ پر نقش کرتا ہے اور نہ مٹنے والی سیاہی کے ساتھ ان کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنے باطن میں اور لاشعور میں جذب کر لیتا ہے، جو آنے والی زندگی کے تمام ماہ وسال میں وہ ایک ایک کر کے ظاہر کرتا رہتا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ اولاد کے لئے اس کے پہلے اور آخری آئیڈیل اس کے ماں باپ ہی ہوتے ہیں، چاہے وہ نیک ہوں یا بد، متقی ہوں یا گنہگار۔ بلکہ ماہرین کی تحقیق ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں ہونے کی حالت میں بھی ماحول سے متاثر ہوتا رہتا ہے۔ اس دوران جو میاں بیوی لڑتے جھگڑتے ہیں، وہ اپنی نسل کو پیدا ہونے سے پہلے ہی برباد کر لیتے ہیں۔ لہٰذا حمل کے ایام میں شوہر کو چاہئے کہ اپنی شریکِ حیات کو معمول سے زیادہ اُلفت ومحبت دے، تاکہ اس کی نسل مثالی بن سکے۔

معاشرے میں شاید ہی کوئی ایسا گھر ہوگا جہاں میاں بیوی میں نوک جھونک نہ ہوتی ہو یا بحث وتکرار نہ چلتا ہو۔ لیکن آفرین ہے اُن ماں باپ پر جو اپنے باہمی اختلافات اور تنازعات کو نمٹانے کے لئے اپنے بچوں سے الگ بند کمرے میں بیٹھ جاتے ہیں۔ لیکن یہ مسئلے کا ہرگز کافی وشافی حل نہیں ہے۔ آیئے ان جھگڑوں اور فتنوں کا کھوج لگائیں جو ہمارے گھریلو نظام کو خوفناک اژدہا بن کر نگل جاتے ہیں اور پھر ڈکار بھی نہیں مارتے۔ اس ضمن میں قرآنِ پاک کی ایک آیت موقع محل کے عین مطابق ہماری بھرپور رہنمائی کرتی ہے۔

## حکمِ قرآنی اور اصلاحِ احوال

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ط وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ط وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ط وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا. (النساء:128)

ترجمہ: اور اگر عورت اپنے شوہر سے خوفزدہ ہو زیادتی اور بے رغبتی کے سبب، پس ان دونوں پر کوئی حرج نہیں کہ وہ دونوں آپس میں صلح کر لیں اور صلح کرنا بہتر ہے، اور پایا گیا ہے انسانوں کے اندر بخل وخودغرضی اور اگر تم اصلاح کر لو اور تقویٰ اختیار کرو تو بیشک اللہ تعالیٰ خبریں رکھنے والا ہے جو کچھ تم عمل کرتے ہو۔

اُردو کی ایک کہاوت ہے کہ ''تالی ہمیشہ دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔''

It takes two to make a quarrel.

## شوہر کی قوت واختیار

شوہر اور بیوی کے باہمی تصادم (Clash) کے نقطۂ نظر سے عورت

کی عادتیں اور خصلتیں دیکھ کر لوگ رَشک کریں کہ کون سے مدرسے میں پڑھتی ہے! اس کی کون سی باجی ہے!......لوگ آرزو کریں، کاش! ایسی نیک بیٹی، ایسی پاکیزہ بیٹی ہمارے گھر میں ہو، ہماری بیٹی بنے، ہماری بہو بنے۔ اللہ اکبر!

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ جب بیٹے کا رشتہ دیکھنے جاؤ تو لوگ چار وجہ سے رشتہ کرتے ہیں؛ یا تو عورت کا ظاہری حسن و جمال دیکھ کر، یا اس کا جہیز دیکھ کر، یا اس کا خاندان دیکھ کر۔ چوتھے نمبر پر فرمایا کہ اچھی عادتیں دیکھ کر۔

فرمایا، میرے صحابہ، میرے امتیو ں! جب تم نے شادی کرنی ہو تو نہ اس کا ظاہری حسن و جمال دیکھو، نہ اس کا جہیز دیکھو، نہ اونچا خاندان دیکھو، بس یہ دیکھو کہ اس کی عادتیں کیسی ہیں، آداب کیسے ہیں، خصائل کیسے ہیں، سیرت کیسی ہے۔

سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا
سیرت نہ ہو تو عارض و رخسار سب غلط
خوشبو اُڑی تو پھول فقط رنگ رہ گیا

ایک روز سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنی شریکِ حیات سے فرمایا کہ تم بیٹے (عاصم) کا رشتہ ڈھونڈ رہی ہو تو فلاں جگہ جاؤ، وہاں ایک بیٹی ہے، نیک خصلت، اچھی عادتیں ہیں۔ جاؤ، اُس گھر جا کر بیٹے کے لئے رشتہ مانگو۔

ان کی زوجہ جب اس گھر گئیں تو اُس بچی کی ماں، وہ بی بی کہنے لگی، محترمہ! آپ امیر المومنینؓ کی شریکِ حیات ہیں، آپ کا خاندان اونچا ہے، آپ اعلیٰ، آپ کا عہدہ واقتدار اونچا ہے، مگر ہم تو عام گجر ہیں، ہم دودھ بیچتے ہیں، ہم تو مسکین و غریب لوگ ہیں، ہمارا اور آپ کا جوڑ نہیں بنتا۔

کہا، نہیں نہیں، امیر المومنین کی یہ خواہش ہے۔ نیک سیرت بیٹی اس گھر میں رہتی ہے وہ میری بہو ہونی چاہئے، کیونکہ ''اس نے ماں کو دودھ میں پانی نہیں ملانے دیا تھا۔''

(کاروبار کا بھی ایک ادب ہے۔)

اور اُس بیٹی سے (اللہ اکبر!) پانچویں خلفائے راشد سیّدنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ زمانے کا امام، محدثوں کا امام، مومنین کا امام، اولیاء کے امام نے اس بیٹی کی آغوش سے جنم لیا۔

تو دخترانِ اسلام!

جو سیکھتی ہو تو آپ کا کردار قابلِ رشک ہو۔ اکثر گھرانوں سے شکایتیں آتی ہیں کہ بچیوں کی شادیاں ہوتی ہیں، وہ اگلے گھر جا کر پواڑے ڈال دیتی ہیں۔ رَولے، مصیبتیں، کھپ، وبالِ جان بنا دیتی ہیں، ناک میں دَم کر دیتی ہیں۔ ساس کا، سُسر کا، گھر والوں کا سکون وچین چھن جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں، یہ کہاں سے پڑھی ہے؟ وہ کہیں کہ باجی نبیلہ فاروقی کی شاگردہ ہیں۔ کہاں پڑھتی تھی؟ یہ بابا حنیف صاحب کے مدرسہ میں......آپ کے پلّے کیا رہا! آپ کی باجی کے پلّے کیا رہا!

اچھا کون بابا اور نبیلہ فاروقی، وہ جن کا پروفیسر محمد عظیم فاروقی سے بڑا گہرا تعلق ہے، ان کے مرید ہیں......اب سب کی عزت لاہ پلاہ کر اُن کے ہاتھ میں پکڑا دی۔

کہتے ہیں، لعنت ہے (نعوذ باللہ) تمہارے فلاں پر، تمہارے ٹمکاں پر۔

بعض کہتی ہیں، تیرے دادے دی داڑھی گویا دادے دی داڑھی ہگاں۔

گویا دادے تک جا کر غلاظت پھیلانی شروع کر دیتی ہیں، پیشاب، پاٹیاں شروع کر دیتی ہیں، آپ کے معمولی سے رویہ سے...... کیونکہ آپ کا جگ استعمال ہو گیا ہے۔

''ہائے! میرا جگ، میرے جہیز کا جگ...... ہائے! میرا جگ، میرا اماں نے دِتا سی، ہائے میرا جگ!...... میں جہیز وِچ لے کے آئی ساں......وے پھکیو، ننگیوں کمینو، تواڈے کول تے جگ وی نہیں ہیگا......میرا جگ استعمال کر دے او......وے ٹُٹ مرنے او......''

تو سوچ! کیا رہا قرآن پڑھنے کا فائدہ، کیا رہا دو سال مدرسہ میں گزارنے کا، کیا رہا بیعت کرنے کا فائدہ، کیا رہا دین سیکھنے کا فائدہ......

اس سے بہتر تھا کہ آپ نے کچھ نہ پڑھا ہوتا اور سب کو اپنا جگ پیش کرتیں، ''لے لیں، کوئی بات نہیں، یہ تو استعمال کی چیز ہے، خیر ہے ٹوٹ گیا تو اللہ اور دے گا۔

(بقیہ صفحہ 42 پر)

''سرکار! میرے خضر آپ ہیں۔''

سینے نے جوش مارا، اُٹھ کر کھڑے ہو گئے، اس بچے کو سینے سے لگایا، آسمان کی طرف دیکھ کر کہا، یااللہ! اس نے ادب کا حق ادا کر دیا ہے تو کرم کا حق ادا کر دے۔ دعا مانگی، ''مولا سائیں! مولا سائیں! مینڈھے سیال نوں رنگ لائیں۔'' دو دفعہ فرمایا۔

وہ معصوم بچہ جو سب سے جاہلوں کی بستی سے آیا تھا، اجڈوں اور پینڈوؤں کی بستی سے آیا تھا، وہ بستی، وہ سیال پھر سیال شریف بن گیا۔ اللہ اکبر!

اور وہ شمس الدین سیالوی سارے ولیوں کا امام بن گیا۔ سبحان اللہ!

اور اس کا صاحبزادہ خواجہ قمر الدین سیالوی پورے پاکستان کا جمعیت علمائے پاکستان، سارے علماء کا صدر بن گیا۔

ع ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

ادب سیکھئے، یہی ولایت ہے۔ ماں کا ادب، باپ کا ادب، ساس کا ادب، سُسر کا ادب، ہر ایک کا ادب۔

میں کیا تفصیلات آپ کے سامنے پیش کروں، ماشاء اللہ! آپ سب صاحبِ علم ہیں، قرآن پڑھتی اور پڑھاتی ہیں، تو آپ بھی ادب سیکھا کریں۔ ہر کام کا ادب...... پانی پینا ہے تو ادب کے ساتھ، کھانا کھانا ہے چھ (٦) اُس کے ادب، کپڑے پہننے ہیں، چاہے اُس کے سات ادب ہوں، پورے کریں۔ آداب کو سامنے رکھ کر ہر کام کریں۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں، جس نے ادب کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے (جو ادب میں نے سکھایا ہے) پانی کا ایک گھونٹ بھی اُس ادب کے ساتھ اپنے حلق سے اتارا ہے اُس کو اُحد پہاڑ جتنی نیکیوں کا ثواب میں اللہ سے لے کر دوں گا۔

پھر سونے کا ادب ہے۔ فرمایا، بستر پاک ہونا چاہئے، چادر پاک ہونی چاہئے۔ جب ہم سوتے ہیں، اللہ معاف فرمائے، نہ چادر پاک، نہ گدّا پاک، نہ کپڑے پاک، نہ خیالات پاک، نہ جسم پاک، پھر سوتے ہی ہمیں چڑیلیں نظر آتی ہیں، بھوتنے نظر آتے ہیں، لگڑ بگڑ دائیں بائیں پھرتے ہیں، جانور نظر آتے ہیں، گندی گندی خوابیں نظر آتی ہیں۔ جب اتنی بے ادبی کے ساتھ سوئیں گے تو جبرائیل تو نظر نہیں آئے گا، پھر تو بھوت اور بھوتنیاں ہی نظر آئیں گی۔

حضرت صاحب سے پوچھا، سرکار! آپ یورپ گئے تھے تو یورپ اور پاکستان میں آپ نے کیا فرق پایا، ہم مسلمانوں میں اور اُن میں؟

فرمایا، بیٹا! پہلی بات تو یہ ہے کہ جو باتیں ہم مسلمانوں کو کرنی چاہئیں وہ انگریزوں نے اپنا لیں۔

میں نے عرض کیا، حضور! وہ کیا؟

فرمایا، ہمارے سونے کا بستر اتنا صاف نہیں ہوتا، ہمارا باورچی خانہ اتنا صاف نہیں ہوتا، حتیٰ کہ ہم مساجد اتنی صاف نہیں رکھتے جتنے اُن کے واش روم صاف ہوتے ہیں۔ ہمارے بستر اتنے صاف نہیں ہوتے، ہمارے نماز پڑھنے کے مصلّے اتنے صاف نہیں ہوتے، بلکہ اکثر گھروں میں جو سب سے گندی شے ہوتی ہے وہ مصلّے ہوتے ہیں، اور خاص طور پر وہ جگہ جس پر پیشانی رکھتے ہیں وہ سب سے گندی ہوتی ہے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جب کوئی ادب کے ساتھ سجدہ کرتا ہے، سارے آدابِ سجدہ بجالاتے ہوئے اپنا سر جس وقت زمین پر رکھتا ہے، مصلّے پر رکھتا ہے تو حدیث قدسی میں اللہ فرماتا ہے، میں اس کا سَر وہاں سے اُٹھا کر اپنی رحمت کی گود میں رکھ لیتا ہوں، رحمت کی آغوش میں لے آتا ہوں۔ اے میرے بندے! تو نے ظاہری ادب کا حق ادا کر دیا تو باطنی ادب کا حق میں ادا کرتا ہوں۔ فرمایا:

فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ. (سورۃ الزاریات:50)

ترجمہ: اللہ کی طرف دوڑو۔

فرمایا کہ جتنی ہمت تجھ میں تھی قریب ہونے کی ہم ہو گئے۔ اب تمہارا سر وہاں سے اٹھا کر اپنی رحمت کی آغوش میں رکھنا میرا کام ہے۔

دخترانِ عزیز! میں آپ کو پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اللہ نے آپ کو یہ توفیق ارزانی فرمائی کہ اس مدرسے کے ساتھ آپ کی وابستگی ہے، یہ آپ کی خوش بختی کی علامت ہے۔ لیکن یہ خوش بختی مدرسہ تک محدود نہیں رہنی چاہئے۔ جب آپ گھر جائیں تو آپ کے آداب دیکھ کر، آپ کی شرم وحیا دیکھ کر، آپ

بوڑھے ہوں گے، آپ اپنے آپ سے پوچھنا کہ کیا بنتی ہے) تو جسمانی طاقتیں کمزور ہو جاتی ہیں، دماغی طاقتیں کمزور ہو جاتی ہیں۔ بعض کی قوتِ برداشت کم ہو جاتی ہے۔ نظر کمزور، کان کمزور، دانت کمزور، ہاتھ کمزور، پاؤں کمزور، وہ اس کے بس میں نہیں رہتا۔

تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے بے زین دھرو بابا
اب اشک بہاؤ آنکھوں سے اور آہیں سرد بھرو بابا

اگر دس چھوٹے بچے اکٹھے کریں تو ایک بوڑھا ان پہ بھاری ہے۔ بچگانہ پن آ جاتا ہے۔

آپ پہلے یہ سمجھ لیں کہ آپ کی بوڑھی والدہ ہے، بوڑھی ساس ہے، بوڑھا باپ ہے، سُسر بوڑھا ہے، دادا دادی بوڑھے ہیں۔ پہلے یہ سمجھیں کہ وہ بوڑھا ہے، وہ دس بچوں جتنی حماقتیں کرے گا، وہ آپ پر تھوک بھی پھینکے گا، وہ آپ پر کھنگار بھی پھینکے گا، وہ آپ پر کلّی بھی کر دے گا، وہ آپ کو ہر بات پر ٹوکے گا بھی۔

''نی ایہہ کپڑے پائے نی! کتھے چلّی ایں ٹٹ مرنیئے!'' یہ کیا، فلاں کیا ہے!

بوڑھا کہتے ہی اس کو ہیں جو ضدی ہو جائے، وہ اس طرح کی بے شمار باتیں کرے گا لیکن پھر بھی اس کا ادب کر کے دکھا دو۔

خدا کی قسم! وہی ولی ہے۔ ولی اس کو نہیں کہتے کہ اگر کوئی ادب سے پیش آیا، اس کا جواب ادب سے دے دیا۔ نہیں نہیں، بلکہ ولی اللہ وہ ہے کہ لوگ کوڑا سر پہ پھینکیں، لیکن وہ پھر بھی پھول برسائے۔ اللہ اکبر!

قرآن نے جو دوسری نشانی بیان کی، فرمایا:

وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا. (سورۃ الفرقان:63)

یعنی جسے بات کرنے کا ڈھنگ آ جائے، بات کرنے کا سلیقہ آ جائے، وہ اللہ کا ولی ہے، وہ اللہ کا درویش ہے، وہ خطیب ہے، وہ عالم ہے، وہ بزرگ ہے، چاہے اس نے دنیا کا کوئی علم نہ پڑھا ہو، وہ دنیا کی کسی گدی کا وارث نہ ہو، کسی بڑی مسجد، منبر و محراب کا وارث نہ ہو۔ اللہ اکبر!

## اللہ والے کی ادائے محبت

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ شمس الدین سیالویؒ کی بات عرض کر رہا ہوں۔ آپ اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں بیٹھے تھے، پیر پٹھان کی خدمت میں بیٹھے تھے اور وہاں ایک بزرگ تشریف لائے بیٹھے تھے۔ کلام و بات چیت ہوئی، اور خلفاء و مریدین بھی بیٹھے تھے۔ وہ بزرگ اجازت لے کر چلے گئے۔ جب وہ کچھ دیر بعد دروازے کے قریب پہنچے تو پیر پٹھان اپنے خلفاء کی طرف متوجہ ہوئے۔ فرمایا، پتہ ہے یہ کون ہیں؟ یہ بابا جی جو باہر نکل رہے ہیں یہ حضرت خضر علیہ السّلام ہیں۔ جن کو ملنے کی نبیؑ تمنا کرتے ہیں، نبیؑ آرزو کرتے ہیں، ولی جن کی راہ تکتے رہتے ہیں۔ غوث، قطب، ابدال جن کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں، یہ وہ خضر علیہ السّلام ہیں۔

خلفاء اٹھ بھاگے، مریدین اُٹھ بھاگے۔ کسی نے قمیض پکڑ لی، کسی نے چادر پکڑ لی، کسی نے پاؤں پکڑ لئے، کوئی ہاتھ چوم رہا ہے، کوئی پاؤں چوم رہا ہے۔ پیر پٹھان نے دیکھا کہ ایک بچہ جو ہے وہ بیٹھا ہوا ہے، آپ کے پاؤں دبا رہا ہے۔

''اوئے تم کون ہو؟''

''سرکار! میں شمس الدین ہوں۔''

''کتھوں آیا ایں؟''

''سرکار! میں سیال توں آیا ہاں۔''

فرمایا، بیٹا! تم بھی جاؤ، خضر علیہ السّلام آئے ہیں زیارت کرو، مصافحہ کرو، ہاتھ چومو۔

اب پیر کا ادب پیشِ نظر تھا، لہٰذا عرض کیا، سرکار! میرے خضر تے تسی او۔ آپ ہیں سرکار میرے خضر۔

فرمایا، شمس الدین! کیا کہہ رہے ہو؟ او سیال والے! کیا کہہ رہے ہو؟

سرکار! میرے خضرؑ آپ ہیں، مجھے نہیں چاہئے وہ خضر، میرے خضر تو آپ ہیں۔

(جب شیخ کی خدمت میں بیٹھیں تو اُس کا ادب ضروری ہے)۔

فرمایا، ''اچھا! یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟''

ناجائز بات ہے، رزق میں کوئی لقمہ ناجائز ہے۔ فلاں فلاں بات دیکھو، اپنا موازنہ کرو۔ جب تم اللہ، رسول کے حکم کے سانچے میں ڈھل جاؤ گی، ساری مصیبتیں پریشانیاں اللہ خود دفع دور کر دے گا۔

## داتا گنج بخشؒ کا واقعہ

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ میرے دشمن ہو گئے۔ میں نے اپنے حضرت صاحب سے کہا، سرکار! مجھے اجازت دیں میں ان کا منکا توڑ دوں، میں ان کے دانت کھٹے کر دوں، میں ان کی بنیادیں اکھاڑ دوں، میں تو ان کی بتیسی باہر نکال دوں، میں ان کو گُسّے اور مکّے مار مار کر اِن کا حلیہ بگاڑ دوں، میں انہیں تیر کی طرح سیدھا کر دوں۔

ان کے پیر و مرشد نے فرمایا، بیٹا! نہیں، تم یہ کام نہیں کر سکتے، یہ کام نہ کرنا۔ جو وقت ان کو زَد و کوب کرنے میں گزارنا ہے، گالی گلوچ کرنے میں گزارنا ہے، اُن کو بُرا بھلا کہنے میں، مار کٹائی میں، کافر کافر کہنے میں گزارنا ہے، وہ وقت تم اللہ اللہ کہنے میں گزار دو، قرآن پڑھنے میں گزار لو، اللہ کی عبادت میں گزارو، اپنے معاملات کی اصلاح اور چھان پھٹک میں گزارو۔ ان کی طرف زور لگانے کی بجائے اپنے اندر چھپے ہوئے نفس، شیطان کی پھیلائی ہوئی گندگیاں، غلاظتیں، بُری عادتیں دور کرنے میں گزار دو۔ جب تمہارا معاملہ ٹھیک ہو جائے گا تو اللہ نے وعدہ کیا ہے:

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ.

(سورۃ آل عمران:139)

ترجمہ: اور تم دل چھوٹا نہ کرو اور نہ غم کھاؤ اور تم ہی غالب آ کر رہو گے اگر تم مومن ہو۔

اللہ کے وعدے سچے ہیں۔

تو حضرت صاحبؒ فرمانے لگے کہ بیٹا! فقر سارے کا سارا ''ادب'' کا نام ہے۔ ادب سیکھئے۔ قرآن کیوں پڑھتے ہیں، ادب آ جائے۔ اور اگر قرآن پڑھ کر ادب نہ آیا تو کیا فائدہ!

تسبیح پھری پر دل نہ پھریا کی لینا تسبیح پھڑ کے ہُو
چلّے کٹے پر ادب نہ سکھیا کی لیناں چلّیاں وَڑ کے ہُو

جب کبھی ہمسائی سے بات کرنے لگے تو کہے، ''نی پیڑ یئے!'' تو کیا ادب ہو رہا ہے؟ نام لینے کی بجائے، نی کمینئے! ایہہ گل سُن میری۔ کیا یہ ادب ہو رہا ہے؟ ایک بی بی کو میں نے دیکھا کہ ٹیلی فون آیا، ''وے کیہڑا ایہہ، وے کیہڑا ایں'' بجائے اس کے کہ ''السّلام علیکم'' کہے، ''کون ہے'' کہے، کوئی حکم، کوئی بات، کوئی مسئلہ...... یعنی منہ کھلتے ہی پتہ چل گیا کہ کتنا/کتنی بے ادب ہے، کتنی نحش ہے۔

قرآن پڑھا ہوا ہے لیکن والدہ کی بات سننے کا شعور نہیں، حوصلہ نہیں۔ والد کی بات سننے کا سلیقہ نہیں۔ تو پھر کیا فائدہ ہے قرآن پڑھنے کا۔ کیا فائدہ ہے حدیث پڑھنے کا۔ کیا فائدہ ہے میٹرک، ایم اے، بی اے کرنے کا، جب آپ کو ماں باپ سے بھی بات کرنے کا ادب نہ آیا۔ بہن بھائیوں سے بات کرنے کا ادب نہ آیا، کپڑے پہننے کا ادب نہ آیا، روٹی کھانے کا سلیقہ نہ آیا۔ اگر آپ کو تھوک پھینکنے کا سلیقہ نہ آیا، نوزی صاف کرنے کا طریقہ نہ آیا، آپ کو اپنا لباس درست رکھنے کا سلیقہ نہ آیا تو علم کا کیا فائدہ! ادب ہی نہ سیکھا! سارا دین ادب کا نام ہے، سارا مذہب ادب کا نام ہے۔ خدا کی قسم! ادب سیکھئے۔

ع ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

## بزرگوں کا ادب

آقا صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں:

مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرِنَا وَ لَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا.

یعنی جس کو چھوٹوں پر شفقت کرنے کا ادب نہ آیا، بڑوں کی عزت کرنے کا ادب نہ آیا وہ ہم میں سے نہیں۔

دیکھیں قرآن میں کتنے کھلے الفاظ میں ماں باپ کا ادب کرنا سکھایا ہے۔ فرمایا:

فَلَاتَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا.

(سورۃ بنی اسرائیل:23)

یعنی اپنے ماں باپ کو نہ جھڑکو، انہیں اُف بھی نہ کہو، نرمی سے بات کرو۔

کیونکہ جب انسان بوڑھا ہو جاتا ہے، وہ نیم پاگل ہو جاتا ہے۔ (Frankly Speaking) بندہ جب بوڑھا ہو جاتا ہے (آپ بھی

استعمال کرنا ہے۔ سارا اہتمام کیا، کھانے لگے تو رمضان مسیح ہاتھ میں مانجھا (جھاڑو) پکڑا ہوا ہے، دابڑا اٹھایا ہوا ہے، صفائی کرنے کے لئے آ گیا۔ سوچ میں پڑ گئے کہ آقائے دو جہاں صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی قریب ہو، بھوکا ہو، اُسے کھانے کی دعوت دو۔ سوچ میں پڑ گئے کہ آقاؐ کا حکم یہ ہے اور کھانے کا ادب یہ ہے کہ دعوت دو۔ لیکن شاہ صاحب کا حکم یہ ہے کہ یہ چُوڑا ہے، چماڑ ہے، ذلیل ہے، حقیر ہے، عیسائی ہے، اچھوت ہے، وغیرہ وغیرہ۔ آقا صلّی اللہ علیہ وسلّم کا حکم کچھ اور ہے اور شاہ صاحب کا حکم اور ہے۔

سوچنے لگے! آج شاہ صاحب نہیں بنتے، آج کیوں نہ میں مسلمان بن جاؤں۔ سوچنے لگے! ایک طرف شاہ صاحب کھڑے ہو گئے۔ خبردار! تم آلِ رسول ہو، اہلِ بزرگ ہو، بہت بڑے لیڈر ہو، اور یہ چُوڑا ہے، یہ ذلیل ہے، یہ چماڑ ہے، یہ حقیر ہے، یہ کمی کمین ہے۔ پھر حکمِ رسولؐ سامنے آ گیا۔

یوں تو سیّد بھی ہو مرزا بھی ہو افغان بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تم مسلمان بھی ہو (اقبالؒ)

سوچ میں پڑ گئے۔ فیصلہ کر لیا کہ آج مرزا صاحب نہیں بننا، آج فلاں صاحب نہیں بننا، آج چٹھہ صاحب، بٹ صاحب، جٹ صاحب نہیں بننا، آج سیّد صاحب نہیں بننا۔ آج تو صرف مسلمان صاحب بننا ہے۔

کہا، رمضان مسیح! بات سنو۔

جی سرکار؟

بھئی کھانا آ گیا ہے، کھانے کا وقت ہے، آؤ ہاتھ دھو کر آؤ اور میرے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھالو۔

اس نے کہا، سرکار! کوئی پانچ سات چھتر میرے سر پر مار لیں، مگر اتنا بڑا ظلم نہ کریں۔ سرکار! آپ آلِ رسولؐ ہیں، آپ شاہ صاحب ہیں، میں آپ کے ساتھ کھاؤں؟؟؟

فرمایا، اوہ بھئی! نہیں نہیں، رمضان مسیح! میرے سوہنے آقا کا، میرے نبی پاکؐ کا یہی حکم ہے اور یہی کھانے کا ادب ہے۔

شاہ صاحب! مذاق تو نہیں کر رہے؟

نہیں رمضان مسیح! میں ٹھیک کہہ رہا ہوں۔ آج میں شاہ صاحب نہیں ہوں، آج میں مسلمان صاحب ہوں۔ آج مجھے شاہ جی نہیں بلکہ مسلمان جی کہو، آج میں کھانے کا ادب بیان کرنے لگا ہوں۔

اچھا شاہ جی! اچھا مسلمان صاحب! پھر جناب پانچ دس منٹ میرا انتظار کریں۔

تھوڑی دیر بعد رمضان مسیح واپس آیا تو مریم مسیح بھی اُس کے ساتھ ہے، عنایت مسیح بھی ساتھ ہے، ذوالفقار مسیح بھی ساتھ ہے، کرسچن ماں بھی ساتھ ہے، رابعہ مسیح بھی ساتھ ہے، گھر کے سات افراد کو اپنے ساتھ لے کر آیا اور کہنے لگا:

سرکار! اگر آپ کے نبیؐ کا یہی حکم ہے اور اسلامی کھانے کا یہی ادب ہے تو پہلے ہم سب کو کلمہ پڑھائیں، ہم سب کو مسلمان بنائیں، پھر ہم آپ کے ساتھ کھانا کھائیں گے۔

اللہ اکبر!

سیّد صاحب سوچنے لگے کہ ساری زندگی میں شاہ صاحب بنا رہا، میں پیر صاحب بنا رہا، صاحبزادہ بنا رہا، میں فلاں ٹمکاں بنا رہا، مگر کسی کو ''کلمہ'' پڑھانے کی سعادت نہیں ملی۔ آج میں نے کھانے کا ادب پورا کیا، اسلام کی بہاریں آ گئیں۔

ہم ولایت ڈھونڈتے ہیں، کوئی ایسی بات ہونی چاہئے کہ کوئی ہاتھوں پہ سرسوں جما دینی چاہئے، کسی کا چہرہ دیکھ کر بتا دینا چاہئے کہ تجھ پہ تیری تائی نے جادو کیا ہے، تمہاری پھوپھی نے تعویذ ڈالے ہیں۔ ہم کہتے ہیں، ہاں ہاں! یہ صحیح پہنچی ہوئی بات ہے، یہ صحیح پہنچا ہوا بزرگ ہے، اس نے دل کی بات بوجھ لی ہے۔ تمہاری ہمسائی تم سے حسد کرتی ہے، تمہاری نند جو ہے وہ تمہارے خلاف باتیں کرتی ہے۔ ہاں! یہ بالکل ٹھیک ہے، یہی ولی ہے۔

خدا کے بندو! وہ ولی نہیں، وہ شعبدہ باز ہے، وہ لڑاؤ جھگڑاؤ ہے، وہ خنزیر ہے، وہ بدبخت ہے، وہ منحوس ہے، وہ ظالم ہے جو تمہارے دل میں دوسرے کی محبت نہیں بلکہ نفرت ڈال رہا ہے، گھر میں امن نہیں فتنہ ڈال رہا ہے۔ وہ تمہارے مسئلے حل نہیں کرنے لگا، وہ تمہیں مزید مسائل میں الجھانے لگا ہے۔

اسے یہ کہنا چاہئے کہ بی بی! معلوم یہ ہوتا ہے کہ تمہاری پریشانی کا سبب یہ ہے کہ تمہارے گھر میں شاید کوئی نماز نہیں پڑھتا۔ شاید تمہارے گھر میں کوئی

مسلمان ہو جائیں گے، تب کہیں گے کہ ہاں! اب مسلمان زیادہ ہیں۔ ابھی اسلام کو، دینِ حق کو دنیا کے گوشے گوشے میں نافذ کرنا باقی ہے۔ اور یہ کام کس نے کرنا ہے؟ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں، علماء میرے وارث ہیں۔ یہ کام اب آپ نے کرنا ہے، میں نے کرنا ہے، ہم سب نے کرنا ہے، تب اسلام غالب ہوگا۔

فرمایا کہ لوگ مولویوں سے، ان صاحبزادوں سے، ان بڑے بڑے جبّوں قبّوں پر بیٹھنے والوں سے اس لئے تنگ ہیں، اس لئے دین سے دور ہیں کہ ہمارے علماء کو، پیروں کو، صاحبزادوں کو، خلفاء کو ادب نہیں آتا...... میں یہ نہیں کہتا کہ فلاں شے نہیں، فلاں شے نہیں، صرف ایک بات بتاتا ہوں کہ ''یہ بےادب ہیں۔''

ہم نے عرض کی، حضور! کس طرح بےادب ہیں؟

فرمایا کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ تمہارے محلے میں کوئی بیمار ہو، تمہارے پڑوس میں کوئی بیمار ہو، اس کی تیمارداری کرو۔ کوئی انتقال کر جائے، اُس کے جنازے میں جاؤ۔ کوئی پریشان حال ہے، اُس کی پریشانی دور کرنے کی کوشش کرو۔ اللہ اکبر!

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا، خدا کی قسم! وہ مومن نہیں، خدا کی قسم! وہ مومن نہیں۔ تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا کہ وہ مومن نہیں۔

عرض کیا، یارسول اللہؐ! کون مومن نہیں؟ کیا جو بےنماز ہو وہ مومن نہیں، یا جس نے روزہ نہ رکھا وہ مومن نہیں، یا جس نے حج نہیں کیا، یا کسی کی داڑھی چھوٹی ہو وہ مومن نہیں، یا جو کسی مسجد ومحراب کا مالک نہیں، جو کوئی صاحبزادہ نہیں وہ مومن نہیں؟

فرمایا، وہ مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کر کھالے اور اُس کا ہمسایہ بھوکا رہے۔ وہ مومن نہیں جس کا ہمسایہ اس کی شرارت سے محفوظ نہیں۔

اور ہمسایہ بس وہ نہیں جس کے گھر کے ساتھ دیوار ہو، ہمسایہ میں چالیس لوگ شامل ہیں۔ آپ کے ہمسایہ میں آپ کے ساتھ بیٹھ کر پڑھنے والا، آپ کے ساتھ سفر کرنے والا، آپ کے دفتر میں، فیکٹری میں، آفس میں، بینک میں، دفتر وغیرہ میں جو کام کرتے ہیں وہ بھی شامل ہیں۔

چالیس کیٹگری (Catagory) کے لوگ ہمسایہ کی فہرست میں شامل ہیں۔ فرمایا، جس کی شرارت سے اس کا ہمسایہ محفوظ نہیں وہ مومن نہیں۔ مطلب یہ کہ جس کو ہمسایہ کا ادب نہ آیا، جو ہماری شرارت سے محفوظ نہیں۔

تو حضرت صاحبؒ فرمانے لگے کہ لوگ دین سے اس لئے بےزار ہیں کہ ہمارے علماء جو ہیں یہ بےادب ہیں، انہیں ادب نہیں آتا، یہ لوگوں سے رابطہ نہیں رکھتے، خوشی غمی میں شریک نہیں ہوتے، ان کی غمگساری نہیں کرتے، ان کی پریشانی وتکلیف سن کر غور نہیں کرتے۔ یہ سلام کرنے کو عیب سمجھتے ہیں، عار سمجھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ لوگ ہمیں سلام میں کریں، ہمارے ہاتھ پاؤں چومیں اور ہم بس نذرانے کھائیں!

آقائے دوجہاں امام الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ساری زندگی میں کبھی صحابہؓ کو سلام میں پہل نہیں کرنے دی۔ ان سے پہلے آپؐ پہل کر لیتے تھے۔ بچوں کو بھی پہلے سلام کرتے، بڑوں پر بھی پہل کرتے۔ انہیں سلام کرنے کا ادب آتا تھا۔ ہم تو سلام کرنے کے روادار نہیں، چاہے کوئی ہمارے گھر آجائے۔ ہمسائیگی اور مہمان کی مہمان نوازی کا شعور نہیں۔

فرمایا، اس کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ ہمارے علماء کو آداب نہیں آتے، یا آتے تو ہیں مگر عمل نہیں کرتے۔

سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری بہت بڑے عالمِ دین ہوئے ہیں۔ (اللہ اکبر!) ایک دن حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حدیث پڑھی کہ کھانے کا ادب یہ ہے کہ ہاتھ دھو کر کھانا کھایا جائے۔ کھانے کا ادب یہ ہے کہ بیٹھ کر کھایا جائے۔ کھانے کا ادب یہ ہے کہ کھانا دیکھ کر کھایا جائے۔ ہاتھ صاف ہونے چاہئیں، دستر خوان صاف ہونا چاہئے، دانت صاف ہوں، پینے والا پانی صاف ہو۔ دایاں گھٹنا کھڑا کر کے اور بایاں بچھا کر کھایا جائے۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر کھایا جائے اور کھانے سے پہلے اگر کوئی غریب، کوئی بھوکا نظر آجائے تو اُسے دعوت دے کر کھانا چاہئے۔ اللہ نے سخت وعید کی ہے اُس بدنصیب کو جو بھوکے کو کھانے کی دعوت نہیں دیتا۔

تو سوچنے لگ گئے کہ میں تو بہت بڑا عالمِ دین ہوں، سیاسی لیڈر رہوں، ابھی پورے طور پر کھانے کا ادب نہیں آیا، آج کھانے کو ادب کے ساتھ

رکھنے کا ادب، حج کرنے کا ادب آ جائے۔ اللہ اکبر!

جس کو ذکر کرنے کا ادب آ جائے، جس کو بیٹھنے کا ادب، جس کو باپ سے بات کرنے کا ادب، بیوی سے بات کرنے کا ادب، بچوں سے بات کرنے کا ادب، آرام کرنے کا ادب، اُٹھنے کا ادب، نہانے غسل کرنے کا ادب، جسم کو پاک صاف رکھنے کا ادب جس کو آ جائے تو اُس کو عرفان ملتا ہے، اسے معرفت ملتی ہے، وہ غوث ہے، قطب ہے، ولی ہے، ابدال ہے۔

فرمایا، کوئی اگر کہے کہ یہ بہت بڑا خطیب ہے، ابدال ہے، لیکن اس کو تھوک پھینکنے کا طریقہ نہ آتا ہو، ناک صاف کرنے کا طریقہ نہ آئے، اس کو منہ دھونے کا ادب نہ ہو، اس کو استنجا کرنے کا طریقہ نہ آتا ہو، لباس پہننے، چلنے پھرنے کا ادب نہ آتا ہو، وہ مومن بھی نہیں، مسلمان بھی نہیں، غوث، قطب، ابدال بھی نہیں، بلکہ وہ جاہل مطلق ہے، بے وقوف ہے، وہ گنوار ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا.

(سورۃ الفرقان:63)

فرمایا، اگر تم میرا بندہ ڈھونڈنا چاہتے ہو تو میں تمہیں بتاؤں کہ جس کو چلنے کا طریقہ آتا ہے، جس کو چلنے کا ادب آتا ہے، وہ مولا والا ہے۔

یہ نہیں بیان کیا کہ اس کی پہلی نشانی یہ ہوگی کہ اُس کی داڑھی شریف اِتنی لمبی ہوگی یا اُس کا جبّہ اِتنا لمبا ہوگا۔ وہ فلاں فلاں خاندان کا ہوگا۔ فرمایا کہ رحمٰن کا بندہ وہ ہوگا، وہ ہے، جس کو چلنے کا ادب آتا ہے۔ رحمٰن کا بندہ فروتنی سے چلتا ہے۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ سنو، مجھے اللہ تعالیٰ نے دنیا میں اس لئے بھیجا کہ:

اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ. (الحدیث)

میں تمہیں ادب سکھاؤں، چلنا کیسے ہے، بیٹھنا کیسے ہے، لباس کیسا پہننا ہے، منہ کیسے دھونا ہے، ناک کیسے صاف کرنا ہے، دانت کیسے صاف کرنے ہیں، ماں باپ کے حقوق و آداب کیا ہیں، بیوی بچوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے؟...... مجھے اللہ نے اس لئے بھیجا ہے کہ ''میں تو ادب سکھانے آیا ہوں۔''

تو حضرت صاحب فرمانے لگے کہ بیٹا! لوگ سمجھتے ہیں کہ درویشی فلاں شے میں ہے، فلاں چیز میں ہے۔ فرمایا، درویش وہ ہے، ولی وہ ہے جس کو ''ادب'' آ جائے۔ اور جس کو ''ادب'' نہ آئے، وہ صوفی و مومن تو کجا، وہ تو صرف جاہلِ مطلق ہے۔

اللہ فرماتا ہے:

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ . (سورۃ الاعراف:179)

وہ چار پایوں کی مانند ہیں، جانوروں کی مانند ہیں، Animals ہیں، ڈھور ڈنگر ہیں، بلکہ ان سے بھی بُرے ہیں۔

**واقعہ**

ایک دفعہ حضرت صاحب سے کسی نے سوال کیا کہ لوگ علماء سے بیزار کیوں ہیں، مولویوں سے تنگ کیوں ہیں، لوگ داڑھی والوں سے، حافظوں سے چالو کیوں ہیں؟

یاد رکھیں! ابھی دنیا میں مسلمان تھوڑے ہیں، پانچ گنا تو عیسائی مسلمانوں سے زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ بدھ مت وغیرہ اور دوسرے مذاہب کثرت سے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ. (سورۃ الانشراح:4)

اے محبوب ہم نے آپؐ کے ذکر کو بلند کر دیا، ہم آپؐ کے ذکر کو بلند کریں گے۔

اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَآءِ.

علمائے حق انبیاء کے وارث ہوتے ہیں۔

ابھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ذکر بلند کرنا مزید بلند کرنا باقی ہے۔ ابھی اسلام کی آبیاری کی ضرورت ہے۔

وقتِ فرصت ہے کہاں کام ابھی باقی ہے
نورِ توحید کا اتمام ابھی باقی ہے (اقبالؒ)

جب اسلام کی روشنی ہر طرف پھیل جائے گی، دنیا میں 50% سے زیادہ

ہے۔آقا صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں،''وہ شخص ہلاک ہوگیا، وہ شخص ہلاک ہوگیا، وہ ہلاک ہوگیا جو کل کل کرتا رہا۔''

ہاں، کل سے پانچ نمازیں شروع کروں گا، قرآن شروع ہوگا، کل سے نیک ہوجانا ہے، کل سے خیر خیرات شروع کرنی ہے......بس کل، کل، کل!

فرمایا، Tomorrow never dies (کل کبھی نہیں آتا)۔

جو کل آئے گا تو وہ کل نہیں آج ہو چکا ہوگا۔

سیّدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا، سنو لوگو! میرا موٴقف یہ ہے کہ آج کا کام کل پر مت ڈالو، بلکہ میرا یہ یقین نہیں کہ آج کا کام کل پر ڈالا جائے، میرا تو یقین یہ ہے کہ جو کام کل کرنا ہے وہ بھی آج ہی کرلیا جائے، ہوسکتا ہے کہ کل کا موقع ہی نہ ملے، کل آ ہی نہ سکے، کل آنے سے پہلے دنیا سے رخصت ہونا پڑ جائے۔فرمایا، جو کارِ خیر کل کرنا ہے وہ آج ہی کرلے۔

معزز حاضرین کرام! بس یہی کرائی ٹیریا (Criteria) ہے اپنا محاسبہ کرنے کا اور اپنا جائزہ لینے کا، کہ کیا ہمیں اللہ کی بارگاہ سے عبادتوں کا ثواب مل رہا ہے یا نہیں؟ اگر ہمارا وقت اللہ کی رضا میں صَرف ہو رہا ہے تو مبارک ہو! جتنا وقت ہم اللہ کی رضا میں، اللہ کے رسول ﷺ کی اطاعت میں صَرف کرتے ہیں اس وقت سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اللہ کس قدر ہم سے راضی ہے، کس قدر خوش ہے۔

اکثر ایک سوال پوچھا جاتا ہے کہ ہم نے جو بھی اپنے شیخ مکرم قبلہ حضرت صاحب کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور! یہ بیان فرمائیں کہ شریعت اور طریقت کا خلاصہ کیا ہے؟ حاصل کیا ہے؟ (اللہ اکبر!)

فرمایا، بیٹا! سارا قرآن، ساری حدیثیں، ساری شریعت، ساری طریقت، ساری معرفت اور اس کا لُبِ لباب اور خلاصہ کے لئے صرف ایک لفظ ہے جس کو ''ادب'' کہتے ہیں۔ساری شریعت سے مقصود ادب سکھانا ہے، ساری طریقت کا مقصد ادب ہے۔سارے سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور کتابوں کا مقصد ادب سکھانا ہے اور ''ادب'' کی جمع ہے ''آداب''۔اللہ اکبر!

ادب کیا ہے؟

ادب صرف یہ نہیں کہ جب استاد آجائے تو ہاتھ باندھ کر بیٹھ جائے اور جب استاد چلا جائے تو بھنگڑے ڈالنا شروع کردے۔''ادب''، جس کی جمع ''آداب'' ہے، سارا قرآن ادب سکھانے کے لئے، ساری حدیثیں ادب سکھانے کے لئے، سارا دین، ساری شریعت، ساری طریقت ادب سکھانے کے لئے ہے اور ''ادب'' کی جمع ہے ''آداب''......تو جو باادب ہوتا ہے وہ بانصیب ہوتا ہے۔اور جو بے ادب ہے وہ بے نصیب ہوتا ہے۔

قبلہ حضرت صاحب جب بسترِ مرگ پر تھے، آپ کی زندگی کے آخری دنوں میں چند دن پہلے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔فرمایا، عظیم بیٹا! بات سنو۔میں تمہیں زندگی کی آخری سانسوں کے موقع پر کچھ ''راز'' کی بات سکھانا چاہتا ہوں۔

عرض کی، حکم سرکار!

فرمایا، لوگ سمجھتے ہیں کہ بزرگی، ولایت، قطبیت، غوثیت اور بہت بڑا ولی ہونا متقی پرہیزگار ہونا، اس کی نشانی یہ ہے کہ جس کو دنیا کہتی ہے کہ بہت بڑی مسجد کا مالک ہو، بڑی اونچی گدی کا وارث ہو، وہ بہت بڑے آستانہ عالیہ کا جانشین ہو، بہت بڑا جبّہ پہنا ہو، بہت قیمتی قسم کی قُباء پہن رکھی ہو، بہت بڑا عمامہ شریف، اُس کے اوپر لمبا سا طرّہ ہو، بہت اچھی پجارو اُس کے نیچے ہو، گن مین اس کے ساتھ ہو۔تو بیٹا! اس میں سے کوئی بھی نشانی وہ نہیں ہے جو غوث کے لئے، ولی کے لئے، قطب کے لئے، ابدال کے لئے ضروری ہو...... میں تمہیں ''راز'' کی بات بتاتا ہوں، ولی کی نشانی کیا ہوتی ہے؟

فرمایا، ولی وہ ہوتا ہے، قطب وہ ہوتا ہے، درویش وہ ہے، اللہ کا مقرب وہ ہوتا ہے جو ''باادب'' ہوتا ہے۔

میں نے عرض کی، حضور! ''باادب'' ہونے کا کیا مطلب ہے؟

فرمایا، باادب لوگ درویشی کو سمجھتے ہیں۔درویشی، فقر، ولایت، مقربِ الٰہی وہ ہے، وہ انسان ہے......اللہ اکبر!......جس کو جوتا پہننے کا طریقہ آجائے، جس کو کپڑے پہننے کا ادب آجائے، جس کو کھانے کا ادب آجائے، جس کو پانی پینے کا ادب آجائے، جس کو بڑے سے بات کرنے کا ادب، چھوٹے پر شفقت کرنے کا ادب آجائے، روزی کمانے کا ادب آجائے۔اللہ اکبر!

فرمایا، جس کو دعا مانگنے کا ادب آجائے، جس کو نماز پڑھنے کا ادب، روزہ

مجھے قسم ہے وقت کی، قسم ہے زمانے کی! بے شک انسان گھاٹے میں ہے، مگر اس کا وقت ضائع نہیں ہوتا، اُس کا وقت خسارے میں نہیں ہوتا جو ایمان کی ترویج میں گزر جائے، ایمان کی حالت میں عمل صالح میں گزر جائے، ''وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ'' نیکی پھیلانے میں گزر جائے، ''وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ'' اور حق کے راستے میں رکاوٹیں آنے پر صبر کی تلقین میں گزر جائے، اس کا وقت ضائع نہیں ہوتا۔ اُس کا وقت اللہ تعالیٰ اَمر کر دیتا ہے۔

دخترانِ عزیز!

ہم بڑی آسانی سے اس کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر دیکھیں کہ ایک بندے سے پانچ نمازیں بھی نہیں پڑھی جا رہی ہیں، سمجھ لیں کہ وہ بے برکتا ہے، بے ثوابا ہے...... ایک دوسرا انسان ہے جو پانچ نمازیں فرض بھی پڑھ رہا ہے، واجبات بھی ادا کر رہا ہے، سنتیں مؤکدہ بھی غیر مؤکدہ بھی اور نوافل بھی پڑھ رہا ہے، پھر بھی اُس کے پاس وقت بچ گیا ہے، وہ اپنے حصے کا کام بھی کر لیتا ہے اور اپنے بال بچوں، گھر والوں، بلکہ دوست احباب کے حصے کا کام بھی کر لیتا ہے۔

مثال دے رہا ہوں بابا جی حنیف صاحب کی، یہ صرف اپنے حصے کا کام نہیں بلکہ آپ جو یہاں قرآن سیکھ رہی ہیں، جو مسجد سے اذانوں کی آوازیں آ رہی ہیں، نمازیں ادا کی جا رہی ہیں، یہ جو دین کا مرکز بنایا گیا ہے، یہاں سینکڑوں ہزاروں لوگ فیض حاصل کر رہے ہیں، یہ شرعاً ان پر فرض تو نہیں کہ اپنے حصے کے فرائض تو ادا کر رہے ہیں، اپنی نمازیں پڑھ لیں اپنا کام پورا ہو گیا، اپنے گھر والوں کے حقوق بھی ادا کر لئے اپنا کام پورا کر لیا...... یہ سینکڑوں ہزاروں لوگوں کے جو فیض رسانی کا ذریعہ بن رہے ہیں یہ اُن کے حصے کا کام کر رہے ہیں۔ یہ وقت میں برکت ہے، قدموں میں برکت، ہاتھوں میں برکت، اللہ اکبر!

اور جس سے اپنے حصے کا کام نہ ہو سکا، سمجھو اللہ نے اُس کے وقت سے برکت اٹھا لی ہے۔ ہمارے ایک دوست ہیں، جناب بٹ صاحب، میں کل ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا، حضورِ والا! بیس سال سے میں ایف اے (F.A.) پاس تھا، یہی شہر تھا، یہی گھر، یہی گلی، یہی محلّہ تھا، یہی میرے بال بچے تھے، میں ایم اے راحت بٹ تو تھا لیکن میں ایم اے انگلش نہ تھا، M.A. فلاسفی نہ تھا، M.A. پنجابی نہ تھا، M.C.S. نہ تھا، M.A. اسلامیات نہ تھا، لیکن جب سے آپ کا ساتھ نصیب ہوا ہے، سڑکیں وہی ہیں، گلیاں وہی ہیں، میں راحت بٹ بھی وہی مگر اب میں پانچ نمازیں بھی پڑھ لیتا ہوں، تہجد بھی پڑھتا ہوں، اپنے حصے کا کام بھی کرتا ہوں اور اسی وقت میں مَیں نے پانچ ''M.A.'' بھی کر لئے ہیں۔ پہلے خود ''B.A.'' نہ تھا، اب بے شمار لوگوں کو B.A. کروا چکا ہوں۔ پہلے خود M.A. نہ تھا، اب بے شمار لوگوں کو ماسٹرز کروا چکا ہوں۔ پہلے اپنی ہدایت کا سامان نہ تھا، اب سینکڑوں لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بن چکا ہوں!

معلوم ہوا کہ وقت میں برکت پڑ گئی ہے۔ معلوم ہوا کہ شیخ کا فیض آ رہا ہے، نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کی نظرِ رحمت آ رہی ہے۔

معزز خواتین و حضرات! ہمارا اَلمیہ یہ ہے کہ بعض بڑی بڑی گدیوں والے، بڑے بڑے منبر و محراب کے مالک ہیں مگر وہ اپنے آپ کو نمازی نہ بنا سکے۔

مسجد تو بنا دی شب بھر میں ایمان کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی ہے برسوں میں نمازی بن نہ سکا
(اقبالؒ)

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ
شرم تم کو مگر نہیں آتی

بعض بڑے بڑے جبّوں والے اپنے آپ کو نمازی نہ بنا سکے، اپنے بیوی بچوں کو نمازی نہ بنا سکے تو سمجھو کہ اُن کے وقت میں برکت نہیں، ان کو فیض نہیں مل رہا۔ اپنی اولاد چور ہے، اپنی اولاد زانی ہے، اپنی اولاد شرابی ہے، اپنی اولاد جواری ہے۔ ساری دنیا کو فیض بانٹنے کے دعویدار ہیں مگر خود اپنے گھر میں اندھیرا ہے...... معلوم ہوا کہ نہ ان کے وقت میں برکت ہے، نہ ان کی زبان میں برکت، نہ ان کے ہاتھ میں برکت، نہ ان کی نگاہ بابرکت ہے، نہ قدموں میں برکت ہے...... تو پھر کیا ہے؟ بس جو کچھ بھی ہے صرف خانہ پُری ہے۔

تو دخترانِ کرام! میں عرض کر رہا تھا کہ ہم نے اپنے وقت کی حفاظت کرنی

جو دُکان چلا ہے اس کے پاس بھی اتنا ہی وقت ہے، جو دفتر جا رہا ہے، فیکٹری جا رہا ہے، وقت اس کے پاس بھی اتنا ہی ہے۔ لیکن وہ بمشکل اپنے گھر کا نظام نہیں پورا کر رہا۔ انہوں نے اتنی مخلوق کا نظام سنبھال لیا۔ معلوم ہوا کہ اسے فیض مل رہا ہے، اس کو رحمت مل رہی ہے، برکتیں مل رہی ہیں۔

دخترانِ اسلام! بس یہی کرائیٹیریا (Criteria) ہے کہ جس کا وقت اللہ کی رضا میں، اس کی رضا کے کام میں صَرف ہو جاتا ہے، اللہ اُس کے وقت میں برکت ڈال دیتا ہے۔

''پھر کیسے برکت پڑ جاتی ہے؟''

اس کے رزق میں برکت، اس کی زبان میں برکت، اس کی نگاہ میں برکت، اس کے دیکھنے میں برکت، اس کے قدموں میں برکت، اس کے ہاتھوں میں برکت...... بلکہ مجھے کہنے دیجئے کہ حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ فرماتا ہے کہ وہ بندہ میرے اتنے قریب ہو جاتا ہے کہ میں اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے، میں اس کا منہ بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے، میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جن سے پکڑتا ہے، اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے۔ اس کی ہر شے میں برکت پڑ جاتی ہے۔

لوگ چلتے ہیں تو خباثتیں پیدا ہوتی ہیں، وہ چلتا ہے تو نیکی اور ہدایت کے سرچشمے جاری ہو جاتے ہیں۔ لوگ بولتے ہیں تو نفرتیں پیدا ہوتی ہیں، بغض اور عناد پیدا ہوتا ہے، غیبتیں، جہالتیں پیدا ہوتی ہیں، لیکن جب اللہ والے کے منہ سے کلمات نکلتے ہیں تو ہدایت اور قرآن کا نور پیدا ہوتا ہے۔ بے برکتے لوگ دیکھتے ہیں تو برائی اور بے حیائی پھیلتی ہے، وہ اگر دیکھتا ہے یا دیکھتی ہے تو بُجھے ہوئے دِلوں میں ایمان کا نور پیدا ہو جاتا ہے۔ اصل میں اُس کے وقت میں برکت پڑ جاتی ہے۔

آپ نے سنا ہوگا کہ بعض لوگوں کے پاس بہت رزق ہوتا ہے مگر کہتے ہیں، اس میں برکت کوئی نہیں۔ دادی بیمار، دادا بیمار، کبھی خود بیمار، عجیب و غریب حالت، پیسہ آتا ہوا نظر آتا ہے لیکن جاتے ہوئے پتہ نہیں چلتا۔ جب دیکھئے جیب خالی۔ مسجد میں دینے کے لئے کچھ نہیں، مدرسہ میں دینے کے لئے کچھ نہیں، بچوں کی جائز ضروریات پوری کرنے کے لئے کچھ نہیں۔ اللہ کی طرف سے جہاں جہاں مال خرچ کرنے کا حکم ہے وہاں دینے کے لئے کچھ نہیں......اور ایک وہ ہے کہ رزق تھوڑا ہے لیکن اللہ تعالیٰ اتنی برکت ڈال دیتا ہے کہ بیوی کا حق بھی ادا ہو رہا ہے، بچوں کا حق بھی ادا ہو رہا ہے، مہمانوں کی تواضع بھی ہو رہی ہے، رشتہ داروں کے حقوق بھی پورے ہو رہے ہیں، مدرسہ میں بھی خرچ ہو رہا ہے، مسجد میں بھی خرچ ہو رہا ہے، اپنی ذات پہ بھی خرچ ہو رہا ہے اور جیب بھی بھری ہوئی ہے۔ اللہ اکبر!

کیا ہوا؟......اللہ نے اس کے رزق میں برکت ڈال دی ہے۔

آقا صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جھوٹ بول کر جو مال کمایا جاتا ہے، سودا تو بِک جاتا ہے، مال تو آ جاتا ہے، پر اللہ اس کے مال سے برکت اٹھا لیتا ہے، اس انسان کو اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔

اپنے رزق کو لوگ بے برکتا کیسے کرتے ہیں؟......جھوٹ بول کر، کم تول کر، کم ماپ کر، نافرمانی کر کے، بغض اور عناد کے ذریعے، اللہ کی نماز کی چوری کر کے وقت چُرا کر...... یہ ایسے ہی ہے کہ وہ رزق دیکھنے میں تو ٹھیک نظر آ رہا ہے لیکن ایسے ہی ہے کہ دودھ کا ٹب بھرا ہوا ہے چاہے ایک مَن دودھ ہے، اُس میں ایک چھٹانک چھوٹے بچے کی پوٹی (Waste) ڈال دی جائے، چاہے بڑے کی غلاظت ڈال دیں تو بے شک دودھ ٹھیک تھا، ٹب بھی ٹھیک ہے لیکن اس میں گندگی و غلاظت کی ملاوٹ ہوئی ہے، لہٰذا اس نے ہر شے کو بے برکتا اور پلید کر دیا، وہ دودھ خراب ہو گیا، وہ ضائع ہو گیا......تو اِسی طرح جس کے رزق میں برکت ہو اللہ تعالیٰ اس کو ہر آلائش سے پاک رکھتے ہیں۔ جس جس ہاتھ سے وہ مال گزر کر جاتا ہے، وہاں برکتیں اور بہاریں آ جاتی ہیں۔

دخترانِ عزیز!

بس یہ دیکھئے کہ فیض کس کو مل رہا ہے، ثواب کس کو مل رہا ہے......اس کا اندازہ کیسے ہوتا ہے؟......اللہ نے قسم کھا کر کہا:

وَالْعَصْرِ. اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ. اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ لا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ.

(سورۃ العصر:3-1)

ابوالبیان حضرت علامہ مولانا محمد سعید احمد مجددی رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے، بیٹا! جس کو فیض ملتا ہے اُس کی نشانی یہ نہیں کہ اس کی داڑھی لمبی ہو جاتی ہے، مونچھیں چھوٹی ہو جاتی ہیں، اُس کا چوغہ بڑا ہو جاتا ہے، یا اُس کے پاس تسبیح مہنگی آ جاتی ہے، یا اُس کے پاس موبائل مہنگا آ جاتا ہے، یا اُس کے پاس گاڑی یا کوٹھی مہنگی آ جاتی ہے۔

فرمایا، بیٹا! جس کو فیض زیادہ ملتا ہے، ثواب زیادہ ملتا ہے اور اللہ کی رحمت اس پہ زیادہ ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ اُس کے وقت میں برکت پڑ جاتی ہے۔ اللہ اس کے وقت میں برکت ڈال دیتا ہے۔ ایک انسان ہے جسے چوبیس گھنٹے ملے یعنی دن اور رات میں۔ کوئی نیک ہو، اُس کے پاس بھی یہ ٹائم ہے، کوئی گنہگار ہو اُس کے پاس بھی یہی وقت ہے، کوئی عالم ہو یا جاہل، سب کے پس یہی وقت ہے۔

فرمایا، جس کے وقت میں برکت پڑ جاتی ہے اُس کو اللہ کی بارگاہ سے رحمتیں، سلامتیاں، برکات، اور فیوضات زیادہ مل رہے ہوتے ہیں۔ چاہے دنیا اُسے جاہل کیوں نہ کہے، بے وقوف کیوں نہ کہے، احمق کیوں نہ کہے، غریب کیوں نہ کہے، بے زر کیوں نہ کہے۔ چاہے اُس کے پلّے بظاہر کوئی شے نہ ہو۔ جس کے وقت میں برکت پڑ گئی، سمجھ لو کہ اُس کو فیض بھی مل رہا ہے، ثواب بھی مل رہا ہے، سواد بھی مل رہا ہے۔

میں نے پوچھا کہ حضور! کیسے پتہ چلے گا کہ اُس کے وقت میں برکت پڑ گئی ہے؟

فرمایا، بیٹا! دیکھو، ہے وقت چوبیس گھنٹے ہی، دن اور رات میں۔ آپ یوں سمجھو کہ وقت اتنا ہی ہے مگر ایک انسان ہے کہ اس سے اپنے حصے کا کام بھی نہیں ہوتا، وہ اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتا، حقوق اللہ اور حقوق العباد جو اُس کے ذمے ہیں وہ اُس سے پورے نہیں ہوتے، وہ اپنے حصے کا کام نہیں کر پاتا، سمجھو کہ وہ بے برکتا ہے، بے فیضا ہے، بے رحمتا ہے، اللہ کی رحمت سے دور ہے، اس کو شیخ کا فیض نہیں مل رہا۔ اور ایک دوسرا خوش نصیب انسان ہے کہ اس کے پاس بھی چوبیس گھنٹے ٹائم ہے۔ وہ اپنا بھی کام پورا کر رہا ہے، حقوق اللہ اور حقوق العباد بھی، پانچ نمازیں بھی، تسبیحات بھی، ذکر و فکر بھی، وہ اپنے فرائض بھی ادا کر رہا ہے، بلکہ صرف اپنے حصے کا ہی نہیں وہ سینکڑوں، ہزاروں لوگوں جتنا اکیلا کام کر رہا ہے، اس کے ہاتھوں سے صرف اپنے حصے کا کام نہیں ہو رہا۔

اللہ اکبر!

بقول شاعر:

اُٹھ گئی جس طرف دم میں دم آ گیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

وہ جس طرف دیکھ لیتا ہے، وہاں بھی اس کے فیض کے چشمے رواں ہو جاتے ہیں۔ وہ بے نمازی کو دیکھے وہ نمازی ہو جاتا ہے۔ بے ہدایت کو دیکھے وہ ہدایت یافتہ ہو جاتا ہے۔ جاہل کو دیکھے، عالم ہو جاتا ہے۔ بے فیضے کو دیکھے، صاحبِ فیض ہو جاتا ہے۔ اس کے وقت میں برکت پڑ جاتی ہے۔

فرمایا، صوفی وہ نہیں جس کی ظاہری وضع قطع صوفی جیسی ہو جائے۔ صوفی وہ ہے جو اپنے حصے کا کام بھی کر لے بلکہ اتنا کام کر لے جتنا ایک وقت میں پانچ لاکھ انسان کام کر سکتے ہیں، وہ صوفی ہوتا ہے......اور جس کے وقت میں برکت نہیں رہتی، وہ کہتے ہیں، ہمیں بھی سولہ سال وقت ملا ہے، فلاں کو بھی سولہ سال ملا، اس نے سولہ سال میں اپنا بھی کچھ نہیں سنوارا اور فلاں نے سولہ سال میں پچیس ہزار لوگوں کو سنوار دیا...... ایک سے اپنا گھر نہیں سنبھالا گیا اور دوسرے نے اتنے عرصے میں ایک اتنا بڑا اللہ کا گھر بنا دیا، اللہ کے دین کا مرکز بنا دیا کہ اس سے سینکڑوں نہیں ہزاروں فیض حاصل کر رہے ہیں......ایک سے اپنا گھر نہیں سنبھالا گیا اور دوسرے کو یہ سعادت ملی کہ اس نے اللہ کا گھر سنبھال لیا، ایک دین کے مرکز کو سنبھال لیا اور سنبھالا ہوا ہے، جہاں سے دو چار نہیں بلکہ ایک وقت میں سینکڑوں ہزاروں لوگ قرآن کا فیض اور نور لے رہے ہیں۔ یہ کس نے سنبھالا ہے!!......اللہ اکبر!

جسے دنیا ''بابا محمد حنیف'' کے نام سے جانتی ہے، دنیا کہتی ہے یہ عالم نہیں، یہ پیر نہیں، یہ صاحبزادہ نہیں، یہ نقشبندی نہیں، قادری نہیں، فلاں ٹمکاں نہیں......اسے تو کسی تعارف کی ضرورت نہیں! یہ وہ خوش نصیب ہے جس نے دین کے نظام کو سنبھال لیا، اللہ نے خود اس کو چُن لیا اور ''وقت میں برکت پڑ گئی۔''

# آدابِ زندگی

پروفیسر محمد عظیم فاروقی

ریکارڈر و محررہ
مس نبیلہ فاروقی

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ۔

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

محترمی ومکرمی جناب بابا جی محمد حنیف صاحب، برادرِ مکرم جناب محمد عظمت اللہ باجوہ صاحب، معلّمات ومتعلّماتِ قرآن!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

میں آپ کو ہدیۂ مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ جنہیں رب العالمین نے یہ سعادت ارزانی فرمائی ہے کہ اپنا قیمتی وقت اللہ تعالیٰ کی رضا میں، اللہ کی یاد میں اور اس کے سوہنے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کی محبت میں صَرف کر رہے ہیں۔ اور یہ بہت ضروری بھی ہے کہ اپنی نجات کے لئے، اپنی بقا کے لئے، اپنی آخرت کو سنوارنے کے لئے، دین اور دنیا کی بھلائی اور خوشحالی کے لئے وہ وقت جو میں اور آپ اللہ کی یاد میں صَرف کرتے ہیں، اللہ کے گھر میں صَرف کرتے ہیں، قرآن پاک کی تعلیم وتفہیم میں گزارتے ہیں، اللہ کے ذکر، آقائے دو جہاں صلّی اللہ علیہ وسلّم کی محبت میں، بھلائی اور خیر کے کاموں میں، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے اُمور میں جو وقت صَرف کرتے ہیں، وہ وقت اَمر ہو جاتا ہے، وہ وقت سرمایۂ آخرت بن جاتا ہے۔ لیکن وہ وقت جو اللہ اور رسول ﷺ کی نافرمانی (نعوذ باللہ) میں گزرے، جو لغویات میں گزرے، ٹی وی بازی میں گزر جائے اور ویڈیو بازی اور انٹرنیٹوں پہ گزر جائے، فضول قسم کی منگنی کی رَسموں میں گزر جائے، ساری ساری رات ولیموں اور شادیوں اور فضول دعوتوں، گپ شپ اور آوارہ گردیوں میں جو وقت گزرتا ہے وہ وقت وبالِ جان بن جاتا ہے، آخرت کو خراب کرنے کا ذریعہ بن جاتا ہے، انسان کے لئے وہ مصیبت دہ عذاب کا پیش خیمہ بن جاتا ہے۔ ایسی فضولیات میں وقت ضائع کرنے سے اپنا دامن بچانا چاہیۓ۔

اور وہ وقت جو اَمر ہو جاتا ہے، اللہ اور رسول ﷺ کی نظر میں اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ اُن کاموں میں وقت گزارنا چاہیۓ جو رضائے الٰہی کا ذریعہ بنیں۔

آپ خوش نصیب ہیں کہ معلّمات ومتعلّمات قرآن ہیں! جو اپنا وقت یہاں قرآن سیکھنے اور سکھانے میں، درس وتدریس میں، تعلیم وتربیت میں، قرآن کی خدمت میں گزارتی ہیں۔ فرمایا: ''مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَ عَلَّمَهٗ.'' (الحدیث)

ترجمہ: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھتا اور سکھاتا ہے۔

فرمایا کہ چار قسم کے لوگوں پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی رہتی ہے:

۱۔ قرآن پڑھنے والا
۲۔ قرآن پڑھانے والا
۳۔ قرآن سننے والا اور
۴۔ وہ خوش نصیب جو اِن تینوں کی خدمت میں لگا ہوا ہے۔

یہ چاروں وہ خوش نصیب ہیں جو ہر وقت اللہ کی رحمت کی چھاؤں اور اس کی برکتوں کی لپیٹ میں رہتے ہیں۔

میں نے اپنے پیر ومرشد قبلہ حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا، سرکار! یہ بیان فرمائیں کہ بعض دوست، ساتھی اور پیر بھائی کہتے ہیں کہ ہمیں بڑا فیض ملا ہے، مجھے بڑا فیض ملا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ مجھے زیادہ بڑا فیض یا ثواب مل رہا ہے۔ حضور! یہ کیسے پتہ چلتا ہے کہ اُس کو زیادہ اللہ کی بارگاہ سے رحمتیں مل رہی ہیں، برکتیں مل رہی ہیں، اَجر مل رہا ہے، ثواب مل رہا ہے، اُس کو کیسے زیادہ فیض مل رہا ہے؟ یہ کیسے پتا چلتا ہے؟ کیا ٹوپی کا رنگ بدل جاتا ہے؟ عمامہ کا شملہ اونچا ہو جاتا ہے؟ اس کے چہرے کی کوئی خاص ساخت بن جاتی ہے یا کوئی مخصوص قسم کا لباس پہن لیتا ہے؟ اس کی نشانی کیا ہے؟ کیسے پتہ چلتا ہے کہ اُس کو فیض مل رہا ہے اور اِس کو نہیں مل رہا؟ فلاں نیکی کے کام کر رہا ہے لیکن اسے ثواب نہیں مل رہا یا نیکی کا کام نہیں کر رہا اور اُسے ثواب نہیں عذاب مل رہا ہے؟ حضور! کیسے پتہ چلتا ہے؟ اس کی کیا نشانی ہے؟

اللہ اکبر!...... میرے پیر و مرشد آقائے ولیِ نعمت شہبازِ طریقت

پابندیاں اور دشواریاں بھی ہیں۔ منافق ان پابندیوں سے بدکتے ہیں اور جی کتراتے ہیں۔ منافق جب اسلام کے فائدے دیکھتے تو اس کی طرف دوڑتے، مگر جب قربانی کا وقت آتا تو پیچھے ہٹ جاتے۔ جس طرح بارش میں گرج، چمک اور کڑک سب کچھ ہوتا ہے، اسی طرح اسلام میں آزمائش کے طور پر محنت، سختی، غربت اور تکلیف سب ہی کچھ ہوسکتا ہے، جس سے ہمیں گھبرانا نہیں چاہئے۔

پس منافق وہ لوگ تھے جو اندرونی طور پر اسلام کے بڑے دشمن تھے لیکن ظاہری طور پر وہ اس کا دَم بھرتے تھے اور مسلمانوں کے حمایتی ہونے کا دعویٰ کرتے تھے۔ دوسری قسم کے منافق طبیعت کے کمزور، بزدل، پست ہمت تھے۔ وہ جس مجلس میں جاتے تھے اُس کا اثر قبول کر لیتے تھے۔ ان کی شان اور فتح مندی دیکھتے تو مرغوب ہوکر اسلام میں داخل ہو جاتے تھے، لیکن جب آزمائش اور امتحان سے واسطہ پڑتا تو پھر کفر کی طرف لوٹ جاتے تھے۔ وہ مشقت اور موت سے ڈرتے تھے۔

**بقیہ مہمان بلائے جان**

گھر میں پودے لگے ہیں تو تھوڑے سے پھول گلدستے کی صورت میں لے جایئے۔ نہ ہینگ لگے نہ پھٹکڑی۔ ان سب باتوں میں مہنگائی کا کوئی دخل نہیں۔ اتنے روپے تو آپ کے بچے ایک گھنٹے میں اُڑا دیتے ہوں گے۔ تو صرف ایک بار آزما کر دیکھئے! آپ میزبان کے رویئے میں ایک خاص تبدیلی محسوس کریں گے۔ اب وہ کنّی کترانے کی بجائے آپ کا منتظر رہے گا۔ نسخہ بڑا آسان ہے، لیکن ہم سب نے نجانے کیوں اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہی نہیں سمجھی۔ میزبان اور مہمان کے رشتے میں یہ تناؤ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ہم اپنی اصل بھول چکے ہیں، اخلاقی روایات کو پسِ پشت ڈال چکے ہیں۔ جبکہ ایک دوسرے کے بوجھ اور دکھ کو محسوس کرنا ہماری روایت رہا ہے۔ ہمیں زندہ رہنا ہے تو پہلے وقتوں کی طرح سے مل جل کر رہنا ہوگا۔ ہمیں اپنے اصل کی طرف بہرحال لوٹنا ہے۔ پھر کچھ بعید نہیں کہ وہ مہمان جو بلائے جان لگتا ہے، آج بھی بالائے جان لگنے لگے یعنی جان سے بھی بڑھ کے......

عزیز سے عزیز تر......

**بقیہ آدابِ زندگی**

یہ گلاس ہے، کوئی بات نہیں، یہ فلاں چیز استعمال کریں۔ ٹوٹیں گی، خراب ہوں گی تو کوئی بات نہیں، اور آجائیں گی۔ ان چیزوں کی کیا حیثیت ہے آپ کے مقابلے میں۔''

خدا کی قسم! آپ کا یہ معمولی سا اچھا رویہ سسرال میں آپ کو پسندیدہ بنا دے گا، ہر شخص آپ سے خوش ہوگا، ہر کوئی قدر کرے گا۔'' ہماری بہو، ہماری بھابھی، ہماری چاچی، مامی، ہمارا کتنا خیال رکھتی ہے، ہمیں کتنی اپنائیت دیتی ہے۔'' سارے لوگ آپ کے گن گائیں گے، تعریفیں کریں گے،'' کتنے اچھے اخلاق والی ہے، کتنے اعلیٰ ظرف والی ہے۔''

اور اس کے برعکس آپ کا بُرا رویہ سب کو آپ سے دُور کردے گا، آپ کی قدر اور اہمیت کو ختم کردے گا۔

یاد رکھیں! اصل وقعت رشتہ کی ہوتی ہے، چیزوں کی کوئی اوقات نہیں۔ کیونکہ چیزیں تو پھر مل جاتی ہیں، پہلے سے کئی گنا اچھی بن سکتی ہیں۔ مگر رشتہ، اگر آپ اس کی قدر کھودیں گی تو آپ اپنائیت، اپنا وقات، اپنا رتبہ، مقام سب ضائع کردیں گی۔ پھر نہ کہنا کہ سسرال میں کوئی پوچھتا نہیں۔ پہلے اس کے آداب ادا کریں، سب کو اس کی جگہ اہمیت دیں، کیونکہ اصل اہمیت استعمال کردہ اشیاء نہیں بلکہ اس گھر کے بسنے والے افراد ہیں۔ اگر آپ ان کی بن جائیں تو پھر آپ کی ہر چیز بھی...... تو پھر میرا تیرا کیا...... کیونکہ اصل چیز انسانیت ہے، آداب ہیں۔

## خلاصۂ کلام

خلاصہ یہ کہ ہر چیز، ہر جگہ، ہر رشتہ، ہر تعلق، ہر ایک کے آداب ہیں۔ تو آداب سیکھئے، آداب سیکھئے، آداب سیکھئے، اور اس کے لئے نمونہ اللہ کا محبوب اور ہمارے آقا و مولا صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مبارک زندگی ہے۔ جن کی ہر اَدا، ہر سانس، ہر رَمز، ہر بات، ہر کام، ہر رنگ آداب سے رنگا ہوا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ. (سورۃ الاحزاب:21)

اور تمہارے لئے میرے محبوب کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔

اللہ آپ سب کا بھلا کرے۔ آمین!

کہتے ہیں، بلکہ ان کو تسلی دیتے ہیں کہ ہم تم لوگوں کے ساتھ ہیں۔ لیکن جب وہ اپنے سرداروں (یعنی شیطان نما لوگوں) سے ملتے ہیں تو انہیں کہتے ہیں کہ ہم تو تم لوگوں کے ساتھ ہیں، ہم ایمان والوں کے ساتھ مذاق کر رہے تھے۔

۴۔ منافق کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ وہ زمین پر فساد برپا کرتے ہیں، یعنی اِدھر کی بات اُدھر اور اُدھر کی بات اِدھر کرتے ہے، جس کی وجہ سے وہ فساد، برائیاں کرواتے ہیں۔ اور جب ان کو اس کام سے منع کیا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو صلح پسند ہیں، ہم تو اصلاح کرنے والوں میں سے ہیں۔

۵۔ منافق کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ جب اس کو کہا جاتا ہے کہ ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسولؐ پر، جیسا کہ دوسرے لوگ لائے، تو یہ کہتا ہے کہ میں بیوقوف ہوں جو ایمان لاؤں دوسرے لوگوں کی طرح۔

## ۲۔ سورۃ البقرہ میں منافقین کی دو مثالیں بیان کی گئی ہیں، ان کو تفصیل سے لکھیں۔

آنخضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ میں دو قسم کے منافق تھے، ایک وہ جو اسلام کے دل سے پکے دشمن تھے، مگر زبان سے مسلمان کے ہمدرد، دوست ہونے کا دعویٰ کرتے تھے۔ دوسرے وہ تھے جو طبیعت کے کمزور تھے اور نہ ہی پکے اسلام کے حامی تھے اور وہی مخالف جس طرف اپنا فائدہ دیکھتے، اُسی طرف ہو جاتے۔ سورۃ البقرہ میں ان دونوں قسم کے منافقوں کی مثالیں دی ہیں۔

پہلی قسم کے منافقین کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے اندھیری رات میں آگ جلائی۔ اس کی روشنی سے اردگرد کی تمام چیزیں روشن ہو گئیں اور وہ اس قابل ہو گیا کہ نقصان پہنچانے والی اور نفع پہنچانے والی چیزوں کو پہچان سکے۔ مگر اچانک اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھوں کی روشنی چھین لی اور اب اسے کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ روشنی کے باوجود اندھوں کی طرح ٹامک ٹوئیاں مار رہا ہے۔ یعنی کہ منافقین پہلے کفر کی تاریکی میں پڑے ہوئے تھے۔ اچھائی برائی، نیکی بدی کے بارے میں کوئی فرق نہیں محسوس کرتے تھے۔ پھر اسلام کی شمع روشن ہوئی اور اس سے وہ فائدہ اٹھانے لگے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ مسلمانوں کو دھوکہ دینے لگے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد وہ اس قابل نہ رہے کہ مسلمانوں کو دھوکہ دے سکیں۔ کچھ منافق از خود حق کو ٹھکرا کر باطل کی طرف جھک گئے۔ کچھ اپنی غرض کی وجہ سے اس روشنی سے فائدہ اٹھانے سے محروم ہو گئے۔ ان تینوں صورتوں میں ان کے لئے اسلام کی روشنی بیکار ہو گئی اور ہر طرف اندھیرا چھا گیا، جیسا کہ وہ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ ہو گئے ہوں۔ یعنی کہ وہ ظاہری طور پر بہرے، گونگے اور اندھے نہیں تھے، مگر وہ کان رکھنے کے باوجود اسلام کی حق باتیں سنتے اور ٹال دیتے اور سنی بات کو اَن سنی کر دیتے۔ گویا وہ بہرے ہیں، کچھ سنتے ہی نہیں۔ اسی طرح وہ آنکھیں رکھنے کے باوجود اندھے ہیں۔ وہ آنکھیں تو رکھتے ہیں لیکن اللہ کی نشانیاں دیکھ کر قبول نہیں کرتے۔ اسی طرح وہ زبان رکھنے کے باوجود سچی باتیں پوچھنے سے گریز کرتے اور حق کی بات کا اقرار نہ کرتے۔ گویا وہ گونگے ہیں، زبان نہیں رکھتے۔

اس مثال میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ منافق لوگ اسلام کی روشنی ظاہر ہو جانے کے باوجود کفر کے اندھیروں میں پڑے رہے۔ دنیاوی فائدوں، ذاتی غرضوں، نفسانی خواہشوں کی پیروی میں انہوں نے اچھے اور بُرے میں تمیز نہ کی۔ کفر اُن پر غالب آ گیا۔ وہ اسلام کی روشنی سے محروم ہو گئے۔ اللہ نے ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے روشنی کو سلب کر لیا اور وہ اندھیرے میں بھٹکنے لگے۔ نیکی اور بدی کی تمیز اُٹھ جانے کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ حق کی آواز سننے کے قابل نہ رہے۔ ان کی زبانیں گونگی ہو گئیں کہ وہ کسی سے راہِ حق دریافت نہ کر سکتے۔ ان کی آنکھیں اندھی ہو گئیں کہ اسلام کی روشنی انہیں نظر نہ آتی اور اللہ کی نشانیاں ان پر کوئی اثر نہ کرتیں۔ منافقوں کی دوسری مثال میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو اپنی طبیعت کی کمزوری کی وجہ سے نہ تو پوری طرح اسلام میں داخل ہوتے تھے اور نہ اسے چھوڑتے تھے۔ بس وہ شک و شبہ میں رہتے تھے۔ ان کی مثال زوردار بارش سے دی گئی ہے۔ اس میں بیشمار فائدے ہیں۔ مردہ زمین زندہ ہوتی ہے، کھیتیاں لہلہانے لگتی ہیں، ندی نالے بہنے لگتے ہیں، لیکن ساتھ ہی دل کو لرزانے والی بادلوں کی کڑک اور آنکھوں کو چندھیانے والی بجلی کی چمک بھی ہوتی ہے، گھٹا ٹوپ اندھیرا بھی چھا جاتا ہے۔ لیکن ان باتوں کے باوجود کوئی بارش کا دشمن نہیں ہوتا۔ اسی طرح اسلام بھی ان پر سراسر رحمت بن کر آیا، لیکن اُس میں نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، جہاد اور احکامِ خداوندی کی دوسری

مشکل الفاظ کے روٹ (Root) یعنی مادہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | يَقُوْلُ | ق۔و۔ل | قولَ | کہتا، کہتے ہیں |
| ۲۔ | اٰمَنَّا | ا۔م۔ن | اَمَنَ | ایمان لائے ہم |
| ۳۔ | بِمُؤْمِنِيْنَ | ا۔م۔ن | اَمَنَ | ایمان لانے والے |
| ۴۔ | يُخٰدِعُوْنَ | خ۔د۔ع | خَدَعَ | وہ دھوکا دیتے ہیں |
| ۵۔ | اَنْفُسَهُمْ | ن۔ف۔س | نَفَسَ | جان، جانوں اپنی کو |
| ۶۔ | يَشْعُرُوْنَ | ش۔ع۔ر | شَعَرَ | وہ شعور رکھتے |
| ۷۔ | قُلُوْبِهِمْ | ق۔ل۔ب | قَلَبَ | دل، دلوں ان کے میں |
| ۸۔ | فَزَادَهُمْ | ز۔ی۔د | زَيْدَ | پس زیادہ کردی ان کی |
| ۹۔ | يُكَذِّبُوْنَ | ک۔ذ۔ب | كَذَبَ | جھٹلانا |
| ۱۰۔ | تُفْسِدُوْا | ف۔س۔د | فَسَدَ | تم فساد کرو |
| ۱۱۔ | مُصْلِحُوْنَ | ص۔ل۔ح | صَلَحَ | اصلاح کرنے والے ہیں |
| ۱۲۔ | السُّفَهَآءُ | س۔ف۔ء | سَفِأَ | بیوقوف |
| ۱۳۔ | يَعْلَمُوْنَ | ع۔ل۔م | عَمَلَ | جانتا |
| ۱۴۔ | لَقُوْا | ل۔ق۔ی | لَقِیَ | ملتا |
| ۱۵۔ | خَلَوْا | خ۔ل۔و | خَلَوَ | اکیلا |
| ۱۶۔ | شَيٰطِيْنِهِمْ | ش۔ط۔ن | شطن | شیطان |
| ۱۷۔ | مُسْتَهْزِءُ وْنَ | ھ۔ز۔ی | هَذیَ | مذاق |
| ۱۸۔ | يَمُدُّهُمْ | م۔د۔د | مَدَّدَ | کھینچنا |
| ۱۹۔ | طُغْيَانِهِمْ | ط۔غ۔ی | طَغٰی | سرکشی |
| ۲۰۔ | يَعْمَهُوْنَ | ع۔م۔ہ | عَمَهَ | بہکنا |
| ۲۱۔ | اشْتَرَوُا | ش۔ر۔و | شَرَوُ | خریدا |
| ۲۲۔ | الضَّلٰلَةَ | ض۔ل۔ل | ضَلَّلَ | گمراہ، گمراہی |
| ۲۳۔ | رَبِحَتْ | ر۔ب۔ح | رَبَّحَ | فائدہ |
| ۲۴۔ | مُهْتَدِيْنَ | ھ۔د۔ی | هُدٰی | ہدایت |
| ۲۵۔ | اسْتَوْقَدَ | و۔ق۔د | وَقَدَ | جلانا |
| ۲۶۔ | بِنُوْرِهِمْ | ن۔و۔ر | نَوَّرَ | نور |
| ۲۷۔ | تَرَكَهُمْ | ت۔ر۔ک | تَرَکَ | چھوڑنا |
| ۲۸۔ | ظُلُمٰتٍ | ظ۔ل۔م | ظُلِمَ | اندھیرا |
| ۲۹۔ | يَرْجِعُوْنَ | ر۔ج۔ع | رَجَعَ | لوٹنا |
| ۳۰۔ | كَصَيِّبٍ | ص۔و۔ب | صَوَبَ | بارش |
| ۳۱۔ | يَجْعَلُوْنَ | ج۔ع۔ل | جَعَلَ | کرنا |
| ۳۲۔ | اَصَابِعَهُمْ | ص۔ب۔ع | صَبَحَ | انگلیاں |
| ۳۳۔ | الصَّوَاعِقِ | ص۔ع۔ق | صَعَقَ | کڑک |
| ۳۴۔ | حَذَرَ | ح۔ذ۔ر | حَذَّرَ | ڈر |
| ۳۵۔ | مُحِيْطٌ | ح۔و۔ط | حَوَّطَ | گھیرنا |
| ۳۶۔ | يَخْطَفُ | خ۔ط۔ف | خَطَّفَ | اُچکنا |
| ۳۷۔ | مَّشَوْا | م۔ش۔ی | مَشِیُ | چلنا |
| ۳۸۔ | قَامُوْا | ق۔و۔م | قَوَمَ | کھڑا |

# سورۃ البقرہ سے متعلق

## اہم سوالات وجوابات

### ۱۔ منافقین کی کم از کم پانچ نشانیاں لکھیں؟

منافق وہ لوگ ہوتے ہیں جو زبان سے تو اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن دل میں کفر رکھتے ہیں۔ان کی مندرجہ ذیل نشانیاں ہیں:

۱۔ منافق کی سب سے پہلی نشانی یہ ہے کہ وہ زبان سے کچھ کہہ رہے ہوتے ہیں اور اُسی بات کو دل سے انکار کررہے ہوتے ہیں۔جیسا کہ یہ سب کے سامنے تو کہتے ہیں کہ ہم اسلام پر یقین رکھتے ہیں اور اس پر عمل پیرا بھی ہوتے ہیں،لیکن اصل میں وہ اس بات کو دل سے نہیں مانتے اور وہ اس کے انکاری ہوتے ہیں۔

۲۔ منافق کی دوسری نشانی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دیتے ہیں،یعنی کہ اپنے قول وفعل سے،اپنی حرکتوں سے،اپنے اعمال سے۔

۳۔ ان کی ایک اور نشانی یہ ہے کہ جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو وہ

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُ وْنَ(۱۴) اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ

کہاانہوں نے بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں سوائے اس کے نہیں کہ ہم مذاق کرنے والے ہیں اللہ مذاق کا جواب دیتا ہے

(تو) انہوں نے کہا (کہ) ہم تمہارے ساتھ ہیں بے شک ہم تو اُن (مسلمانوں) سے مذاق کرنے والے ہیں۔(۱۴) اللہ تعالیٰ اُن کے مذاق کا جواب دیتا ہے

بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ(۱۵) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ص

ساتھ ان کے اور وہ کھینچتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے وہ بھٹکتے ہیں یہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدا گمراہی کو بدلے ہدایت کے

اور اُن کو اُن کی سرکشی میں دھکیلتا ہے کہ وہ اُس میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔(۱۵) وہی لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کی بجائے گمراہی کو خرید لیا۔

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ(۱۶) مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ج

پس نہ فائدہ دیا تجارت ان کی اور نہ ہوئے وہ راہ پانے والے مثال ان کی مانند مثال اس شخص کی ہے جس نے جلائی آگ

تو اُن کو اُن کی تجارت نے کوئی نفع نہ دیا اور وہ تو ہدایت والے ہی نہ تھے۔ (۱۶) اُن کی مثال تو اُس شخص کی طرح ہے جس نے آگ کو روشن کیا

فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ(۱۷) صُمٌّۢ

پس البتہ جب روشن ہوا ماحول اس کا لے گیا اللہ نور اُس کا اور چھوڑ دیا اُن کو بیچ اندھیروں کے نہیں وہ دیکھ سکتے بہرے ہیں

پھر جب اُس کا ماحول اُس سے منور ہو گیا تو اللہ تعالیٰ اُن کے نور کو لے گیا اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا (کہ) وہ دیکھنے سے عاری ہیں۔(۱۷) وہ بہرے،

بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ(۱۸) اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ج

گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں لوٹ سکتے یا مانند بارش کے آسمان سے اس میں اندھیرے ہیں اور گرج اور بجلی ہے

گونگے اور اندھے ہیں۔ پس وہ واپس نہیں لوٹ سکتے۔(۱۸) یا (اُن کی مثال) جیسے بارش آسمان سے اترے جس میں اندھیرے اور کڑک اور بجلی بھی ہو

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ط وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ(۱۹) يَكَادُ

وہ کرتے ہیں انگلیاں اپنی اپنے کانوں میں کڑک سے ڈر موت کے سے اور اللہ گھیرنے والا ہے کافروں کو قریب ہے

(اور) وہ اپنی انگلیوں کو اپنے کانوں میں ٹھونستے ہیں کڑک اور موت کے خوف سے اور اللہ تعالیٰ کفار کو (خوب) گھیرے میں لینے والا ہے۔(۱۹) (بہت) قریب ہے

الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ط كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ لا وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

بجلی اُچک لے جائے آنکھیں ان کی جب کبھی روشنی ہوتی ہے ان کے لئے چلتے ہیں اس میں اور جب اندھیرا ہوتا ہے اوپر ان کے

کہ بجلی اُن کی آنکھوں کو سلب کر لے۔ (پھر) جب کبھی اُن پر روشنی ہو تو وہ اُس میں چل پڑتے ہیں اور جب اُن پر اندھیرا ہو

قَامُوْا ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ط

کھڑے ہو جاتے ہیں اور اگر چاہتا اللہ البتہ لے جاتا کان ان کے اور آنکھیں ان کی

تو کھڑے ہو جائیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اُن کی سماعت اور بصارت کو سلب کر لے (کیونکہ)

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ(۲۰)

بیشک اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے

بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔(۲۰)

آسان ترین فہمِ قرآن سلسلہ
آیئے قرآن سیکھئے

رُکوع ۲

# سورة البقره

پروفیسر محمد عظیم فاروقی
پروفیسر مسرت عظمت فاروقی
میڈم تسنیم عارفہ سعید

## متن بمعہ لفظی وبامحاورہ ترجمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

شروع کرتی/کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جورحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

---

وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّقُوۡلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَمَا هُمۡ بِمُؤۡمِنِيۡنَ(۸)

اور بعض لوگوں میں سے وہ ہے جو کہتے ہیں ایمان لائے ہم اللہ پر اور دن آخرت پر اورنہیں وہ ایمان لانے والے

اور لوگوں میں سے جو (گروہ) کہتا ہے کہ ہم اُن پر اور روزِ آخرت پر ایمان لے آئے اور وہ تو ایمان والے نہیں ہیں۔(۸)

---

يُخٰدِعُوۡنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ج وَمَا يَخۡدَعُوۡنَ اِلَّآ اَنۡفُسَهُمۡ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ(۹)

وہ دھوکا دیتے ہیں اللہ کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اورنہیں وہ دھوکا دیتے مگر جانوں اپنی کو اورنہیں وہ شعور رکھتے

اور اللہ تعالیٰ اور اہلِ ایمان کو (اپنے زعم میں) دھوکہ دیتے ہیں اور (حالانکہ) وہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور (کیونکہ) وہ شعور سے عاری ہیں۔(۹)

---

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ لا فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ج وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ لا بِمَا كَانُوۡا يَكۡذِبُوۡنَ(۱۰)

ان کے دلوں میں بیماری ہے پس زیادہ کردی ان کی اللہ نے بیماری اوران کے لئے عذاب ہے دردناک بوجہ اس کے جو تھے وہ جھٹلاتے

اُن کے دلوں میں مرض ہے تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے مرض میں زیادتی کر دی اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے کیونکہ وہ (حق کو) جھٹلاتے تھے۔(۱۰)

---

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ لَا تُفۡسِدُوۡا فِى الۡاَرۡضِ لا قَالُوۡۤا اِنَّمَا نَحۡنُ مُصۡلِحُوۡنَ(۱۱) اَلَآ اِنَّهُمۡ

اورجب کہاجاتا ہے ان کے لئے نہ تم فساد کرو زمین میں کہتے ہیں سوائے اس کے ہم اصلاح کرنے والے ہیں خبردار بے شک وہ

اور جب اُن کو کہا جاتا ہے کہ تم زمین میں فساد نہ پھیلاؤ (تو) انہوں نے کہا کہ بے شک ہم (تو) اصلاح کرنے والے ہیں۔(۱۱) خبردار! بے شک وہ

---

هُمُ الۡمُفۡسِدُوۡنَ وَ لٰكِنۡ لَّا يَشۡعُرُوۡنَ(۱۲) وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

وہی فساد کرنے والے ہیں اور لیکن نہیں وہ شعور رکھتے اورجب کہاجاتا ہے ان کے لئے ایمان لاؤ جیسا کہ ایمان لائے لوگ

ہی فسادی ہیں اور لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔(۱۲) اور جب اُن کو کہا جاتا ہے کہ ایمان لے آؤ جیسے (دوسرے) لوگ ایمان لائے

---

قَالُوۡۤا اَنُؤۡمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ط اَلَآ اِنَّهُمۡ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰـكِنۡ لَّا يَعۡلَمُوۡنَ(۱۳)

کہاانہوں نے کیا ہم ایمان لائیں جیسا کہ ایمان لائے بیوقوف خبردار بیشک وہ وہی بیوقوف ہیں اورلیکن نہیں وہ جانتے

(تو) انہوں نے کہا کہ ہم ان بیوقوفوں کی طرح ایمان لے آئیں، (حقیقت میں) خبردار! وہ خود بیوقوف ہیں اور لیکن وہ علم سے بیدل ہیں۔(۱۳)

---

وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ج وَاِذَا خَلَوۡا اِلٰى شَيٰطِيۡنِهِمۡ لا

اور جب ملتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے کہاانہوں نے ایمان لائے ہم اورجب اکیلے ہوتے ہیں طرف سرداروں اپنے کے

اور جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں (تو) انہوں نے کہا (کہ) ہم ایمان لے آئے اور جب وہ اپنے شیطانوں (حواریوں) کے ساتھ علیحدگی میں ہوتے ہیں